لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
MEMBER APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لاالہ الااللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان
جلد: 19 | ہفتہ 10 اکتوبر 2026ء 1448ھ 27 ربیع الثانی 25 اسوج صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 256
www.sehar.pk
dailysehar1@gmail.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

206. اور جب اسے اس (ظلم وفساد پر) کہا جائے کہ اللہ سے ڈرو تو اس کا غرور اسے مزید گناہ پر اکساتا ہے، پس اس کے لئے جہنم کافی ہے اور وہ یقیناً برا ٹھکانا ہے o (سورۃ البقرہ)

پاکستان اپنے برادر ملک کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے

وزیراعظم

شہباز شریف نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور سعودی عرب پر متعدد بیلسٹک میزائل حملوں کو ناکام بنانے پر سعودی افواج کو خراجِ تحسین پیش کیا

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، پاکستان سعودی عرب کے اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے جائز حق کی مکمل حمایت کرتا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودیہ کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا ایئرپورٹ کو نشانہ بنانے کی مذمت کی اور سعودی عرب پر حملوں کے نتیجے میں شہریوں کی ہلاکتوں اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پارکس اینڈ ہارٹی کلچرل اتھارٹی سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

پاکستان اور ویٹیکن کا بین المذاہب ہم آہنگی اور پرامن بقائے باہمی کے فروغ پر اتفاق

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقاتِ ریاست آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر کے درمیان ملاقات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور ویٹیکن نے بین المذاہب ہم آہنگی، باہمی احترام اور پُرامن بقائے باہمی کے فروغ کے ساتھ ساتھ سفارتی تعلقات مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار اور ہولی سی کے سیکرٹری برائے تعلقاتِ ریاست آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر کے درمیان ملاقات میں مکالمے، علاقائی و عالمی امن اور مختلف مذاہب کے درمیان افہام وتفہیم کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک کے تحت 2 روزہ 10 ویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس کا کراچی میں اختتام

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان مائیکروفنانس نیٹ ورک (پی ایم این) کے زیراہتمام 10 ویں سالانہ مائیکروفنانس کانفرنس (اے ایم سی ایکس) کراچی میں اختتام پذیر ہوگئی، جس میں حکومت، ریگولیٹرز، مالیاتی اداروں، ترقیاتی شراکت داروں اور ماہرین نے پاکستان میں مالی شمولیت کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اہم خبریں

پاکستان اور بحرین کے درمیان قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے، اسحاق ڈار

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے بحرین کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

صدرِ مملکت کا شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ، اس کے تمام اثرات دفاعی نوعیت کے ہوں گے، یہ کس طرح ہوگا؟ کون سا دستہ وہاں جائے گا؟ اسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا؟ اس کا فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں گے

مکہ معاہدہ ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کیلئے مشترکہ دفاعی قوت کا کام کریگا

ترجمان پاک فوج

خطے میں حالیہ برسوں میں نئے سیکیورٹی چیلنجز نے جنم لیا ہے۔ مکہ معاہدہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کی مشترکہ دفاعی قوت کا کام کرے گا، کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا: لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (آئی ایس پی آر) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں۔ امریکی نشریاتی ادارے کو انٹرویو دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں موجود ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا نفاذ، اس کے تمام اثرات دفاعی نوعیت کے ہوں گے، یہ کس طرح ہوگا؟ کون سا دستہ وہاں جائے گا؟ اسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا؟ اس کا فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے جرمنی کے سفیر ملاقات کرتے ہوئے

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ہولی سی کے عہدیدار پال رچرڈ گالاگر کی ملاقات

فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے رومن کیتھولک چرچ اور ویٹیکن سٹی کی مرکزی انتظامیہ ہولی سی کے سیکرٹری تعلقات برائے ریاستیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

شوہر نوٹس نہ دے تو بھی بیوی یونین کونسل کو طلاق کی اطلاع دے سکتی ہے' لاہور ہائیکورٹ

شوہر اپنی قانونی کوتاہی کا فائدہ نہیں اٹھا سکتا، عدالت نے طلاق کا مؤثر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کیخلاف درخواست خارج کردی

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ای میل کے ذریعے طلاق اور یونین کونسل کو نوٹس دینے سے متعلق اہم فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ شوہر کی جانب سے یونین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

پاکستان اور بحرین کا تجارت، توانائی اور زراعت میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر 7 اور 8 اکتوبر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا

اس دوران انہوں نے اسحاق ڈار سے دوطرفہ مذاکرات کیے، صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز سے بھی ملاقاتیں کیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور بحرین نے تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، زراعت، غذائی تحفظ، اطلاعاتی ٹیکنالوجی اور دیگر شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہر ضلع میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی قائم کرنے کی منظوری

10 اضلاع میں پی ایچ اے فنکشنل، 11 اضلاع میں بھی نئی پی ایچ اے قائم، 20 اضلاع میں پی ایچ اے کے قیام کیلئے جنوری 2027 کی ڈیڈ لائن مقرر

ہر تحصیل، شہر اور گاؤں کی سطح تک مرحلہ وار شجرکاری اور پھولدار پودے اگانے کیلئے اقدامات کی ہدایت، ہر خالی جگہ پر درخت اور پھول اگانے کا حکم

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ہر ضلع میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی قائم کرنے کی منظوری دیدی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز زیر صدارت پارکس اینڈ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم کا مولانا فضل الرحمان سے رابطہ، سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

مولانا فضل الرحمان کے ساتھ خیبر پختونخوا کی صورتحال خصوصاً پی ٹی آئی لانگ مارچ بارے گفتگو ہوئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے سربراہ جے یو آئی مولانا فضل الرحمان سے ٹیلیفونک رابطہ کیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان نے ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ذرائع کے مطابق مولانا فضل الرحمان کے ساتھ خیبر پختونخوا کی صورتحال خصوصاً پی ٹی آئی لانگ مارچ بارے گفتگو ہوئی، معاملات کو افہام وتفہیم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے

مریم نواز کا شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کیخلاف کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے شمالی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب آپریشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

سیکیورٹی فورسز کا شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک، متعدد ٹھکانے تباہ

راولپنڈی (سی ایم لنکس) سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں خفیہ معلومات پر مبنی آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد: وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ سے سویڈن کی سفیر ملاقات کررہی ہیں

پاکستان تحریک انصاف کا اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ

پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ) پاکستان تحریک انصاف نے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے رابطہ کیا پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے علی محمد خان نے ایاز صادق سے رابطہ کیا، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، وفاقی وزیر قانون وانصاف

زیر التوا مقدمات کی جلد یکسوئی کے لیے ڈیجیٹل اپیل مینجمنٹ سسٹم کو مزید فعال بنایا جائے گا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کو فوری اور سستا انصاف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزارت قانون و انصاف فیڈرل سروس ٹریبونل کو بہتر انتظامی و مالی معاونت فراہم کرے گی تا کہ زیر التوا اپیلوں کے جلد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

لاہور ہائیکورٹ نے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی، نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو جیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی پر 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف کی بہنوں کی نظر بندی اور جیل میں بنیادی سہولیات کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

وفاقی وزیر تعلیم سے پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر کی ملاقات، تعلیمی شعبہ میں باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت سید خالد مقبول صدیقی نے وفاقی وزارت تعلیم و پیشہ ورانہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

بچوں کے خون سے سودا کرنے والوں سے کیا مذاکرات کریں: دانیال چودھری

ایس ایچ او اور کانسٹیبل فرہاد شہید ہوا لیکن وزیراعلیٰ کے پی کے سر پر جوں تک نہیں رینگی

راولپنڈی (سی ایم لنکس) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات ونشریات بیرسٹر دانیال چودھری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ دہشت گردوں کی حمایت کرتا ہے، بچوں کے خون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

لاہور: مسلم لیگ ن کے صدر محمد نواز شریف سے گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی ملاقات کرتے ہوئے

مولانا اچھا کردار ادا کریں گے، ہم اب بھی مذاکرات کیلئے تیار ہیں: بیرسٹر گوہر

ہم نے بہت کوشش کی، مولانا کو اپوزیشن الائنس میں شامل کریں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پی ٹی آئی ریاست کے ساتھ کھڑی ہے

گورنر راج یا ایمرجنسی لگانا مسئلے کا حل نہیں، سہیل آفریدی نے کبھی دہشت گردوں کی حمایت میں بیان نہیں دیا

پشاور (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا امید ہے کہ مولانا فضل الرحمان مذاکرات میں اچھا کردار ادا کریں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

آئی ایم ایف شرائط پر عملدرآمد، گیس، بجلی صارفین کے لیے سلیب اور سبسڈی ختم کرنے کی تیاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کے لیے توانائی کے شعبے میں اصلاحات تیز کردی گئیں جب کہ گیس اور بجلی صارفین کے لیے موجودہ سلیب اور کراس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی کی زیر صدارت اجلاس، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام، عوام کو ریلیف دینے کے لیے سخت اقدامات کی ہدایت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، فتنہ الخوارج کے 7 دہشت گرد ہلاک

سیکورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد ہوا، فتنہ الخوارج کے متعلق ٹھکانے بھی تباہ کردیئے گئے

عزم استحکام ویژن کے تحت بیرونی حمایت یافتہ دہشت گردی کے خاتمہ تک کارروائیاں جاری رہیں گی: سیکورٹی ذرائع

پشاور (بیورو رپورٹ) سیکورٹی فورسز کی خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت فتنہ الخوارج کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

وزیراعظم شہباز شریف نے ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کیلئے پھر نامزد کردیا

غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں پاکستان نے صدر ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیا تھا، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو ایک بار پھر امن کے سب سے بڑے انعام نوبیل کے لیے نامزد کر دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر شہباز شریف نے پوسٹ شیئر کرتے ہوئے پاک بھارت جنگ کے دوران امریکی صدر کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے لکھا کہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے جنوبی ایشیا میں امن کے فروغ کے لیے تاریخی کردار ادا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

وفاقی کابینہ کی تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے تین سال کیلئے متروکہ وقف املاک بورڈ کی تشکیل نو کی منظوری دے دی۔ وزارت مذہبی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

نواز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی جاتی امراء میں ملاقات

ملکی مجموعی سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف سے گورنر سندھ محمد نہال ہاشمی نے جاتی امراء رائیونڈ میں ملاقات کی۔ جس میں ملکی مجموعی سیاسی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مسلم لیگ (ن) نے گورنر سندھ کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ سندھ کے عوام کی خدمت اور وفاق وصوبے کے درمیان روابط کے فروغ میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

بلاول بھٹو اور رانا ثنا اللہ جوڈیشل کمیشن کے رکن بن گئے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) بلاول بھٹو اور رانا ثنا اللہ جوڈیشل کمیشن کے ممبر مقرر ہوگئے جس کا نوٹیفکیشن بھی جاری کردیا گیا۔ قبل ازیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

پاکستان نے توانائی کے شعبے میں آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد تیز کردیا

گیس، بجلی میں موجودہ سلیب، کراس سبسڈی نظام ختم کرکے صرف مستحق صارفین کو ہدف بنایا جائیگا

بجلی میں نیا سبسڈی نظام جنوری 2027، گیس میں یکم جولائی سے نافذ کرنے کی تیاریاں شروع کردی گئیں

اسلام آباد/لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے توانائی کے شعبے میں عالمی مالیاتی ادارے کی شرائط پر عملدرآمد تیز کردیا، گیس اور بجلی میں موجودہ سلیب اور کراس سبسڈی نظام ختم کرکے صرف مستحق صارفین کو ہدف بنانے کی تیاری شروع ہوگئی۔ آئی ایم ایف کے مطالبے پر توانائی کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

حوثی باغیوں کے حملوں کا خدشہ، پی آئی اے نے ریاض کے لیے پروازیں عارضی طور پر معطل کردیں

اسلام آباد/لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے سبب ریاض کے لیے پروازیں عارضی طور پر معطل کردیں۔ اس فیصلے پر عمل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

مکہ معاہدے کی کمیٹی کا دفاعی تعاون کیلئے عملی اقدامات کرنے کا فیصلہ

حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، دفتر خارجہ

پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی نے دفاعی تعاون کے لیے عملی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے ہفتہ وار میڈیا بریفنگ کے دوران بتایا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں کی مذمت کی ہے، پاکستان نے 2 ستمبر کو مدینہ منورہ پر ہونے والے حملوں کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

وزیراعلیٰ کے پی نے کوئی کسر نہیں چھوڑی، بلاول بھٹو زرداری

سہیل آفریدی عمران خان سے مخلص ہیں تو انتہا پسندی کی سیاست چھوڑ دیں ورنہ خان صاحب جیل کا زرداری کا ریکارڈ بھی توڑ دینگے

انتہا پسندی کی سیاست کا سب سے زیادہ نقصان خود پی ٹی آئی کو ہو رہا ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی نے گورنر راج لگوانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، اگر مذاکرات کامیاب نہ ہوئے تو گورنر راج کے حق میں نہیں۔ اسپورٹس کمپلیکس کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ کچھ قبل دن وفاقی حکومت کے پی میں گورنر راج لگانے کے لیے تیار ہیں ہم اس کے فوری نفاذ کے حق میں نہیں، گورنر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

چیف جسٹس پاکستان کی بار نمائندگان سے مشاورتی نشست، ڈیجیٹل عدالتی اصلاحات پر بریفنگ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا دورہ کیا اور بار نمائندگان کے ساتھ مشاورتی نشست کی۔ چیف جسٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی بھرپور تیاری ہے' گورنر پنجاب

چیئرمین کی ہدایت پر یونینز، وارڈز کی سطح پر تنظیم سازی تیز کرنیکی ہدایت کی ہے' سردار سلیم حیدر

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ بلدیاتی الیکشن کے حوالے سے پیپلز پارٹی کی بھرپور تیاری ہے، بلدیاتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کو ابھرنے کا بہترین موقع ملے گا، اگر پیپلز پارٹی کا ورکر بھرپور محنت کرے تو پیپلز پارٹی پنجاب میں بحال ہو سکتی ہے۔ نجی ٹی وی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

سرمایہ کاری اور روزگار کے فروغ کیلئے سیاسی استحکام ضروری ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

احتجاج کے باعث کاروباری سرگرمیاں اور بچوں کی تعلیم متاثر نہیں ہونی چاہیے

بین الاقوامی کاروباری روابط کو وسعت دینا اور سرمایہ کاروں کیلئے سازگار ماحول فراہم کرنا معاشی ترقی کیلئے اہم ہے

لاہور (پارلیمانی رپورٹر) سرمایہ کاری اور روزگار کے فروغ کیلئے سیاسی استحکام ضروری ہے، احتجاج کے باعث کاروباری سرگرمیاں اور بچوں کی تعلیم متاثر نہیں ہونی چاہیے، ان خیالات کا اظہار سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے 26 ویں بین الاقوامی پولٹری نمائش (آئی پیکس 2026) کے موقع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد: چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

Shehar Shehar Nagar Nagar

شہر شہر، نگر نگر

اساتذہ کرام کی عزت وتکریم ہی ترقی وکامیابی کی ضمانت ہے میاں شہزاد منور

پتوکی (نمائندہ خصوصی کامران خانزادہ) پنجاب ٹیچرز یونین ضلع قصور کے صدر میاں شہزاد منور نے کہا ہے کہ اساتذہ کرام کسی بھی معاشرے کی ترقی اور کامیابی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اس لیے اساتذہ کی عزت وتکریم معاشی تحفظ اور بہتر سہولیات ہی تعلیمی نظام کی بہتری کی ضمانت ہیں انہوں نے کہا کہ دنیا کے مختلف ممالک میں اساتذہ کرام کو عزت واحترام کے ساتھ ساتھ مناسب تنخواہیں اور دیگر سہولیات فراہم کی جاتی ہیں تا کہ وہ معاشی پریشانیوں سے آزاد ہو کر اپنی تمام تر توجہ تدریسی ذمہ داریوں پر مرکوز رکھ سکیں اور نونہالان وطن کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کا فریضہ مزید دلجمعی سے انجام دیں میاں شہزاد منور نے کہا کہ پاکستان میں اساتذہ کرام کو موجودہ شدید مہنگائی کے دور میں متعدد معاشی مشکلات کا سامنا ہے ضروریات زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث اساتذہ کے لیے اپنے گھریلو معاملات (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 5)

سردار سرجیت سنگھ کنول کو متروکہ وقف املاک بورڈ (ETPB) کا ممبر مقرر کیے جانے پر سکھ برادری، سکھ سنگت پاکستان، سول سوسائٹی اور سماجی تنظیموں کا خوشی کا اظہار

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب کی معروف سماجی شخصیت اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سکھ رہنما سردار سرجیت سنگھ کنول کو متروکہ وقف املاک بورڈ (ETPB) کا ممبر مقرر کیے جانے پر سکھ برادری، سکھ سنگت پاکستان، سول سوسائٹی اور سماجی تنظیموں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں مبارک باد پیش کی ہے۔ سماجی حلقوں کے نمائندگان نے امید ظاہر کی کہ سردار سرجیت سنگھ کنول اپنی نئی ذمہ داری احسن انداز میں نبھاتے ہوئے اقلیتی برادری کے مسائل اجاگر کرنے، مذہبی مقامات کے تحفظ اور سکھ برادری کے جائز حقوق کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ان کی تقرری مذہبی ورثے کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔ صدر پریس کلب ننکانہ صاحب چوہدری افضل حق خاں، جنرل سیکرٹری آصف علی بھٹی ایڈووکیٹ اور صحافتی حلقوں نے بھی سردار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 6)

گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور اور سائبر سکیورٹی زون کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور اور سائبر سکیورٹی زون کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط دی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور اور سائبر سکیورٹی زون کے مابین سائبر سکیورٹی، ریسرچ، تربیت، مہارتوں کے فروغ اور انڈسٹری اکیڈیمیا روابط کو مضبوط بنانے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ مفاہمتی یادداشت پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم اور چیف ایگزیکٹو آفیسر سائبر سکیورٹی زون محمد اسد الرحمٰن نے دستخط کیے۔ معاہدے کے تحت دونوں ادارے مشترکہ تربیتی پروگرامز، سائبر سکیورٹی آگاہی، ریسرچ و نالج شیئرنگ، تکنیکی تعاون اور طالبات کی عملی و پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ اس اشتراک کا مقصد طالبات کو جدید ڈیجیٹل تقاضوں سے ہم آہنگ مہارتیں فراہم کرنا اور تعلیمی ادارے و صنعت کے درمیان مؤثر روابط کو فروغ دینا ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم نے کہا کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں سائبر سکیورٹی تعلیمی اداروں، صنعت اور معاشرے کے لیے اہم ضرورت بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی طالبات کو معیاری تعلیم کے ساتھ عملی مہارتیں اور پیشہ ورانہ مواقع فراہم کرنے کے لیے ٹیکنالوجی اور انڈسٹری سے روابط کو مزید مضبوط بنا رہی ہے۔ انہوں نے اس مفاہمت کو طالبات کے لیے سائبر سکیورٹی اور جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں نئے مواقع پیدا کرنے کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا۔ محمد اسد الرحمٰن نے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 9)

ساہیوال میں گرین الیکٹرک بس سروس کی توسیع کا مطالبہ زور پکڑ گیا ہڑپہ اسٹیشن اور نائی والا بنگلہ چوک L-9/138 کے عوام محروم کیوں؟

ہڑپہ (منیر ساجد ارائیں سے) ساہیوال میں گرین الیکٹرک بس سروس کے ذریعے شہریوں کو جدید، آرام دہ اور ماحول دوست سفری سہولیات فراہم کرنے کے اقدامات کے دوران ہڑپہ اسٹیشن نائی والا بنگلہ چوک L-9/138 اور گردونواح کے دیگر اہم اڈوں تک بس سروس کی فراہمی کا مطالبہ زور پکڑنے لگا ہے ساہیوال کے دیگر علاقوں میں الیکٹرک بس سروس شروع ہونے کے بعد ان علاقوں کے شہریوں میں بھی یہ امید پیدا ہوئی تھی کہ انہیں جدید سفری سہولت میسر آئے گی، تاہم تاحال ان کے مطلوبہ روٹس پر سروس کی فراہمی کے حوالے سے صورتِ حال واضح نہ ہونے کے باعث عوامی و سماجی حلقوں میں تشویش پائی جاتی ہے عوامی حلقوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر جدید سفری سہولیات کا مقصد زیادہ سے زیادہ شہریوں کو فائدہ پہنچانا ہے تو پھر ہڑپہ اسٹیشن نائی والا بنگلہ چوک L-9/138 اور ملحقہ آبادیوں کو بھی اس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 26)

معمولی تنازعات پر عدم برداشت معاشرے کو تباہی کی طرف دھکیل رہی ہے، رائے خالد سرور ایڈووکیٹ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ +ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ) اوکاڑہ معروف قانون دان رائے خالد سرور ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ معمولی معمولی تنازعات پر بڑھتی ہوئی عدم برداشت پاکستانی معاشرے کو تباہی کی طرف دھکیل رہی ہے۔ اوکاڑہ میں گزشتہ روز 200 روپے کے کیلوں کے تنازع پر سعودی عرب سے واپس آنے والے نوجوان عبدالرحمان کا قتل اس افسوسناک صورتِ حال کی واضح مثال ہے۔ انہوں نے کہا کہ معمولی باتوں پر غصہ، ضد اور تشدد اختیار کرنا معاشرتی اقدار کے زوال کی علامت ہے۔ اختلافات کو برداشت، صبر اور گفت و شنید کے ذریعے حل کرنا چاہیے، نہ کہ قانون ہاتھ میں لے کر قیمتی انسانی جانیں ضائع کی جائیں۔ رائے خالد سرور ایڈووکیٹ نے کہا کہ والدین، اساتذہ، علما اور معاشرتی رہنماؤں کو (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 25)

کاشتکاروں کو تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کا گندم کا بیج بروقت فراہم کیا جائے تاکہ گندم کی بروقت کاشت، فصل کے بہتر ابتدائی نشوونما ہو سکے، اکٹر طاہر جاوید

ساہیوال (منیر ساجد ارائیں سے) ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید نے اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر محمد اسلم، سیڈ اینالسٹ محمد اشفاق، ایف ایس سی اینڈ آر ڈی ساہیوال، اور دیگر فیلڈ افسران کے ہمراہ پنجاب سیڈ کارپوریشن ساہیوال کا دورہ کیا دورے کا مقصد آئندہ گندم کی کاشت کے سیزن کے لیے معیاری گندم کے بیج کی دستیابی اور فراہمی کے انتظامات کا جائزہ لینا تھا اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ڈاکٹر طاہر جاوید نے کہا کہ کاشتکاروں کو تصدیق شدہ اور اعلیٰ معیار کا گندم کا بیج بروقت فراہم کیا جائے تاکہ گندم کی بروقت کاشت، فصل کے بہتر ابتدائی نشوونما اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کو یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ اقدامات حکومتِ پنجاب کے گندم کی پیداوار بڑھانے اور ملک میں غذائی تحفظ کو یقینی بنانے کے وژن کے مطابق ہیں۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن، محکمہ ماحولیات اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد

ساہیوال (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن، محکمہ ماحولیات اور پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، ایڈیشنل ڈائریکٹر فوڈ اتھارٹی عثمان امین، ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات عروشہ مقبول، ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن سفیان آصف اعوان، ڈپٹی ڈائریکٹر اوکاڑہ اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 22)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور ڈپٹی کمشنر کی ہدایات کے مطابق شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن اور ڈپٹی کمشنر کی ہدایات کے مطابق شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن جاری، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر تحصیل بازار میں تجاوزات کے خلاف خصوصی آپریشن کیا گیا، جس کے دوران دکانوں کے باہر عوامی گزرگاہوں پر رکھا گیا مختلف تجاوزاتی سامان قبضے میں لے لیا گیا۔ انچارج پیرا فورس سیالکوٹ ناصر محمود چچہ کی نگرانی میں پیرا فورس کے اہلکاروں نے تحصیل بازار میں کارروائی کرتے ہوئے دکانوں کے باہر قائم عارضی کاؤنٹرز، سامان اور دیگر تجاوزاتی اشیاء کو ہٹا کر ضبط کر لیا۔ آپریشن کا مقصد شہریوں کے لیے بازار میں آمدورفت کو آسان بنانا اور عوامی گزرگاہوں کو تجاوزات سے پاک رکھنا ہے۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 1)

ڈاکوؤں نے نوجوان سے 35 ہزار روپے کی نقدی چھین لی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) دو موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے نوجوان سے 35 ہزار روپے کی نقدی چھین لی، سیاسی سماجی شخصیت حامد نواز چیمہ نواحی گاؤں L-9/A-164 کے علاقے اڈا 9 ایل میں اپنے رقبہ پر موجود تھے کہ اچانک دو مسلح ڈاکو آ گئے اور جان سے مار دینے کی دھمکی دے کر حامد نواز چیمہ سے 35 ہزار روپے کی نقدی چھین کر فرار ہو گئے، پولیس مصروف تفتیش ہے۔

ٹریفک حادثہ میں نوجوان سائیکل سوار جاں بحق

عارف والہ (کرائم رپورٹر) ٹریفک حادثہ میں نوجوان سائیکل سوار جاں بحق، ریسکیو ذرائع، تفصیل کے مطابق، عارف والہ سے قبولہ روڈ پر جامعہ اسلامیہ سٹاپ کے قریب ٹریکٹر ٹرالی نے سائیکل سوار کو کچل دیا، متوفی کی شناخت حبیب الرحمٰن (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 4)

دو مسلح ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر سیلز مین سے لاکھوں روپے کی نقدی چھین لی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) دو مسلح ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر سیلز مین سے لاکھوں روپے کی نقدی چھین لی، کمالیہ شہر بلال گنج ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ کا رہائشی محمد عمران لوڈر رکشہ پر انڈے سپلائی کرنے کا کام کرتا ہے، گزشتہ روز وہ انڈوں کی سپلائی کرنے کسووال آیا، واپسی پر اصطبل روڈ بائی پاس کسووال کے قریب دو مسلح ڈاکوؤں نے اسے زبردستی روک (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 7)

نامعلوم افراد نے پیزا ڈیلیوری بوائے سے زبردستی موٹر سائیکل، نقدی، موبائل فون چھین لیا

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) نامعلوم افراد نے پیزا ڈیلیوری بوائے سے زبردستی موٹر سائیکل، نقدی، موبائل فون چھین لیا، مزاحمت پر تشدد کا نشانہ بنایا، نواحی گاؤں L-12/46 میں سلمان شاہد کی پیزا شاپ پر کسی نے ٹیلی فون کر کے پیزا کا آرڈر دیا جب ڈیلیوری بوائے پیزا دینے کیلئے گیا تو مبینہ طور پر وہاں پر موجود نامعلوم افراد نے اس (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 8)

انتہائی دردناک واقعہ، کمسن بچہ گھر کے سامنے نہر میں گر کر جاں بحق

عارف والہ (کرائم رپورٹر) انتہائی درد ناک واقعہ، کمسن بچہ گھر کے سامنے نہر میں گر کر جاں بحق، ریسکیو ذرائع، عارف والہ ہوتہ روڈ پر چک نمبر 11 جوگی ہانس کے قریب گھر کے سامنے گزرنے والی راجباہ میں 4 سالہ معصوم بچہ محمد آیان ولد اعظم گر گیا، ریسکیو ٹیم نے فوری طور پر موقع پر پہنچ کر 10 منٹ کے ریسکیو آپریشن کے بعد بچے کو نکال لیا، لیکن وہ دم توڑ چکا تھا۔

حسن سردار کمبوہ مرحوم کی 6 ویں برسی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ ان کی رہائش گاہ پر منائی گئی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) سابق صدر چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری فیاض حسن کمبوہ، جنرل سیکرٹری چوہدری شہباز حسن کمبوہ کے ماموں زاد بھائی، سابق وائس چیئرمین چوہدری افتخار احمد کمبوہ مرحوم کے صاحبزادے حسن سردار کمبوہ مرحوم کی 6 ویں برسی نہایت عقیدت واحترام کے ساتھ ان کی رہائش گاہ پر منائی گئی، جس میں پیر سید اطہر حسین شاہ، سابق صدر چیچہ وطنی پریس کلب رجسٹرڈ چوہدری فیاض حسن کمبوہ، جنرل سیکرٹری چوہدری شہباز حسن کمبوہ، چوہدری ابرار احمد کمبوہ، چوہدری ساجد کمبوہ، چوہدری اسد کمبوہ، چوہدری بابا گلو کمبوہ، چوہدری حسنین کمبوہ سمیت عزیز و اقارب اور کمبوہ برادری کی کثیر تعداد نے شرکت کی، مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی ہوئی اور پیر سید اطہر حسین شاہ نے مرحوم کے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کروائی۔

نوازشوں کو پورا کرو

اوکاڑہ 200 روپے کے تنازعہ پر نوجوان کے قتل کے خلاف ورثاء احتجاج کرتے ہوئے

انجمن تاجران بیسمنٹ سیٹھی پلازہ کے انتخابات میں عرفان میر صدر منتخب

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انجمن تاجران بیسمنٹ سیٹھی پلازہ کے انتخابات میں عرفان میر صدر منتخب ممبران الیکشن کمیشن انجمن تاجران بیسمنٹ سیٹھی پلازہ محمد وقاص بٹ، علی حسن، عظیم اکرم پلا، ناصر شمیم لودھی، عامر وحید کے جاری کردہ رزلٹ کے مطابق عرفان لطیف میر صدر منتخب ہو گئے۔ جبکہ ان کے مدمقابل عمار علی بٹ دوسرے نمبر پر رہے اسی طرح خرم بھٹی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے جبکہ ان کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 24)

اے سی سمبڑیال کا گورنمنٹ ماڈل گرلز سکول کوٹلی نوناں کا دورہ

سمبڑیال (تحصیل رپورٹر شمع فردوس) اسسٹنٹ کمشنر عدنان بشیر وڑائچ نے گورنمنٹ ماڈل گرلز سکول کوٹلی نوناں کا دورہ کیا اور سکول میں دستیاب تدریسی و تعلیمی سہولیات طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا اسسٹنٹ کمشنر نے سکول کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی ماحول صفائی ستھرائی حاضری (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 23)

کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے جمعۃ المبارک کے موقع پر جامعہ مسجد سرداراں اقبال سرگودھا روڈ چنیوٹ میں کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں ایس ایچ او تھانہ سٹی، انچارج کمپلینٹ سیل، دیگر پولیس افسران اور نمازیوں کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ڈی پی او ڈاکٹر نوید عاطف نے شہریوں کے مسائل سنے، مسائل کے حل کی یقین دہانی کروائی۔ ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو دادرسی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ کمپلینٹ سیل کو درخواستوں کی دادرسی یقینی بنوا کر فالو اپ رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ڈی پی او نے پنجاب پولیس کی مختلف سروسز سے متعلق شرکاء کو بریفنگ دی۔ ڈی پی او نے شہریوں کو نئے ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی دی، شہریوں کو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ ڈی پی او نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مسجد میں کھلی کچہری لگانا حضرت محمد ﷺ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 21)

ضمنی انتخابات کیلئے 10 امیدواران نے اپنے اپنے کاغذات نامزدگی ریٹرننگ آفیسر ساہیوال خداداد تارڑ کے پاس جمع کروا دیئے

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) چیچہ وطنی کے حلقہ پی پی 203 میں ہونے والے ضمنی انتخابات کیلئے 10 امیدواران نے اپنے اپنے کاغذات نامزدگی ریٹرننگ آفیسر ساہیوال خداداد تارڑ کے پاس جمع کروا دیئے، کاغذات نامزدگی جمع کروانے والوں میں سابق ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری محمد ارشد جٹ، چوہدری محمد اسد حنیف جٹ، چوہدری شعیب رحیم وتھرا، محمد اویس محمود، وحید حسین، محمد بدر نثار، محمد عمیر بشیر بٹ، سید علی حسین نقوی، محمد آصف، محمد فرحان شامل ہیں، نامزد کیے گئے امیدواروں کے ناموں کی ابتدائی لسٹ 4 اکتوبر 2026 آویزاں کی جائے گی، ریٹرننگ آفیسر کی جانب سے کاغذاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال (اسکروٹنی) کی آخری تاریخ 8 اکتوبر 2026 مقرر کی گئی ہے، کاغذاتِ نامزدگی منظور یا مسترد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 2)

نمبردار ایسوسی ایشن بہاولنگر کے وفد کی اے ڈی سی ریونیو سے ملاقات

بہاولنگر (بیورو چیف جنوبی پنجاب رانا محمد اشرف سے) نمبردار ایسوسی ایشن بہاولنگر کے وفد کی اے ڈی سی ریونیو سے ملاقات نمبردار ایسوسی ایشن بہاولنگر کے وفد کی اے ڈی سی ریونیو سید محمد ایوب بخاری سے ملاقات بہاولنگر: نمبردار ایسوسی ایشن بہاولنگر کے ایک نمائندہ وفد نے ایسوسی ایشن کے صدر اور کوٹ فتح محمد شاہ کے نمبردار میاں محمد یاسین جنجر کی قیادت میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) بہاولنگر سید محمد ایوب بخاری سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران نمبرداری نظام کو مزید مؤثر بنانے، محکمانہ وصولیوں میں نمبرداروں کے کردار، سرکاری امور میں نمبرداروں کو درپیش مشکلات اور دیگر اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کو نمبرداروں کو روزمرہ امور کی انجام دہی کے دوران پیش آنے والے مختلف مسائل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر نمبرداروں کی ذمہ داریوں، محکمہ مال کے ساتھ ان کے رابطہ کار کردار اور دیہی سطح پر سرکاری معاملات میں نمبرداری نظام کی اہمیت پر بھی گفتگو کی گئی۔ میاں محمد (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 3)

اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی کامیاب ٹریپ ریڈ کارروائی رشوت لیتے ہوئے دو اہلکار رنگے ہاتھوں گرفتار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) سرکل آفیسر اینٹی کرپشن رانا مبشر علی کی زیر نگرانی اینٹی کرپشن سیالکوٹ کی ٹیم نے کامیاب ٹریپ ریڈ کرتے ہوئے ستھرا پنجاب پروگرام کے دو اہلکاروں کو مبلغ 8000 روپے بطور رشوت وصول کرتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گرفتار ہونے والے اہلکاروں میں ملک عامر سپروائزر ستھرا پنجاب ماجد مسیح ہیلپر ستھرا پنجاب یونین نونسل ڈالوکی سیالکوٹ شامل ہیں مدعی مقدمہ جو خود ستھرا پنجاب پروگرام میں بطور ورکر کام کرتا ہے نے الزام عائد کیا کہ متعلقہ سپروائزر ہر ماہ ورکرز کی تنخواہوں سے زبردستی رقم بطور رشوت وصول کرتا ہے مدعی کی شکایت پر اینٹی کرپشن سیالکوٹ نے کارروائی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 10)

وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے چوتھے مرحلے کے بل کی ادائیگی کا عمل شروع ہو رہا ہے، ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

بہاول پور (محمد اسد بھٹہ سے) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کے چوتھے مرحلے کے بل کی ادائیگی کا عمل شروع ہو رہا ہے۔ اس ضمن میں تمام کسان کارڈ ہولڈرز کو استعمال شدہ رقم کے بل کی ادائیگی کا میسج 15 اکتوبر 2026 کو موصول ہو جائے گا۔ کاشتکار اپنے ذمہ واجب الادا کسان کارڈ کے بل کی 26 اکتوبر 2026 تک ادائیگی یقینی بنائیں اور بذریعہ قرعہ اندازی بیش قیمت انعامات جیتنے کا موقع پائیں۔ قرعہ اندازی کے ذریعے کاشتکاروں کو ٹریکٹرز، موبائل فونز اور موٹر سائیکل کے انعامات دیئے جائیں گے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کسان کارڈ کے بل کی ادائیگی کے بعد 48 گھنٹے کے اندر کاشتکار کو اگلے بلا سود زرعی قرضہ کی رقم اُن کے کسان کارڈ میں کریڈٹ کر دی جاتی ہے۔ کسان کارڈ بل کی ادائیگی قریبی بینک آف پنجاب کی برانچ، انٹر بینک ٹرانسفر یا راست آئی ڈی کے ذریعے بھی کی جا سکتی ہے۔

شیخوپورہ کی ماڈل کورٹس کی شاندار کارکردگی، سات ماہ میں 1100 مقدمات کے فیصلے

شیخوپورہ (کورٹ رپورٹر رانا ثناء اللہ سے) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ محترمہ عالیہ نیلم کی ہدایات پر قائم ماڈل کورٹس کے مثبت نتائج سامنے آنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج شیخوپورہ، مہر عابد حسین کی سربراہی میں ماڈل کورٹس کے ججز نے رواں سال کے پہلے سات ماہ کے دوران مقدمات کے فیصلوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ دستیاب اعداد و شمار کے مطابق ماڈل کورٹ کے سول جج فسٹ کلاس آصف علی نے 404 مقدمات، ماڈل ٹرائل کورٹ کے جج ملک تنویر احمد اعوان نے قتل کے 50 مقدمات جبکہ جوڈیشل مجسٹریٹ قمر عباس تارڑ نے 646 مقدمات کے فیصلے صادر کیے ہیں۔ سول جج آصف علی کی عدالت نے معمول کے مقدمات کے ساتھ عرصہ دراز سے زیر سماعت دیوانی مقدمات بھی نمٹائے۔ ان میں جائیداد کے ایسے مقدمات بھی شامل ہیں جو کئی دہائیوں سے مختلف عدالتوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 13)

اوکاڑہ میں 200 روپے کے تنازعے پر نوجوان عبدالرحمٰن کے قتل کے خلاف ورثاء کا تھانہ اے ڈویژن کے سامنے لاش رکھ کر احتجاج، اصل ملزم تاحال گرفتار نہ ہو سکا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ میں 200 روپے کے تنازعے پر نوجوان عبدالرحمٰن کے قتل کے خلاف ورثاء کا تھانہ اے ڈویژن کے سامنے لاش رکھ کر احتجاج، اصل ملزم تاحال گرفتار نہ ہو سکا، ورثاء کا انصاف کا مطالبہ۔ اوکاڑہ کے علاقے سیٹھ کالونی میں علی رضا ہوٹل کے قریب 200 روپے کے معمولی تنازعے پر نوجوان عبدالرحمٰن کو چھریوں کے وار کر کے قتل کر دیا گیا۔ افسوسناک واقعے کے بعد مقتول کے ورثاء نے تھانہ اے ڈویژن کے سامنے لاش رکھ کر احتجاج کیا اور اصل ملزم کی عدم گرفتاری پر شدید (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 20)

پنجاب فارسٹ ٹرانزٹ رولز اور پنجاب فارسٹ ڈپو رولز پر انتہائی سختی سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے، ترجمان محکمہ جنگلات

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) ترجمان محکمہ جنگلات نے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق اور سیکرٹری جنگلات کی ہدایات کی روشنی میں چیچہ وطنی فارسٹ ڈویژن میں فارسٹ ایکٹ، پنجاب فارسٹ ٹرانزٹ رولز اور پنجاب فارسٹ ڈپو رولز پر انتہائی سختی سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے، ان قوانین کے نفاذ کے دوران جنگلات کو نقصان پہنچانے والے عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں، محکمہ جنگلات کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 19)

توجہ برائے نمائندگان نیوز ایجنٹ

نہ ملنے یا لیٹ ملنے کی صورت میں ہمارے فارورڈنگ ایجنٹ شعیب چودھری سے رابطہ کریں

0331-4667648
0321-4618852

MEMBER APNS
ABC CERTIFIED
روزنامہ
سحر

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو ایمبولینس	1122
پولیس ہیلپ لائن	15
ایدھی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
بم ڈسپوزل	99212111
موٹر وے پولیس	130
پنجاب ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213103
پولیس شکایات	99202881
واپڈا شکایات سنٹر	111-000-118
سوئی گیس شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو سی ایچ ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
فاطمید بلڈ بینک	35863950
ایدھی / بلڈ بینک	35417440

مذاکراتی عمل ان کی مثبت اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار سوچ کا عکاس ہے، مولانا غلام نبی معصومی

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) حکومت کا اپوزیشن کے ساتھ مذاکراتی عمل ریاست کے سیاسی، اقتصادی، دفاعی اور معاشی نظام کے استحکام کے لیے سنگ میل ثابت ہوگا ملک میں امن وامان اور قومی سلامتی کے لیے اپوزیشن کی طرف سے مذاکراتی عمل ان کی مثبت اور جذبہ حب الوطنی سے سرشار سوچ کا عکاس ہے، ان خیالات کا اظہار جمعیت علمائے پاکستان ساہیوال ڈویژن کے صدر مولانا غلام نبی معصومی نے جامع مسجد حضرت امام زین العابدین رضا ٹاؤن میں خادمین جمعیت علمائے پاکستان سے خطاب کرتے ہوئے کیا، انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ سیاسی قیدیوں کو فی الفور رہا کر دیا جائے اور ان پر من گھڑت مقدمات ختم کر کے پاکستان میں جمہوری پارلیمانی نظام کو مستحکم کیا جائے، پاکستان میں موجود سیاسی جماعتوں کی قیادت کو ہراساں نہ کیا جائے بلکہ انہیں آزادی اظہار کا آئینی اور قانونی حق دیا جائے تا کہ ریاست سیاسی بحران سے محفوظ رہے، آخر میں انہوں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 18)

بینکار اپنے لئے بھی وقت نکالیں بینکوں میں جاری مسابقت نے بینکار کی صحت کو مجموعی طور پر متاثر کیا ہے، چوہدری واجد علی ساہی

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) بینکار اپنے لئے بھی وقت نکالیں بینکوں میں جاری مسابقت نے بینکار کی صحت کو مجموعی طور پر متاثر کیا ہے ان خیالات کا اظہار چیف مینیجر نیشنل بینک چوہدری واجد علی ساہی نے معروف بینکار تنظیم ڈسکہ بینکرز کلب کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ سب سے مشکل ملازمت مینیجر کی جو تمام معاملات کا جوابدہ ہے اس موقع پر سینئر بینکار چوہدری محمود صادق چیمہ نے نو منتخب چیئرمین محمد ندیم سینئر وائس چیئرمین عمران ریاض صدر حافظ شبیر حسین سینئر نائب صدر فیصل خاں درانی نائب صدر مرزا عمران خالد جنرل سیکرٹری حافظ محمد خلیل فنانس سیکرٹری عاصم محمود بٹ جوائنٹ سیکرٹری یاسر چیمہ اور ناصر حسین علوی سے سیکرٹری اطلاعات کا حلف لیا، نو منتخب صدر حافظ شبیر حسین مغل نے اپنے خطاب میں کہا کہ ڈسکہ بینکرز کلب کو پاکستان کی فعال ترین بینکار تنظیم ہونے کا اعزاز حاصل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 17)

مرزا سکندر حیات ایڈووکیٹ کے نئے پٹرول پمپ کا شاندار افتتاح سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم سید اسد علی شاہ گیلانی نے کیا سیاسی سماجی اور صحافتی شخصیات کی خصوصی شرکت

مرزا سکندر حیات ایڈووکیٹ کے نئے پٹرول پمپ کا شاندار افتتاح سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم سید اسد علی شاہ گیلانی نے کیا سیاسی سماجی اور صحافتی شخصیات کی خصوصی شرکت

حجرہ شاہ مقیم (الٰہی بخش ڈولہ) مرزا سکندر حیات ایڈووکیٹ کے نئے پٹرول پمپ کا شاندار افتتاح سجادہ نشین حجرہ شاہ مقیم سید اسد علی شاہ گیلانی نے کیا سیاسی سماجی اور صحافتی شخصیات کی خصوصی شرکت تفصیلات کے مطابق مرزا سکندر حیات ایڈووکیٹ کے ڈھلیانہ روڈ حجرہ شاہ مقیم پر قائم نئے پٹرول پمپ کا افتتاح سجادہ نشین سید اسد علی شاہ گیلانی نے کیا افتتاحی تقریب میں علاقے کی نامور سیاسی سماجی اور صحافتی شخصیات سمیت معززین علاقہ نے خصوصی شرکت کی اور نئے کاروباری منصوبے کے آغاز پر مرزا سکندر حیات ایڈووکیٹ کو مبارکباد پیش کی تقریب میں چیئرمین عوامی پریس کلب حجرہ محمد سرور اٹھوال اور صدر عوامی پریس کلب

اللہ والی سرکار کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر حامد نواز چیمہ کی سربراہی میں کبڈی کے شاندار ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر، نامہ نگار) نواحی گاؤں 164A/9 ایل اڈا 68 موڑ پر اللہ والی سرکار کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر حامد نواز چیمہ کی سربراہی میں کبڈی کے شاندار ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں چوہدری محمد افضل گجر صدر سبزی اینڈ فروٹ منڈی ایسوسی ایشن اور رانا زبیر اللہ انٹرنیشنل پلیئر کبڈی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، کبڈی کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلوں سے شائقین نے خوب لطف اٹھایا اور کھلاڑیوں کی بہترین کارکردگی کو بھرپور داد دی، اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا کہ کبڈی ہمارا روایتی اور ثقافتی کھیل ہے جو نہ صرف جسمانی صحت اور تندرستی کے لئے مفید ہے بلکہ نوجوانوں میں نظم وضبط برداشت اور مثبت سرگرمیوں کو بھی فروغ دیتا ہے، ایسے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد ہماری ثقافتی روایات کو زندہ رکھنے اور نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

اوکاڑہ ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی احمد سلیم چشتی کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، صفائی انتظامات کا جائزہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات پر ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی احمد سلیم چشتی نے شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا دورے کے دوران ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی نے شہر میں جاری صفائی آپریشنز، صفائی عملے کی کارکردگی اور فیلڈ میں کیے جانے والے اقدامات کا معائنہ کیا انہوں نے متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ شہری اور تجارتی علاقوں میں صفائی کا معیار برقرار رکھا جائے اور صفائی آپریشنز میں تسلسل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے ایم ڈی احمد سلیم چشتی نے ہدایت کی کہ تحصیل بھر کے تمام علاقوں میں صفائی آپریشنز بلا تعطل جاری رکھے جائیں اور شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے صفائی کے انتظامات کو مزید مؤثر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 11)

اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر محکمہ ماحولیات نے ضلع بھر میں اسموگ کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر محکمہ ماحولیات نے ضلع بھر میں اسموگ کا باعث بننے والے عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا ہے۔ اس سلسلہ میں کارروائیوں کے دوران ماحولیاتی قوانین کی خلاف ورزی پر 3 اینٹوں کے بھٹوں اور 1 رائس مل کو مجموعی طور پر 4 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ پلاسٹک بیگز فروخت کرنے والی شاپس کی چیکنگ کے دوران 100 کلوگرام غیر معیاری اور ممنوعہ پلاسٹک قبضے میں لے لیا گیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات محمد جہانتاب اختر نے کہا کہ اسموگ کا سبب بننے والے انڈسٹریل یونٹس، اینٹوں کے بھٹوں، دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور غیر معیاری پلاسٹک بیگ فروخت کرنے والی شاپس کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی زندگیوں اور عوامی صحت سے کھیلنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی اور اسموگ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 12)

صابری دربار کلس شریف میں پیر طریقت حضرت پیر سیدن شاہ صابری اور پیر گلزار حسین شاہ صابری کے سالانہ عرس کی دو روزہ تقریبات 10 اکتوبر سے شروع ہوں گی

بھیرہ (تحصیل رپورٹر فرحان ظفر بھٹی) صابری دربار کلس شریف میں پیر طریقت حضرت پیر سیدن شاہ صابری اور پیر گلزار حسین شاہ صابری کے سالانہ عرس کی دو روزہ تقریبات 10 اکتوبر سے شروع ہوں گی۔ تقریبات کی صدارت رہبرِ شریعت وسجادہ نشین صابری دربار کلس شریف پیر شمیم صابر صابری کریں گے یہ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا بھیرہ پریس کلب کے ممبران سے۔ عرس کی تقریبات کے دوران تلاوتِ قرآن پاک، نعت خوانی، پرچم کشائی اور 11 اکتوبر کو علمائے کرام کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 14)

اوکاڑہ محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات پر پٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات پر پٹرول پمپس کے خلاف کارروائیاں، 9 ایل پی جی شاپس اور 2 پٹرول پمپس سیل، ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک کی ہدایت پر عوامی تحفظ یقینی بنانے اور حادثات کی روک تھام کے لیے سول ڈیفنس آفیسر عدنان قیصر کی زیر نگرانی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور فائر سیفٹی کے ناقص انتظامات والے پٹرول پمپس کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ قوائد و ضوابط کی خلاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 15)

ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر قیادت گجرات پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

گجرات + لالہ موسیٰ (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی + محمد شہزاد دلبر) ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر قیادت گجرات پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں تھانہ لاری اڈا پولیس نے پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس اور ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ہمراہ مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے خاتون سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 16)

SECURITY HONESTY
GUJRAT POLICE
District Police Gujrat

مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
Daily SEHAR
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

یونین کونسل ملکہ ہانس میں خواتین معزور افراد اور بچوں کے ب فارم بنانے کے لیے نادرا میلہ لگایا گیا

پاکپتن (نامہ نگار) یونین کونسل ملکہ ہانس میں خواتین معزور افراد اور بچوں کے ب فارم بنانے کے لیے نادرا میلہ لگایا گیا، میلے کے آرگنائز غلام نبی ڈھڈی صدر سوشل ڈویلپمنٹ کونسل ملکہ ہانس پاکپتن نے کہا کہ یہ میلہ 5 اکتوبر سے لے کر 9 اکتوبر 2026 تک لگایا ہے، نادرا 300 خواتین معزور افراد اولڈ ایج افراد کے شناختی کارڈ بنائے گے، 800 بچوں کے (ب) فارم بنائے گے اس میلہ کا انعقاد نادرا ایکشن (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 27)

مریم نواز ہسپتال 93 ڈی نور پور میں مبینہ کرپشن

شکایت کنندگان نے ہیلتھ منیجر ڈاکٹر طارق کے خلاف درخواستوں اور خواتین کے بیانات کو نظرانداز کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے سی ای او ہیلتھ پاکپتن اور آؤٹ سورس ہسپتال کی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کے مبینہ کردار کی تحقیقات کا مطالبہ کیا

پاکپتن (وقار فرید جگنو سے) مریم نواز ہسپتال 93 ڈی نور پور میں مبینہ کرپشن، بے ضابطگیوں اور خواتین عملے سے نامناسب رویے کی شکایات پر کارروائی نہ ہونے کے الزامات سامنے آگئے۔ شکایت کنندگان نے ہیلتھ منیجر ڈاکٹر طارق کے خلاف درخواستوں اور خواتین کے بیانات کو نظرانداز کرنے کا دعویٰ کرتے ہوئے سی ای او ہیلتھ پاکپتن اور آؤٹ سورس ہسپتال کی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر کے مبینہ کردار کی تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے، شکایت کنندگان کے مطابق ڈاکٹر طارق پر مبینہ مالی بے ضابطگیوں اور متعلقہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 28)

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے

موبائل پولیس اسٹیشنز کے ذریعے شہریوں کی دہلیز پر پولیس خدمات کی فراہمی جاری

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) موبائل پولیس اسٹیشنز کے ذریعے شہریوں کی دہلیز پر پولیس خدمات کی فراہمی جاری۔ وزیرِ اعلیٰ پنجاب کے عوامی سہولت کے وژن اور آئی جی پنجاب کی ہدایات پر، ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن (ریٹائرڈ) دوست محمد کی زیر نگرانی موبائل پولیس اسٹیشنز ضلع کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو ان کی دہلیز پر خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ موبائل پولیس اسٹیشنز پر ایف آئی آر کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 29)

اوکاڑہ: مین جی ٹی روڈ پر حادثہ، ریسکیو اہلکار امدادی کارروائیاں کرتے ہوئے

جھنگ میں پاکستان کی پہلی آن لائن چیمبر مارکیٹ قائم کرنے کا اعلان، 15 رکنی ڈیجیٹل ٹاسک فورس تشکیل

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) جھنگ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹری کے صدر کمانڈر صہیب فاروق نے پاکستان کی پہلی آن لائن چیمبر مارکیٹ قائم کرنے کا تاریخی اعلان کر دیا، چیمبر صدر کے مطابق نئی مارکیٹ کا نام جھنگ چیمبر مارکیٹ رکھا گیا ہے اور اس کے لیے jhangchambermarket.pk//:http کے نام سے ڈومین بھی محفوظ کر لیا گیا ہے۔ منصوبے کے پہلے مرحلے میں 300 دکانوں کو آن لائن لانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں چیمبر ارکان پر مشتمل 15 رکنی ڈیجیٹل ٹاسک فورس تشکیل دے دی گئی ہے جو آئندہ 20 روز میں ویب سائٹ اور پورٹل کی تیاری سمیت تمام امور کی نگرانی کرے گی۔ کمانڈر صہیب فاروق نے بتایا کہ منصوبے کے تحت ضلع بھر کے 2 ہزار دکانداروں کو آن لائن کاروبار کی تربیت دی جائے گی جس کے لیے 20 تربیتی مراکز قائم کیے جائیں گے۔ جھنگ شہر میں (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 34)

صوبائی وزیر بلدیات کی خصوصی کاوش سے ڈسکہ شہر میں محمد افضل منشاء اور چیف آفیسر بلدیہ ڈسکہ کی نگرانی میں صفائی آپریشن شروع

ڈسکہ (نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر بلدیات کی خصوصی کاوش سے ڈسکہ شہر میں محمد افضل منشاء اور چیف آفیسر بلدیہ ڈسکہ کی نگرانی میں صفائی آپریشن شروع، کالج روڈ، سرکلر روڈ، عوامی روڈ، سٹیڈیم روڈ، بنک روڈ، جاملکے روڈ سے کوڑے کے ڈھیر ختم، شہریوں کا اظہار تشکر، گذشتہ روز ہونے والی اہم میٹنگ کے بعد ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ڈسکہ میں خصوصی صفائی آپریشن کی تیاریاں تیز کردی گئیں وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ یاسر گیلانی شہر بھر میں صفائی ستھرائی کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 33)

سردار سرجیت سنگھ کنول کو متروکہ وقف املاک بورڈ (ETPB) کا ممبر مقرر کیے جانے پر سکھ برادری، سکھ سنگت پاکستان، سول سوسائٹی اور سماجی تنظیموں کا خوشی کا اظہار

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب کی معروف سماجی شخصیت اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سکھ رہنما سردار سرجیت سنگھ کنول کو متروکہ وقف املاک بورڈ (ETPB) کا ممبر مقرر کیے جانے پر سکھ برادری، سکھ سنگت پاکستان، سول سوسائٹی اور سماجی تنظیموں نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں مبارکباد پیش کی ہے۔ سماجی حلقوں کے نمائندگان نے امید ظاہر کی کہ سردار سرجیت سنگھ کنول اپنی نئی ذمہ داری احسن انداز میں نبھاتے ہوئے اقلیتی برادری کے مسائل اجاگر کرنے، مذہبی مقامات کے تحفظ اور سکھ برادری کے جائز حقوق کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے توقع ظاہر کی کہ ان کی تقرری مذہبی ورثے کے تحفظ اور بین المذاہب ہم آہنگی کے فروغ میں معاون ثابت ہوگی۔ صدر پریس کلب ننکانہ صاحب چوہدری افضل حق خاں، جنرل سیکرٹری آصف علی بھٹی ایڈووکیٹ اور صحافتی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 32)

ڈسکہ گلوٹیاں موڑ پر تیز رفتار ٹیوٹا کار ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر درختوں سے جا لگی، 2 نوجوان جاں بحق

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسکہ گلوٹیاں موڑ پر تیز رفتار ٹیوٹا کار ڈیوائیڈر سے ٹکرا کر درختوں سے جا لگی، 2 نوجوان جاں بحق۔ تفصیلات کے مطابق گلوٹیاں موڑ، نزد اوٹھیاں اسٹاپ ڈسکہ، سیالکوٹ میں تیز رفتار ٹیوٹا کار بے قاو پہلے ڈیوائیڈر سے ٹکرانے کے بعد درختوں سے جا ٹکرائی۔ حادثے کے نتیجے میں احسن ولد انتظار حسین، عمر 25 سال، اور سبحان ولد خالد، عمر 23 سال، دونوں سکنہ چائنا چوک سیالکوٹ جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے موقع پر پہنچ کر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 31)

صحت دشمن عناصر کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) صحت دشمن عناصر کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری، فوڈ سیفٹی ٹیموں کی ڈیری مینوفیکچرنگ یونٹس، پاپڑ فیکٹری اور اچار اینڈ مربہ یونٹس کی انسپکشن، 2 ہزار کلو مضر صحت اچار، 50 کلو ممنوعہ اجزاء اور 30 کلو ناقص پیکنگ میٹیریل تلف، ڈیری مینوفیکچرنگ یونٹ اور پاپڑ فیکٹری مالکان کیخلاف مقدمات درج، پاپڑ فیکٹری سے ایک شخص گرفتار، اصلاح تک پروڈکشن بند کردی گئی، مربہ اینڈ اچار یونٹ کو 1 لاکھ 70 ہزار روپے جرمانہ عائد۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی راجہ منصور احمد کی ہدایت پر صحت دشمن عناصر کیخلاف مسلسل کارروائیاں جاری ہیں۔ تفصیلات کے مطابق 48 ڈی نہراں والا کچہری چوک پاکپتن روڈ اور قائداعظم چوک دیپالپور میں 3 فوڈ پروڈکشن یونٹس کو چیک کیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق پاپڑوں کی جعلی پیکنگ اور ناقص مصالحہ جات کے استعمال پر پاپڑ فیکٹری کیخلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کھوئے کی تیاری میں سٹارچ کی ملاوٹ پائے جانے پر ڈیری مینوفیکچرنگ یونٹ کیخلاف کارروائی کی گئی۔ فنگس زدہ اور غیر معیاری اچار برآمد ہونے پر اچار یونٹ کو بھاری جرمانہ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 30)

ستھرا پنجاب اتھارٹی، ڈالووالی سیالکوٹ کے سپروائزر ملک عامر اور سویپر مجید مسیح کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان سے رشوت کی رقم 8,000 روپے برآمد کر لی گئی

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکاسے) ڈائریکٹر جنرل پنجاب اینٹی کرپشن لاہور سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کی ہدایت پر، اینٹی کرپشن سیالکوٹ کے سی او رانا مبشر علی نے جوڈیشل مجسٹریٹ کی نگرانی میں کامیاب ٹریپ ریڈ کیا۔ کارروائی کے دوران ستھرا پنجاب اتھارٹی، ڈالووالی سیالکوٹ کے سپروائزر ملک عامر اور سویپر مجید مسیح کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان سے رشوت کی رقم 8,000 روپے برآمد کر لی گئی۔ ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پنجاب اینٹی کرپشن لاہور سہیل ظفر چٹھہ اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن گوجرانوالہ امجد شہزاد کرپشن کے خاتمہ کیلئے پرعزم۔

ننکانہ صاحب: ڈکیتی و چوری کی چار وارداتیں، شہری لاکھوں سے محروم

ننکانہ صاحب (نمائندہ روزنامہ سحر) ننکانہ صاحب اور گردونواح میں ڈکیتی و چوری کی چار وارداتوں کے دوران شہری موٹر سائیکل، رکشہ، موبائل فون اور نقدی سمیت لاکھوں روپے مالیت کے سامان سے محروم ہوگئے تفصیلات کے مطابق پہلی واردات تھانہ صدر ننکانہ صاحب کے علاقے کوٹ سادھو رام کے قریب ہوئی، جہاں ڈیوٹی کے بعد موٹر (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 35)

مانگا منڈی میں علاج معالجے کے نام پر عوام کی جیبوں پر بوجھ؟ الٹراساؤنڈ، ایکسرے، ادویات اور عطائی ڈاکٹروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

مانگا منڈی (میاں ذیشان حیدر) مانگا منڈی میں مہنگائی سے پریشان عوام کو علاج معالجے کے بڑھتے ہوئے اخراجات نے مزید مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے۔ شہریوں کی شکایات ہیں کہ عوام کو اب صرف سبزی منڈی اور اشیائے خورونوش کی مہنگائی ہی کا سامنا نہیں بلکہ الٹراساؤنڈ، ایکسرے، ادویات اور نجی طبی مراکز کے اخراجات بھی عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔ شہری حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں طبی سہولیات فراہم کرنے والے مراکز اور میڈیکل اسٹورز کی جامع جانچ پڑتال کی جائے تاکہ مریضوں کو مبینہ ناجائز منافع خوری اور غیر قانونی طبی سرگرمیوں سے تحفظ مل سکے۔ عوامی حلقوں کے مطابق علاقے میں بعض عطائی ڈاکٹروں کی مبینہ طبی پریکٹس کے حوالے سے بھی شکایات سامنے آتی رہتی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ انسانی صحت جیسے حساس معاملے میں غیر مستند افراد کی جانب سے علاج (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 36)

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی

کاموکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہو گیا۔ گذشتہ روز شریف پورہ کا سترہ سالہ مجاہد موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں کسوکی روڈ کا اُنیس سالہ عاصم، فیصل ٹاؤن کا چالیس سالہ محمد امجد، پُرانی آبادی کا پچپن سالہ لیاقت، بلال پارک کا دس سالہ حسن اور ٹبہ محمد نگر کا تیس سالہ مہران شدید زخمی ہو گیا۔ زخمیوں کو فوری طبی امداد کیلئے تحصیل ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

گجرات تھانہ صدر گجرات پولیس کی بڑی کارروائی گھر سے طلائی زیورات چوری کرنے والی 2 خواتین گرفتار

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) گجرات تھانہ صدر گجرات پولیس کی بڑی کارروائی گھر سے طلائی زیورات چوری کرنے والی 2 خواتین گرفتار ساڑھے 7 تولے طلائی زیورات مالیتی 33 لاکھ روپیا اور نقدی 60 ہزار روپے نقدی برآمد تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر گجرات کے رہائشی محمد عباس نے پولیس کو اطلاع دی کہ وہ اپنے اہلِ خانہ کے ہمراہ گھر کی چھت پر موجود تھا کہ اس دوران نامعلوم ملزمان نے گھر کے اندر الماری کا تالہ توڑ کر طلائی زیورات اور نقدی چوری کر لی۔ اطلاع موصول ہونے پر تھانہ صدر گجرات پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے ڈی ایس پی لالہ موسیٰ ڈاکٹر ممتاز احمد میکن کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر گجرات سب انسپکٹر شہروز احمد کو واردات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور مالِ مسروقہ کی برآمدگی کی ہدایات جاری کیں۔ ڈی پی او گجرات کی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے ایس ایچ او تھانہ صدر گجرات اور ان کی ٹیم نے پیشہ ورانہ مہارت اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 37)

سردار سرجیت سنگھ کنول ای ٹی پی بی کے بورڈ ممبر مقرر، سکھ برادری اور سول سوسائٹی کی مبارک باد

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے۔) پاکستان مسلم لیگ (ن) سکھ برادری کے مرکزی رہنما اور ننکانہ صاحب کے معروف سماجی رہنما سردار سرجیت سنگھ کنول کو ایویکیو ٹرسٹ پراپرٹی بورڈ (ETPB) کا بورڈ ممبر مقرر کیے جانے پر سکھ برادری، شہری و سماجی حلقوں اور سول سوسائٹی نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی ہے، یاد رہے کہ سردار سرجیت سنگھ کنول جھنگ کی معروف سماجی شخصیت سردار جسپال سنگھ کے بھائی ہیں۔ اس موقع پر سردار جسپال سنگھ، سردار کریا سنگھ، سیکرٹری ڈسٹرکٹ چناب پریس کلب جھنگ مہر محمد ریاض نول اور سول سوسائٹی کے نمائندگان نے سردار سرجیت سنگھ کنول کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ اپنی صلاحیتوں اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے اقلیتی خصوصاً سکھ برادری کے مسائل کے حل، مذہبی مقامات کی بہتری اور بین المذاہب ہم آہنگی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 38)

ستھرا پنجاب اتھارٹی، ڈالووالی سیالکوٹ کے سپروائزر ملک عامر اور سویپر مجید مسیح کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان سے رشوت کی رقم 8,000 روپے برآمد کر لی گئی

SHAHROZ
SHO
JAMAL
ASI

گجرات تھانہ صدر گجرات پولیس کی بڑی کارروائی گھر سے طلائی زیورات چوری کرنے والی 2 خواتین گرفتار

ضلع بھر میں سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عملے کی حاضری کی باقاعدہ نگرانی جاری

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق کی ہدایت پر ضلع بھر میں سرکاری ہسپتالوں اور بنیادی مراکز صحت میں طبی سہولیات کی فراہمی، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور عملے کی حاضری کی باقاعدہ نگرانی جاری ہے۔ اس سلسلہ میں اسسٹنٹ کمشنرز نے تحصیل ڈسکہ اور پسرور کے مختلف مراکزِ صحت کے اچانک دورے کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ڈسکہ سعدیہ جعفر نے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ کا دورہ کیا اور طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی کے انتظامات اور ڈاکٹرز کے ڈیوٹی روسٹر کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں زیرِعلاج مریضوں اور ان کے اہلِ خانہ سے ملاقات کر کے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے بارے میں براہِ راست فیڈ بیک بھی لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت نے بنیادی مرکز صحت بڈیانہ کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈاکٹر اور تمام طبی عملہ ڈیوٹی پر موجود پایا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے مریضوں سے طبی سہولیات اور علاج معالجے کے بارے میں دریافت کیا، جنہوں نے فراہم کی جانے والی سہولیات اور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 39)

بچوں کو پولیو جیسے خطرناک مرض سے محفوظ رکھنا اور ادویات کا درست استعمال یقینی بنانا صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے انتہائی ضروری ہے، ڈاکٹر ظہیر احمد

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) معروف معالج و میڈیکل اسپیشلسٹ ڈاکٹر ظہیر احمد نے کہا ہے کہ بچوں کو پولیو جیسے خطرناک مرض سے محفوظ رکھنا اور ادویات کا درست استعمال یقینی بنانا صحت مند معاشرے کی تشکیل کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ والدین، محکمہ صحت اور معاشرے کے تمام طبقات کو صحت عامہ کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، کیونکہ بروقت احتیاط، درست طبی رہنمائی اور عوامی آگاہی کے ذریعے متعدد بیماریوں کے خطرات کو کم کیا جا سکتا ہے ڈاکٹر ظہیر احمد کے مطابق پولیو ایک خطرناک متعدی بیماری ہے جو بالخصوص پانچ سال سے کم عمر بچوں کو متاثر کر سکتی ہے اور بعض صورتوں میں مستقل جسمانی معذوری کا سبب بن سکتی ہے اس بیماری سے بچاؤ کا مؤثر ذریعہ پولیو ویکسین ہے، اس لیے والدین کو چاہیے کہ وہ ہر پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو حفاظتی قطرے ضرور پلوائیں اور کسی بھی (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 40)

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات، باہمی اعتماد اور تعاون کی ایک مضبوط تاریخ ہے، حاجی راؤ محمد اجمل خان

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) سابق رکن قومی اسمبلی حلقہ این اے 137 دیپالپور و سابق پارلیمانی سیکرٹری حاجی راؤ محمد اجمل خان نے وزیراعظم شہباز شریف کے سعودی عرب کی سلامتی کے حوالے سے مؤقف اور خطے میں امن کے قیام کے لیے سفارتی کوششوں کو اہم قرار (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 55)

بدبخت بیٹے نے مبینہ طور پر بزرگ ماں اور باپ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا بدبخت بیٹے کی ماں باپ کو گھر سے نکالنے کی کوشش

پاکپتن (نامہ نگار) بدبخت بیٹے نے مبینہ طور پر بزرگ ماں اور باپ کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا بدبخت بیٹے کی ماں باپ کو گھر سے نکالنے کی کوشش، تفصیلات کے مطابق تھانہ ملکہ ہانس کے علاقہ سلیم کوٹ کے رہائشی متاثرہ اقبال جٹ اور مقصوداں بی بی نے بتایا کہ ہم نے اپنے بیٹے صابر علی کو مکان لے کر دیا، بدبخت بیٹے صابر علی نے مکان فروخت کر کے عیاشی کر لی، اب وہ زبردستی بیوی بچوں سمیت ہمارے گھر میں گھس آیا ہے، اور آئے روز ہمیں تشدد کا نشانہ بناتا رہتا ہے، چند روز صابر نے اس کی بیوی سونیا بی بی نے مجھے اور میرے خاوند کو لاتوں گھونسوں سے تشدد کا نشانہ بنایا اور سڑک پر گھسیٹتا رہا یہ ظلم پورے گاؤں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا، میرے بیٹے صابر کی بیوی سونیا بی بی آئے روز کپڑے پھاڑ کر اپنے سسر (میرے خاوند) پر جھوٹے الزام لگاتی ہے، پولیس اور تحقیقاتی ادارے گاؤں میں آ کر تسلی کر لیں، متاثرہ اقبال جٹ اور مقصودہ بی بی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، آئی جی پنجاب، آر پی او ساہیوال رانا ایاز سلیم، ڈی پی او پاکپتن جاوید اقبال چدھڑ، دیگر متعلقہ حکام انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی ہے کہ ہمیں ہمارے بے رحم بیٹے سے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 56)

ضلعی پولیس کی ماہ جولائی کی کارگزاری، کل 1223 مقدمات درج 1043 ملزمان گرفتار

بہاولنگر (عبدالوحید بھٹی + رانا محمد اشرف بیورو چیف جنوبی پنجاب + محمد جاوید چوہدری سے) ضلعی پولیس کی ماہ جولائی کی کارگزاری، کل 1223 مقدمات درج، 1043 ملزمان گرفتار، 274 مجرمان اشتہاری، 117 عدالتی مفروران گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ ناجائز اور کل 37 لاکھ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا۔ عوام کی جان و مال کا تحفظ بہاولنگر پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی پی او محمد عمران۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد عمران کی سربراہی میں ضلعی پولیس نے جرائم پیشہ افراد کے خلاف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 41)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ریاض احمد ناگوری کی ملاقات، اوکاڑہ کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

اوکاڑہ (بیورو چیف شیخ حمزہ طارق) نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی ساہیوال ڈویژن ریاض احمد ناگوری نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے ملاقات کی، جس میں پاکستان پیپلز اسٹوڈنٹس فیڈریشن (پی ایس ایف) لاہور اور پی ایس ایف اوکاڑہ کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ ملاقات کے دوران اوکاڑہ یونیورسٹی کے سامنے پیش آنے والے افسوسناک حادثے پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکاء نے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے متاثرین اور ان کے اہلِ خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر اوکاڑہ کی مجموعی سیاسی صورتحال، علاقائی امور اور باہمی دلچسپی کے دیگر معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں سیاسی روابط اور عوامی مسائل (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 44)

رانا شفیق خاں پسروری کے بھائی کے ڈیرے پر فائرنگ کا حساس مقدمہ ٹریس سی سی ٹی وی فوٹیجز اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے تین ملزمان گرفتار

POLICE
HC
SARMAD
SHO
RAZA
HC

سیالکوٹ۔ میاں عامر مٹھو۔ دم مست قلندر دبنگ ایس ایچ او تھانہ سٹی پسرور سرمد فیاض کی دبنگ کارروائی سیالکوٹ کی معروف مذہبی شخصیت رانا شفیق خاں پسروری کے بھائی کے ڈیرے پر فائرنگ کا حساس مقدمہ ٹریس سی سی ٹی وی فوٹیجز اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے تین ملزمان گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن دوست محمد کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ سٹی پسرور سرمد فیاض نے اپنی ٹیم کے ہمراہ دبنگ کارروائی کرتے ہوئے سیالکوٹ کی معروف مذہبی اور رکن اسلامی نظریاتی کونسل اور نائب امیر مرکزی جمعیت اہل الحدیث پاکستان رانا شفیق خاں پسروری کے بھائی کے ڈیرے پر نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے فائرنگ کی ڈیرے کے بیرونی آہنی گیٹ پر گولیوں کے نشانات پائے گئے اور فائرنگ کے واقعہ سے علاقے میں خوف و ہراس اور تشویش کی صورت حال پیدا ہوگئی دبنگ ایس ایچ او سرمد فیاض نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مسلسل محنت شواہد کے مؤثر تجزیے اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملزمان شاہ زیب۔ اسماعیل خان عبدالرحمن عرف سونو کو گرفتار کر لیا گیا ابتدائی تفتیش کے مطابق واقعے کا پس منظر سوشل میڈیا پر ہونے والی تلخ کلامی اور اس سے پیدا ہونے والی ذاتی رنجش ہے واقعے میں ملوث ہر افراد کے کردار اور دیگر پہلوؤں پر مزید تفتیش بھی جاری ہے اور اس موقع پر ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن دوست محمد نے ایس ایچ او سرمد فیاض اور ان کی ٹیم کو بہترین کارکردگی پر شاباش دیتے ہوئے کہا قانون ہاتھ میں لینے اور شہریوں کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

دعوتِ اسلامی کے وفد کی ساہیوال پریس کلب آمد، چوہدری محمد اشرف کو تیسری بار چیئرمین منتخب ہونے پر مبارک باد

SAHIWAL
SAHIWAL PRESS CLUB

ساہیوال (سید طلال شاہی) دعوتِ اسلامی کے وفد نے ساہیوال پریس کلب رجسٹرڈ ساہیوال کا دورہ کیا اور سینئر صحافی چوہدری محمد اشرف کو تیسری مرتبہ چیئرمین پریس کلب کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر وفد نے انہیں پھولوں کے ہار پہنائے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دعوتِ اسلامی لاہور کے صوبائی نگران برائے شعبہ ذرائع ابلاغ محمد عادل عطاری، ساہیوال ڈویژن کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 52)

غذائی ضروریات پوری کرنے اور گندم کی پیداوار بڑھانے کیلئے ضلع بھر میں بوائی مہم مؤثر بنانے کی ہدایت

عارف والا (تحصیل رپوٹر) غذائی ضروریات پوری کرنے اور گندم کی پیداوار بڑھانے کیلئے ضلع بھر میں بوائی مہم مؤثر بنانے کی ہدایت: اے ڈی سی انفورسمنٹ سہیل اختر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ سہیل اختر نے کہا ہے کہ گندم کی بہتر پیداوار اور غذائی ضروریات کے تحفظ کیلئے بروقت کاشت، معیاری بیج کی فراہمی اور کسانوں کی مؤثر رہنمائی یقینی بنانا ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زرعی ویژن کے مطابق ضلع پاکپتن میں سال 2026-27ء کیلئے گندم کی بوائی کا مقررہ 2 لاکھ 19 ہزار ایکڑ ہدف حاصل کرنے کیلئے تمام متعلقہ محکمے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کریں اور کسانوں تک جدید زرعی معلومات کی رسائی یقینی بنائیں۔ وہ ضلعی کمیٹی برائے گندم کی بوائی مہم کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

ڈاکٹر محمد شفیق طاہر کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈ ملنا خوش آئند ہے؛ مقصود احمد کمبوہ

شیر گڑھ (نامہ نگار) ڈاکٹر محمد شفیق طاہر کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈ ملنا خوش آئند ہے؛ مقصود احمد کمبوہ؛ تفصیلات کیمطابق علاقہ کی معتبر شخصیات محمد ندیم احمد کمبوہ پرنسپل، مقصود احمد کمبوہ، ڈاکٹر محمد عبداللہ بھٹی، نور احمد نوری، میاں محمد اشرف، ڈاکٹر ضیاء الحسن طاہر، منصب علی یاسر بھٹہ، ماسٹر محمد ارشد بھٹی، ماسٹر عبدالغفار، ودیگران نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاکستان کے معروف ماہر تعلیم وضلعی صدر ہیڈ ماسٹر ایسوسی ایشن ضلع اوکاڑا ڈاکٹر محمد شفیق طاہر PHD کو سال 2026ء کیلئے حکومت کی جانب سے بیسٹ ٹیچر ایوارڈ ملنا انتہائی خوش آئند ہے مقصود احمد کمبوہ نے کہا کہ ڈاکٹر محمد شفیق طاہر نے شیر گڑھ سمیت ضلع بھر میں شعبہ تعلیم (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 43)

والدین معاشرے اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ اساتذہ کا احترام کریں، ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ

پاکپتن (نامہ نگار) پاکستان انسٹیٹیوٹ آف لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے ٹیچر ڈے کے موقع پر اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے والدین معاشرے اور حکومت سے اپیل کی ہے کہ اساتذہ کا احترام کرے اور ان کی محنت کو سراہیں، حکومت پنجاب اساتذہ کو درپیش مسائل کو بہت جلدی حل کریں، اس موقع پر نوجوان وکلاء کی کثیر تعداد موجود تھی، انہوں نے اساتذہ کی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اساتذہ قوم کے معمار اور مستقبل کے محافظ ہیں، جن کی محنت اور لگن سے طلبہ اپنی زندگی میں کامیابی کی راہ وار کرتے ہیں، ایک استاد صرف علم فراہم نہیں کرتا بلکہ وہ طلبہ کی شخصیت سازی اخلاقی تربیت اور ذہنی نشوونما میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، پاکستان انسٹیٹیوٹ اف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 51)

سیالکوٹ مذہبی شخصیت رانا شفیق خان پسروری کے بھائی کے ڈیرے پر فائرنگ کا مقدمہ ٹریس تین ملزمان گرفتار پولیس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) رانا شفیق خان پسروری اسلامی نظریاتی کونسل کے رکن اور مرکزی جمعیت اہل حدیث کے نائب امیر ہیں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ڈیرے پر فائرنگ کی تھی گیٹ پر گولیوں کے آٹھ نشانات پائے گئے ڈی پی او سیالکوٹ نے واقعے کا نوٹس لے کر ڈی ایس پی پسرور کو خصوصی ٹاسک دیا تھا سیف سٹی اور دیگر سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیجز سے ملزمان کے فرار کا راستہ ٹریس کیا گیا شواہد کے تجزیے اور ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے ملزمان تک پہنچے گرفتار ملزمان میں شاہ زیب اسماعیل خان اور عبدالرحمن عرف سونو شامل ہیں ابتدائی تفتیش میں سوشل میڈیا پر تلخ کلامی اور ذاتی رنجش واقعے کا سبب سامنے آئی پولیس حساس مقدمہ ٹریس کرنے پر ڈی پی او کی پولیس ٹیم کو شاباش امن و امان کے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 50)

کلمہ طیبہ پڑھنے والی زبان پر جھوٹ کا وائرس ایمان تباہ کر دیتا ہے، رانا محمد رمضان خاں

کاموکے (تحصیل رپورٹر) امیدوار برائے یوسی چیئرمین رانا محمد رمضان خاں نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلمہ طیبہ پڑھنے والی زبان پر جھوٹ کا وائرس ایمان تباہ کر دیتا ہے، سچا مسلمان بننے کیلئے صادق الامین نے منشور کو دستور حیات بنانا ہوگا، حضور نبی کریم نے جھوٹ چھپانے کیلئے ہزار جھوٹ بولنے پڑتے ہیں، شریعت نے سچ کا جو پیمانہ بنا رکھا ہے اگر اس کے مطابق زندگی گزاری جائے تو جھوٹ کے جراثیم ہمیشہ کیلئے ختم ہو جائیں گے، اصل مسئلہ یہ ہے کہ جب انسان کے اندر سے خدا کا خوف (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 46)

نئی نسل کی بہتر تربیت میں اساتذہ کا کردار بنیادی اہمیت کا حامل ہے، سی ای او شازیہ بانو

رینالہ خورد (شیخ آصف علی تحصیل رپورٹر) ٹیچر ڈے کے موقع پر ضلع اوکاڑہ کے سرکاری سکولوں میں شاندار تدریسی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کی حوصلہ افزائی کے لیے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 45)

ناروجن وفد کا ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) *ناروجن وفد کا ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ، ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات* تفصیلات کے مطابق ناروجن وفد نے ڈی پی او کمپلیکس گجرات کا دورہ کیا اور ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران کمیونٹی پولیسنگ، باہمی تعاون اور دیگر اہم امور پر تبادلہ؟ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد نے وفد کو سیف سٹی گجرات کا دورہ کروایا اور سیف سٹی کے جدید مانیٹرنگ سسٹم، کیمروں کی مدد سے نگرانی اور پولیسنگ کے نظام کار کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈی پی او گجرات نے وفد کو بتایا کہ جدید ٹیکنالوجی کا مؤثر استعمال جرائم کی روک تھام، امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ دورے کا مقصد پولیسنگ کے شعبے (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 48)

گجرات پولیس، پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس اور ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کا جوائنٹ آپریشن دو مختلف کارروائیوں کے دوران خاتون سمیت 2 ملزمان گرفتار

گجرات (سید طارق حسین + زیڈ اے بھٹی) گجرات پولیس، پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس اور ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کا جوائنٹ آپریشن دو مختلف کارروائیوں کے دوران خاتون سمیت 2 ملزمان گرفتار 248 بوتل شراب برآمد تفصیلات کے مطابق ڈی پی او گجرات فیصل شہزاد کی زیر قیادت گجرات پولیس کا منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس سلسلہ میں تھانہ لاری اڈا پولیس نے پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس اور ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ہمراہ مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے خاتون سمیت دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پہلی کارروائی کے دوران خاتون ملزمہ صائمہ طارق کو گرفتار کر کے 215 بوتل شراب برآمد کی، جبکہ دوسری کارروائی میں ملزم سید شاہ زیب کو گرفتار کر کے 33 بوتل شراب برآمد کر لی۔ دونوں کارروائیوں کے دوران مجموعی طور (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 49)

اوکاڑہ: مین جی ٹی روڈ اڈہ گیمبر کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوکاڑہ: مین جی ٹی روڈ اڈہ گیمبر کے قریب ٹریفک حادثہ کی اطلاع، کالر کے مطابق موٹر سائیکل کو پیچھے سے تیز رفتار کنٹینر نے کچل دیا، حادثہ میں موٹر سائیکل پر سوار بیوی موقع پر جاں بحق، جبکہ شوہر زخمی ہو گیا، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا بروقت ریسپانس، زخمی کو فوری طبی امداد فراہم کی گئی، طبی امداد کے بعد زخمی کو ڈی ایچ (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 47)

ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے چار افراد پکڑے گئے

کاموکے (تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے چار افراد پکڑے گئے۔ گذشتہ روز صدر اور واہنڈو پولیس نے گیپکو کے ایس ڈی اوز کی درخواستوں پر ڈائریکٹ تاریں لگا کر بجلی چوری کرنے والے نواحی گاؤں تولیکی کے فلک شیر، عثمان، پُرانا گھوگا کے محمد زبیر اور موضع واہلیانوالی کے محمد سرور کیخلاف مقدمات درج کر لیے ہیں۔

TEACHER EXCELLENCE AWARD 2026

سینئر ٹیچر چوہدری عامر شہزاد جٹ، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول 1/32 اے ایل کے ہیڈ ماسٹر چوہدری خلیل احمد رندھاوا اور گورنمنٹ پرائمری سکول 1/12 اے ایل کے ہیڈ ماسٹر چوہدری جاوید اقبال کو ان کی بہترین تدریسی خدمات کے اعتراف میں بیسٹ ٹیچر ایوارڈز سے نوازا گیا

گجرات پولیس، پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس اور ایکسائز ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کا جوائنٹ آپریشن دو مختلف کارروائیوں کے دوران خاتون سمیت 2 ملزمان گرفتار

حدیثِ مبارکہ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن نہ تو طعنہ دینے والا ہوتا ہے 'نہ لعنت کرنے والا' نہ فحش گو اور نہ زبان دراز۔.............. (جامع ترمذی)

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ
سحر
لاہور
چیف ایڈیٹر
ملک یامین اعوان

پی آئی اے نے ریاض کے لیے پروازیں معطل کر دیں

پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) نے مشرق وسطی کی کشیدہ صورتحال کے سبب ریاض کے لیے پروازیں معطل کر دیں۔ اس فیصلے پر عمل کرتے ہوئے پی آئی اے کی اسلام آباد سے ریاض جانے والی پرواز PK-753 اور ریاض سے اسلام آباد آنے والی پرواز PK-754 منسوخ کر دی گئی ہیں۔ پی آئی اے کے ترجمان عبداللہ حفیظ خان نے جمعہ کو بتایا کہ مشرقِ وسطیٰ میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنی پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ ترجمان نے مسافروں کو ہدایت کی کہ وہ ایئرپورٹ کے لیے روانہ ہونے سے قبل پی آئی اے کے کال سینٹر 111-786-786 پر رابطہ کر کے اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کر لیں، ایئر لائن اس صورتحال سے مسافروں کو ہونے والی زحمت پر معذرت خواہ ہیں۔ اس حوالے سے سول ایوی ایشن اتھارٹی نے ریاض کے لیے پروازیں روکے جانے کی تصدیق کی ہے اور کہا ہے کہ سعودی عرب جانے والی پروازوں کا فلائٹ آپریشن بدستور جاری پی آئی اے نے صرف ریاض کے لیے فلائٹ آپریشن عارضی طور پر معطل کیا ہے، سوشل میڈیا پر قیاس آرائیوں میں حقیقت نہیں۔ واضح رہے کہ پی آئی اے کا یہ اعلان حوثی باغیوں کی جانب سے سعودی ہوائی اڈوں اور دیگر انفرا اسٹرکچر پر کیے جانے والے میزائل اور ڈرون حملوں کے سلسلہ وار واقعات کے بعد سامنے آیا ہے۔ سعودی حکام کے مطابق 6 اور 7 اکتوبر کو ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ اور ابہا انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ہونے والے حملوں میں ایک پاکستانی شہری سمیت تین افراد ہلاک اور 36 زخمی ہوئے تھے۔ جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب کے ریاض اور ابہا ایئرپورٹس پر حوثی ملیشیا کے حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے سعودی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ ایکس پر جاری بیان میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ سعودی عرب کے خلاف حوثی ملیشیا کے بار بار ہونے والے حملوں میں شہریوں کی جانیں ضائع ہوئیں اور متعدد افراد زخمی ہوئے۔ وزیراعظم نے بیلسٹک میزائلوں کو فضا میں تباہ کرنے پر سعودی مسلح افواج اور اتحادی اتحاد کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ معصوم جانوں کے تحفظ اور مملکت کی سلامتی یقینی بنانے کے لیے ان کی کوششیں قابلِ تحسین ہیں۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان برادر ملک سعودی عرب کی قیادت اور عوام کے ساتھ غیر متزلزل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے اور اسٹریٹجک سیاسی و دفاعی کمیٹی کے حالیہ فیصلوں کے مطابق سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے۔ وزیراعظم نے سعودی عرب کے اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے جائز حق کی مکمل حمایت کرتے ہوئے حوثی ملیشیا سے حملے فوری طور پر بند کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا۔

آئی ایم ایف اور عوامی ریلیف۔۔۔!

پاکستان میں عوام کو ریلیف دینے کے اعلانات اب خوش خبری سے زیادہ ایک ایسے لطیفے کا روپ دھارتے جا رہے ہیں جس پر ہنسنے سے پہلے اپنی حالت پر رونا آتا ہے۔ حکومت پٹرول کی بڑھتی قیمتوں کے بوجھ تلے دبے شہریوں کو سہارا دینے کے لیے سبسڈی کا اعلان کرتی ہے، مگر مستحق افراد درخواست دیں تو جواب ملتا ہے کہ ان کی سواری کے نمبر پر پہلے ہی رجسٹریشن ہو چکی ہے۔ اب کوئی پوچھے کہ جس سہولت سے فائدہ ہی نہیں اٹھایا، اس سے محروم ہونے کا سرٹیفکیٹ کس جرم کی پاداش میں دیا جا رہا ہے؟

ہزاروں درخواست گزاروں کی یہ شکایت محض تکنیکی خرابی نہیں، بلکہ حکومتی نظام، ڈیجیٹل نگرانی اور عوامی اعتماد پر سوالیہ نشان ہے۔ اگر ایک ہی سواری کے نمبر پر کسی دوسرے شخص کی رجسٹریشن ہو سکتی ہے تو تصدیق کا نظام کہاں تھا؟ اگر بائیو میٹرک تصدیق لازمی تھی تو اس کے بغیر اندراج کیسے ہوا؟ اور اگر کسی نے غلط معلومات کے ذریعے سرکاری سہولت حاصل کی تو اس کا حساب کون دے گا؟ یوں محسوس ہوتا ہے کہ پٹرول ریلیف کا اعلان عام آدمی تک پہنچنے سے پہلے ہی انتظامی پیچیدگیوں کی نذر ہو رہا ہے۔ اس اسکیم کا مقصد محدود آمدن والے شہریوں کو سہارا دینا ہے۔ موٹر سائیکل پر روزگار کے لیے نکلنے والا مزدور، بچوں کو سکول چھوڑنے والا باپ اور روزانہ کی آمدن سے گھر چلانے والا محنت کش، سب پٹرول کی بڑھتی قیمتوں سے متاثر ہوتے ہیں۔ لیکن جب ریلیف کی باری آتی ہے تو مستحق شہری پیچیدہ شرائط اور پہلے سے رجسٹرڈ سواری کے پیغام میں الجھ کر رہ جاتا ہے۔ اسی تناظر میں عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی جانب سے پٹرول سبسڈی محدود، ہدفی اور مخصوص مدت تک رکھنے کا مطالبہ اہمیت اختیار کر جاتا ہے۔ پاکستان کے ساتھ اقتصادی جائزے کے بعد اسٹاف لیول معاہدے کے تحت 1.21 ارب ڈالر کی مالی معاونت کی منظوری ایگزیکٹو بورڈ سے متوقع بتائی گئی ہے۔



تذکرے
چوہدری افضل
chaudharyafzal.pk@gmail.com

آئی ایم ایف نے معاشی استحکام اور اصلاحات پر زور دینے کے ساتھ مہنگی اور وسیع پیمانے پر دی جانے والی فیول سبسڈی محدود کر کے صرف مستحق افراد تک پہنچانے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔ معاشی اعتبار سے یہ مؤقف قابلِ فہم ہے کہ جب قومی خزانہ دباؤ میں ہو اور قرضوں کی ادائیگیاں بڑھ رہی ہوں تو محدود وسائل بلا امتیاز تقسیم کرنے کے بجائے حقیقی ضرورت مندوں پر خرچ کیے جائیں۔ ہدفی سبسڈی کا مقصد بھی یہی ہے کہ سرکاری وسائل ان افراد تک پہنچیں جنہیں واقعی مدد درکار ہے۔ لیکن سوال یہ ہے کہ کیا ہمارا نظام مستحق کی درست شناخت کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے؟ جب شہریوں کو جواب ملے کہ ان کی سواری کے نمبر پر پہلے ہی رجسٹریشن ہو چکی ہے تو آئی ایم ایف کی ہدفی سبسڈی کی شرط اور ہماری انتظامی حقیقت کے درمیان تضاد نمایاں ہو جاتا ہے۔ ہمارے نزدیک یہاں بائیو میٹرک تصدیق واجب تھی اس کے بغیر اندراج نہیں ہونا چاہیے تھا۔

اگر کسی دوسرے شخص نے فائدہ حاصل کیا تو اس کی روک تھام کا ذمہ دار کون تھا؟ اور اگر اصل مستحق ہی محروم رہ جائے تو بچنے والے سرکاری وسائل کا فائدہ آخر کس کو پہنچے گا؟ سبسڈی کے موجودہ طریقہ کار پر ہمارا عدم اعتماد محض مخالفت برائے مخالفت نہیں، بلکہ اس خدشے کا نتیجہ ہے کہ عوام کے نام پر مختص وسائل ان تک پہنچنے سے پہلے ہی ناقص تصدیق، بدانتظامی یا ممکنہ بدعنوانی کی نذر نہ ہو جائیں۔ حکومت کی ذمہ داری صرف سبسڈی محدود کرنا نہیں، بلکہ یہ یقینی بنانا بھی ہے کہ مستحق شہری اپنے حق سے محروم نہ رہیں۔ پورٹل بنا دینا اور درخواست گزار کو مسترد شدہ پیغام بھیج دینا معاشی اصلاحات نہیں۔

حقیقی اصلاح تب ہوگی جب غلط اندراج کی تصحیح ہو، شکایات کا ازالہ ممکن ہو اور وسائل کی تقسیم کا حساب عوام کے سامنے رکھا جائے۔ حکومت کو چاہیے کہ منظور شدہ، مسترد شدہ اور زیرِ التوا درخواستوں کے اعداد و شمار جاری کرے، غلط رجسٹریشن کی شکایات کے فوری ازالے کا نظام بنائے اور تصدیق کے تمام مراحل کی جانچ پڑتال کرائے۔ جہاں غفلت یا دھوکا دہی ثابت ہو، وہاں ذمہ داروں کا تعین کیا جائے۔ ڈیجیٹل نظام کا مقصد عوام کے لیے آسانی پیدا کرنا ہے، انہیں اپنے ہی حق کے حصول میں بے بس کرنا نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مہنگائی کے دور میں عوام کو محض اعلانات نہیں، قابلِ حصول ریلیف چاہیے۔ اگر سبسڈی معیشت پر غیر ضروری بوجھ ہے تو حکومت روزگار، آمدن اور قوتِ خرید بہتر بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کرے، لیکن اگر سبسڈی دی جاتی ہے تو اس کی تقسیم شفاف اور منصفانہ ہونی چاہیے۔

ورنہ ایک طرف آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی جاتی رہے گی کہ سبسڈی محدود اور ہدفی ہے، اور دوسری طرف اصل حقدار اپنے موبائل پر یہ پیغام پڑھ کر سوچتا رہے گا کہ اس کے حصے کا ریلیف آخر کس نے وصول کر لیا۔ معاشی اصلاحات کی کامیابی کا پیمانہ صرف خزانے پر کم ہونے والا بوجھ نہیں، بلکہ وہ سہارا بھی ہے جو کسی غریب کے گھر تک حقیقتاً پہنچتا ہے۔ عوام کو سبسڈی کے وعدے سے زیادہ اس یقین کی ضرورت ہے کہ ان کے نام پر جاری ہونے والا ریلیف واقعی انہی تک پہنچے گا۔ کیونکہ جب حق دار اپنے حق سے محروم ہو جائے تو سبسڈی معاشی سہارا نہیں رہتی، بلکہ حکومتی نظام پر عدم اعتماد کی ایک نئی داستان بن جاتی ہے۔

بولتی لاشیں

رات کی سیاہ چادر پر بارش کی بوندیں
نوح؟ غم لکھ رہی تھیں۔
دور کہیں بادل گرجے، ہوا بین کر رہی تھی
اور زمین کی خاموشی میں ایک ایسی چیخ پوشیدہ تھی
جو سماعت سے نہیں، صرف دل سے سنی جا سکتی تھی۔
میں نے تصور کی آنکھ سے دیکھا کہ زمین پر پڑی شہیدوں کی لاشیں خاموش نہیں تھیں؛
وہ بول رہی تھیں، اپنے لہو کی زبان میں ہم سے سوال کر رہی تھیں۔
ان بولتی لاشوں کے درمیان ہر شہید کا لہو وطن سے وفاداری کی گواہی دے رہا تھا
، ہر چہرہ فرض شناسی اور بے مثال استقامت کی داستان سنا رہا تھا،
اور ہر قطرہ؟ خون اس عہد کی علامت تھا
جسے وطن کے ان جانبازوں نے پاکستان کی سلامتی کے لیے اپنے لہو سے نبھایا تھا۔
یوں محسوس ہوتا تھا جیسے زمین کا سینہ ان عظیم قربانیوں کی گواہی دیتے دیتے خود نوحہ خواں ہو گیا ہو۔
فضا میں پھیلی
اس دردناک خاموشی نے میرے دل پر ایسی دستک دی
کہ میں سوچنے لگا: آخر وطن کی محبت کا حقیقی مفہوم کیا ہے
اور اس کی حفاظت کی قیمت کون ادا کرتا ہے؟
یہ وہ لمحہ تھا
جب مجھے احساس ہوا کہ وطن کی خدمت محض
عزت، کامیابی اور کامرانی کا نام نہیں؛ یہ ایثار، استقامت
اور اپنی ذات کو وطن پر نچھاور کر دینے کا عہد بھی ہے۔ یہی وہ عہد ہے
جسے ہمارے محافظ اپنی جانوں سے نبھاتے اور اپنے لہو سے تاریخ کے صفحات پر ثبت کر جاتے ہیں۔
اسی احساس کے زیرِ اثر مجھے یوں لگا جیسے وہ بولتی لاشیں مجھ سمیت ہر پاکستانی سے مخاطب ہوں
اور اپنے لہو کی گواہی دیتے ہوئے پوری قوم سے پوچھ رہی ہوں:
''کیا تم نے ہمارے خوابوں کو سمجھا؟ کیا تم نے ہماری قربانیوں کی قیمت محسوس کی؟
ہم نے اپنی نیندیں، اپنی خوشیاں اور اپنی زندگیاں تمہارے پُرسکون مستقبل کے لیے قربان کر دیں،
مگر کیا تم نے ہمارے لہو کی حرمت کو پہچانا؟''
ان سوالوں کی بازگشت ابھی
میرے دل میں گونج ہی رہی تھی
کہ میری نگاہ ایک دردناک منظر پر ٹھہر گئی۔
وطن کے محافظوں کے جوان اپنے شہید ساتھی کی میت کندھوں پر اٹھائے چلے آ رہے تھے۔

آنکھ سے نظر تک
عباس ملک
0300-5558352

ہر قدم کے ساتھ فضا پر سوگ طاری تھا۔ ایک طرف وردی میں ملبوس ساتھی اپنے بھائی کو آخری منزل تک پہنچا رہے تھے، دوسری طرف ایک گھر کی دنیا اجڑ چکی تھی۔
والدین کی اشک بار آنکھیں،
بیوہ کے چہرے پر ٹھہرا ہوا کرب
اور بچوں کی بے بسی دل کو چیر رہی تھی۔ قوم اپنے شہید محافظ کو خراجِ عقیدت پیش کر رہی تھی
ایک گھر کا چراغ ہمیشہ کے لیے بجھ چکا تھا۔
شہادت کا اعزاز اپنی جگہ،
لیکن جدائی کا یہ زخم اہلِ خانہ ہی کے دل جانتے ہیں۔
یہی وہ دکھ ہے
جو ہر شہادت کے ساتھ ایک نئی داستان بن کر جنم لیتا ہے۔
ہر قبر ایک داستان،
ہر قبرستان تاریخ کا ایک ورق
اور ہر شہید کا لہو قوم کے ضمیر پر ایک امانت ہے۔
یہ قربانیاں ہمیں یاد دلاتی ہیں
کہ ہمارے محافظ اپنی نیندیں قربان کر کے ہمیں سکون کی نیند سلاتے ہیں؛
وہ اپنا آج ہمارے کل پر نچھاور کر دیتے ہیں تاکہ پاکستان کا پرچم سربلند رہے۔
ایسی قربانیوں کے تصور ہی سے دل عقیدت سے جھک جاتا ہے،
مگر جب انہی محافظوں کی خدمات لازوال قربانی اور بے مثال شہادتوں کو فراموش کر کے ان کا مذاق اڑایا جاتا ہے ان کی قربانیوں کو بے حسی سے نظر انداز کیا جاتا ہے
تو دل رنجیدہ ہو جاتا ہے۔
اختلافِ رائے اپنی جگہ،
مگر شہداء ؒ کی قربانیوں کا احترام ہماری قومی اور اخلاقی ذمہ داری ہے۔ جنہوں نے ہماری سلامتی کے لیے اپنی جانیں دے دیں،
ان کی عظمت کو معمولی لفظوں میں نہیں تولا جا سکتا۔
اور یہی احساس مجھے ان تاریک وادیوں، دریاؤں کے کناروں اور برف پوش محاذوں کی طرف لے جاتا ہے،
جہاں ہمارے محافظ وطن کی خاطر اپنی جانوں کی بازی لگا دیتے ہیں۔
تصور کیجیے،
کسی ویران جنگل میں پڑا ہوا ایک شہید۔

وطن کی مٹی سے ہم کلام ہے۔
اس کا لہو گویا کہہ رہا ہے:
''ہم نے اپنا فرض ادا کر دیا،
اب تم اپنی ذمہ داری پہچانو۔
وطن سے محبت صرف نعروں میں نہیں،
کردار، دیانت اور خدمت میں بھی دکھائی دیتی ہے۔'
یہی بولتی لاشوں کا پیغام ہے۔
وہ ہمیں زندگی کی قدر، قربانی کی عظمت اور اپنے محافظوں سے محبت کا درس دیتی ہیں۔
وہ سمجھاتی ہیں کہ شہداء ؒ کو یاد رکھنا محض ایک رسم نہیں، بلکہ ان مقاصد سے وفاداری کا نام ہے
جن کے لیے انہوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔
وطن کی خدمت صرف سرحدوں پر جان دینے ہی کا نام نہیں،
بلکہ اپنی زندگی میں دیانت، اخلاص اور قومی ذمہ داری نبھانے سے بھی عبارت ہے۔
پوری قوم سمیت
میرے دل میں بھی ان بولتی لاشوں کی صدائیں بدستور گونج رہی تھیں۔
بارش کی بوندیں زمین پر گرتی رہیں، جیسے مٹی آج بھی ان شہیدوں کی داستان دہرا رہی ہو۔ ان کی خاموشی میں ایک صدا،
ان کے لہو میں ایک عہد اور ان کی قبروں میں ایک زندہ پیغام پوشیدہ تھا:
ہم نے اپنا آج تمہارے کل پر قربان کر دیا
اب تم اپنے کردار اپنے عمل اور اپنی وفاداری سے اس پیارے وطن کی حفاظت کرنا
پاکستان زندہ باد!
پاک افواج زندہ باد!**

بجلی کی قیمتوں میں اضافہ - غریب زندہ درگور

پہلے سے مہنگائی کی چکی میں پس رہی عوام کے لئے ایک تحفہ حاضر ہے، بجلی کی قیمتوں میں حالیہ اضافہ ایک مرتبہ پھر اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ توانائی کا شعبہ ملکی معیشت، صنعتی ترقی اور گھریلو زندگی کے لیے غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی جانب سے ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کی قیمت میں ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ اضافے کے فیصلے سے صارفین پر تقریباً 19 ارب روپے کا اضافی بوجھ پڑنے کا امکان ہے۔ ایسے حالات میں جب عام شہری پہلے ہی روزمرہ اخراجات، بچوں کی تعلیم، علاج معالجے اور رہائش جیسے بنیادی تقاضے پورے کرنے کے لیے مالی مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، بجلی کے بلوں میں اضافہ یقیناً تشویش کا باعث بنتا ہے۔ تاہم اس صورت حال کو محض نرخوں میں اضافے تک محدود رکھنے کے بجائے توانائی کے شعبے کی مجموعی کارکردگی، پیداواری لاگت اور مستقبل کی ضروریات کے تناظر میں دیکھنا ضروری ہے۔ پاکستان کے لیے پائیدار معاشی ترقی کا راستہ اسی وقت ہموار ہو سکتا ہے جب بجلی کی فراہمی کو قابلِ اعتماد، سستا اور صنعتی و زرعی ترقی کے تقاضوں سے ہم آہنگ بنایا جائے۔ کمپٹیشن کمیشن آف پاکستان کی رواں برس اپریل میں جاری کردہ رپورٹ کے مطابق گزشتہ تین برس کے دوران ملک میں بجلی کی قیمتوں میں 155 فیصد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ یہ اعداد و شمار توانائی کے شعبے میں موجود ساختی مسائل کی سنگینی کو واضح کرتے ہیں۔ اس عرصے میں بجلی کی قیمتوں پر مختلف عوامل اثرانداز ہوئے، جن میں پیداواری لاگت، روپے کی قدر میں کمی، درآمدی ایندھن کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، مالیاتی ذمہ داریاں اور بجلی کے نظام میں موجود انتظامی نقائص شامل ہیں۔ ان عوامل کا باہمی اثر بالآخر صارفین کے بلوں میں ظاہر ہوتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ حکومت اور متعلقہ ادارے ان مسائل کے بنیادی اسباب کا جائزہ لے کر ایسی اصلاحات متعارف کرائیں جو وقتی ریلیف کے ساتھ ساتھ مستقل بہتری کی بنیاد بھی فراہم کریں۔ بجلی کے نرخوں میں مسلسل اضافے کا ایک اہم پہلو پیداواری صلاحیت کے لیے کی جانے والی ادائیگیاں ہیں، جنہیں عمومی طور پر کیپسٹی پیمنٹس کہا جاتا ہے۔ بجلی پیدا کرنے والے اداروں کے ساتھ طے شدہ معاہدوں کے تحت بعض ادائیگیاں اس وقت بھی واجب الادا ہوتی ہیں جب بجلی کی پوری پیداواری صلاحیت استعمال نہ کی جا رہی ہو۔ اگر بجلی کی طلب، پیداواری منصوبہ بندی اور دستیاب صلاحیت کے درمیان مناسب توازن قائم نہ ہو تو یہ مالی بوجھ بڑھ سکتا ہے۔ اس مسئلے کا حل معاہدوں کی قانونی حدود کے اندر شفاف جائزے، طلب و رسد کی بہتر منصوبہ بندی، بجلی کی ترسیل و تقسیم کے نظام میں بہتری اور غیر ضروری اخراجات میں کمی سے ممکن ہے۔ توانائی کے شعبے میں اصلاحات کا مقصد صرف ادائیگیوں کو کم کرنا نہیں بلکہ دستیاب وسائل سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنا بھی ہونا چاہیے۔ پاکستان کی معیشت میں روپے کی قدر اور درآمدی ایندھن کی قیمتیں بھی بجلی کی لاگت پر نمایاں اثر ڈالتی ہیں۔ جب تیل، گیس یا دیگر درآمدی وسائل مہنگے ہوتے ہیں تو بجلی کی پیداوار کے اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ اسی طرح روپے کی قدر میں کمی کے نتیجے میں درآمدی ایندھن اور متعلقہ آلات کی خریداری زیادہ مہنگی پڑتی ہے۔ اس صورت حال سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ ملک توانائی کے ذرائع میں تنوع پیدا کرے اور مقامی وسائل سے زیادہ مؤثر انداز میں فائدہ اٹھائے۔ پن بجلی، شمسی توانائی، ہوا سے بجلی پیدا کرنے کے منصوبوں اور دیگر قابلِ تجدید ذرائع میں سرمایہ کاری سے درآمدی ایندھن پر انحصار بتدریج کم کیا جا سکتا ہے۔ اس تبدیلی کے لیے مربوط منصوبہ بندی، مناسب سرمایہ کاری، مضبوط ترسیلی نظام اور طویل مدتی پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔ بجلی کی مہنگائی کے اثرات گھریلو صارفین تک محدود نہیں رہتے بلکہ صنعت، زراعت، تجارت اور روزگار کے مواقع بھی اس سے متاثر ہوتے ہیں۔ چھوٹے کاروباروں کے لیے بجلی کا بل کاروباری اخراجات کا اہم حصہ ہوتا ہے۔ جب توانائی مہنگی ہو جائے تو دکانداروں، چھوٹی صنعتوں اور پیداواری اداروں کے لیے اپنی مصنوعات اور خدمات کی قیمتوں کو قابو میں رکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بعض کاروبار اپنی لاگت پوری کرنے کے لیے قیمتیں بڑھاتے ہیں، جس کا بوجھ بالآخر صارفین کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ دوسری جانب زیادہ پیداواری لاگت مقامی مصنوعات کی مسابقت کو بھی متاثر کر سکتی ہے۔ اگر پاکستان کو برآمدات میں اضافہ، صنعتی پیداوار میں وسعت اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے ہیں تو توانائی کے شعبے کو معاشی ترقی کے معاون نظام میں تبدیل کرنا ہوگا۔ زرعی شعبے کے لیے بھی سستی اور مسلسل بجلی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ ٹیوب ویلوں کے ذریعے آب پاشی کرنے والے کسانوں کی پیداواری لاگت میں بجلی کے نرخوں کا براہِ راست اثر پڑتا ہے۔ مہنگی توانائی کے باعث فصلوں کی لاگت بڑھنے سے کسانوں کی آمدن متاثر ہو سکتی ہے نتیجتاً طور پر مرتا صرف غریب ہی ہے۔

نقطۂ نظر
مقصود عالم

غربت کی گلیوں سے شہرت کے آسمان تک نانا پاٹیکر کی کہانی

روہیل اکبر

نانا پاٹیکر جیسے لوگ دنیا سے رخصت تو ہو جاتے ہیں مگر اپنے پیچھے ایسی کہانیاں چھوڑ جاتے ہیں جو برسوں تک زندہ رہتی ہیں ان کی اصل پہچان کیمرے کی روشنیوں سے کہیں آگے ہوتی ہے وہ اپنی زندگی کے دکھوں، محرومیوں، جدوجہد اور انسان دوستی سے لوگوں کے دلوں میں جگہ بناتے ہیں بھارتی فلمی دنیا کے معروف اداکار نانا پاٹیکر بھی انہی لوگوں میں شامل تھے جنہوں نے غربت کی تاریک گلیوں سے نکل کر شہرت کی بلندیوں تک کا سفر طے کیا اور کامیابی کے باوجود اپنی مٹی سے رشتہ نہیں توڑا وہ ایک ایسا فنکار جس کی آواز میں گرج، آنکھوں میں آگ اور اداکاری میں حقیقت کی ایسی شدت تھی کہ دیکھنے والا چند لمحوں کے لیے اپنی دنیا بھول جاتا تھا مگر اس فنکار کی اپنی زندگی بھی کسی فلم کی کہانی سے کم نہ تھی فرق صرف اتنا تھا کہ فلموں میں دکھائے جانے والے دکھ چند گھنٹوں بعد ختم ہو جاتے ہیں جبکہ حقیقی زندگی کے زخم انسان کے ساتھ برسوں چلتے ہیں نانا پاٹیکر کی زندگی کا سب سے بڑا سبق یہی ہے کہ انسان کی اصل پہچان اس کے پاس موجود دولت نہیں بلکہ وہ راستہ ہے جس پر چل کر وہ وہاں تک پہنچتا ہے کہتے ہیں کہ کامیابی کی عمارت کی بنیاد میں اکثر وہ آنسو شامل ہوتے ہیں جنہیں دنیا کبھی دیکھ نہیں پاتی۔ نانا پاٹیکر کی ابتدائی زندگی بھی مشکلات سے بھری ہوئی تھی ان کے خاندان کو معاشی بدحالی کا سامنا کرنا پڑا اور والد کی جائیداد سے محرومی کے بعد حالات مزید دشوار ہو گئے ایک انٹرویو میں انہوں نے اپنے ماضی کی تلخ یادیں بیان کرتے ہوئے بتایا تھا کہ نویں جماعت میں تعلیم حاصل کرنے کے دوران وہ اسکول کے بعد روزانہ تقریباً آٹھ کلومیٹر پیدل چل کر ممبئی کے علاقے چونا بھٹی جاتے تھے جہاں فلمی پوسٹر پینٹ کرنے کا کام کرتے تھے۔ اس محنت کے عوض انہیں ماہانہ صرف 35 روپے ملتے تھے زندگی کی ضروریات اتنی محدود تھیں کہ بعض اوقات دن میں صرف ایک وقت کا کھانا میسر آتا تھا ذرا تصور کیجیے! ایک کم عمر لڑکا جس کی آنکھوں میں مستقبل کے خواب ہوں جس کے دل میں کچھ بننے کی خواہش ہو مگر جیب خالی ہو گھر کے حالات خراب ہوں اور پیٹ کی بھوک اسے ہر روز محنت کرنے پر مجبور کرتی ہو یہ وہ عمر ہوتی ہے جب بچے کھلونوں سے کھیلتے ہیں دوستوں کے ساتھ گھومتے ہیں اور اپنے والدین سے فرمائشیں کرتے ہیں مگر کچھ بچے ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے بچپن کو حالات وقت سے پہلے چھین لیتے ہیں انہیں کھیلنے کی عمر میں ذمہ داری اٹھانا پڑتی ہے خواب دیکھنے سے پہلے روٹی کا بندوبست کرنا پڑتا ہے اور مسکرانے سے پہلے اپنے گھر والوں کی پریشانیوں کو سمجھنا پڑتا ہے نانا پاٹیکر بھی اسی کٹھن راستے سے گزرے شاید یہی وجہ تھی کہ جب انہیں زندگی میں کامیابی ملی تو وہ غربت کے دکھ کو بھول نہ سکے کیونکہ بھوک صرف پیٹ کو نہیں ستاتی یہ انسان کے ذہن پر بھی اپنے نشان چھوڑ جاتی ہے وقت ہمیشہ ایک جیسا نہیں رہتا کبھی وہ انسان کو ایسے امتحان میں ڈال دیتا ہے جہاں اپنے بھی اجنبی محسوس ہونے لگتے ہیں اور کبھی اسی انسان کو ایسی بلندی عطا کرتا ہے کہ دنیا اس کے نام سے پہچانی جاتی ہے نانا پاٹیکر نے اپنی محنت، صلاحیت اور غیر معمولی اداکاری کے ذریعے بھارتی سینما میں وہ مقام حاصل کیا جس کا خواب ہزاروں فنکار دیکھتے ہیں۔ 1978 میں فلم 'گمن' سے ان کے فلمی سفر کا آغاز ہوا اس کے بعد انہوں نے اپنی اداکاری کا ایسا رنگ جمایا کہ دیکھنے والوں کے ذہنوں پر ان کے کردار نقش ہو گئے۔ 'پرندہ'، 'کرانتی ویر'، 'اگنی ساکشی'، 'اب تک چھپن'، 'نٹ سمراٹ' اور 'ویلکم' جیسی فلموں میں ان کی اداکاری نے ثابت کیا کہ وہ صرف مکالمے بولنے والے اداکار نہیں بلکہ کردار کے اندر اتر کر اسے زندہ کرنے کا ہنر جانتے تھے کبھی وہ غصے سے بھرا ہوا ایسا کردار ادا کرتے کہ دیکھنے والا سہم جاتا کبھی درد میں ڈوبا ہوا انسان بن کر دلوں کو چھو لیتے اور کبھی مزاح کے ذریعے لوگوں کو ہنسنے پر مجبور کر دیتے یہی ایک بڑے فنکار کی پہچان ہوتی ہے کہ وہ ہر کردار میں اپنی الگ شناخت چھوڑ جائے۔ غربت کے دنوں میں چند روپے کمانے کے لیے محنت کرنے والا یہ شخص وقت کے ساتھ کروڑوں کی دولت رکھنے والی شخصیات میں شمار ہونے لگا ان کی دولت کے بارے میں مختلف ذرائع نے مختلف اندازے پیش کیے مگر میرے نزدیک ان کی زندگی کی سب سے بڑی دولت ان کی اداکاری، محنت اور وہ تجربات تھے جنہوں نے انہیں ایک منفرد انسان بنایا دنیا کا ایک عجیب اصول ہے جب انسان کے پاس کچھ نہیں ہوتا تو وہ خواب دیکھتا ہے کہ ایک دن اس کے پاس سب کچھ ہوگا لیکن جب اس کے پاس سب کچھ آ جاتا ہے تو اکثر وہ مزید حاصل کرنے کی دوڑ میں اپنی زندگی کا سکون کھو بیٹھتا ہے کوئی بڑی گاڑی خریدنا چاہتا ہے کوئی محل جیسا گھر بنانا چاہتا ہے کوئی اپنے نام کے آگے ایسے القابات لگوانا چاہتا ہے جن سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہو مگر کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو کامیابی کی بلندیوں تک پہنچنے کے بعد بھی سادگی کو اپنی زندگی کا حصہ بنائے رکھتے ہیں۔ نانا پاٹیکر کے بارے میں بھی یہی بات مشہور رہی کہ وہ شہرت اور دولت کے باوجود غیر ضروری نمود و نمائش سے دور رہتے تھے ان کی رہائش، ان کا رہن سہن اور کاشتکاری سے وابستگی اس بات کی یاد دلاتی تھی کہ انسان کی خوشی کا تعلق ہمیشہ مہنگی گاڑیوں، قیمتی گھڑیوں اور بڑے بنگلوں سے نہیں ہوتا ان کی زندگی کے بارے میں شائع ہونے والی رپورٹس میں ممبئی کے ایک نسبتاً سادہ اپارٹمنٹ، گوا میں جائیداد اور پونے کے قریب فارم ہاؤس کا ذکر ملتا ہے۔ ان کا کھیتی باڑی سے لگاؤ بھی ان کی شخصیت کا ایک نمایاں پہلو تھا یہاں سوال یہ نہیں کہ کسی کے پاس کتنی جائیداد ہے بلکہ سوال یہ ہے کہ جائیداد بڑھنے کے ساتھ اس کے دل میں دوسروں کے لیے کتنی جگہ باقی رہتی ہے نانا پاٹیکر کی شخصیت کا ایک اہم پہلو سماجی خدمت بھی تھا وہ کسانوں کی مشکلات اور دیہی زندگی کے مسائل سے لاتعلق نہیں رہے نام فاؤنڈیشن کے ذریعے کسانوں کی مدد اور پانی کے تحفظ کے لیے کیے جانے والے کاموں میں ان کی وابستگی قابلِ ذکر رہی ہمارے معاشرے میں بھی ایسے لوگ موجود ہیں جن کے پاس دولت ہے، اختیار ہے، وسائل ہیں مگر ان کے اردگرد بھوک، بے روزگاری اور محرومی کے شکار انسانوں کی طرف ان کی نظر نہیں اٹھتی وہ اپنے گھروں کی آرائش پر لاکھوں روپے خرچ کر دیتے ہیں لیکن کسی غریب بچے کی تعلیم، کسی بیمار کی دوا یا کسی بھوکے خاندان کے راشن کے لیے ان کا ہاتھ نہیں کھلتا اس کے برعکس جو شخص خود بھوک دیکھ چکا ہو وہ دوسروں کی بھوک کا مفہوم بہتر سمجھ سکتا ہے۔ جو شخص محرومی کے راستوں سے گزرا ہو وہ کسی ضرورت مند کی خاموشی میں چھپی فریاد سن سکتا ہے شاید نانا پاٹیکر کی ابتدائی زندگی کے تجربات نے انہیں یہ احساس دیا کہ کامیابی کا اصل حسن صرف اپنے لیے جینے میں نہیں بلکہ دوسروں کی زندگی میں آسانی پیدا کرنے میں بھی ہے۔ انسان کی عظمت اس بات سے نہیں ناپی جا سکتی کہ اس نے کتنی دولت جمع کی بلکہ اس بات سے ناپی جانی چاہیے کہ اس نے اپنی استطاعت کے مطابق کتنے لوگوں کے دکھ کم کیے زندگی کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ہم انسان کی قدر اکثر اس وقت پہچانتے ہیں جب وہ ہمارے درمیان موجود نہیں رہتا اس کے زندہ ہونے تک ہم اس کی خامیوں پر بحث کرتے ہیں، اس کے کاموں میں نقص نکالتے ہیں اس کی کامیابیوں کو قسمت کا نام دیتے ہیں اور اس کے دکھوں کو نظر انداز کر دیتے ہیں لیکن جب موت اسے ہم سے جدا کر دیتی ہے تو وہی دنیا اس کے قصیدے پڑھنے لگتی ہے یہی وہ لمحہ ہوتا ہے جب انسان کو سوچنا چاہیے کہ ہم آخر کس چیز کے پیچھے بھاگ رہے ہیں؟ وہ دولت جسے انسان اپنے ساتھ قبر میں نہیں لے جا سکتا؟ وہ شہرت جو چند دن بعد کسی نئے نام کے شور میں دب جاتی ہے؟ وہ عہدے جن کے لیے ہم اپنے تعلقات اور ضمیر تک داؤ پر لگا دیتے ہیں؟ یا وہ محبت، خلوص اور نیک اعمال جو انسان کے دنیا سے چلے جانے کے بعد بھی لوگوں کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں؟ نانا پاٹیکر کی زندگی ہمیں یاد دلاتی ہے کہ غربت انسان کی تقدیر کا آخری فیصلہ نہیں ہوتی حالات کتنے ہی سخت کیوں نہ ہوں محنت اور مستقل مزاجی انسان کے لیے نئے راستے کھول سکتی ہے۔ لیکن کامیابی ملنے کے بعد اپنی اصل کو یاد رکھنا اس سے بھی بڑا امتحان ہے ان کی وفات پر افسوس کرنے والوں کو ان کی فلمیں، ان کے مکالمے اور ان کے کردار یاد آئیں گے مگر ان کی زندگی کا اصل خراجِ عقیدت یہ ہوگا کہ ہم ان کی جدوجہد سے سبق حاصل کریں غریبوں کے دکھ کو سمجھیں، کسانوں کی مشکلات کا احساس کریں اور اپنے اردگرد موجود ضرورت مند انسانوں کے لیے آسانی پیدا کریں کیونکہ دنیا سے جانے کے بعد کسی انسان کی دولت نہیں اس کے کردار کی خوشبو زیادہ دیر تک باقی رہتی ہے ہم میں سے ہر شخص ایک دن اس دنیا سے رخصت ہو جائے گا کوئی شہرت کے ساتھ جائے گا، کوئی خاموشی سے، کوئی محل چھوڑ کر اور کوئی چھوٹا سا گھر لیکن جاتے ہوئے کوئی بھی اپنے ساتھ اپنی دولت، عہدہ یا اختیار نہیں لے جا سکے گا پیچھے رہ جائیں گے تو صرف اعمال، یادیں اور وہ نشانیاں جو ہم نے دوسرے انسانوں کی زندگیوں میں چھوڑی ہوں گی نانا پاٹیکر کا سفر غربت سے شہرت تک کا سفر ضرور تھا لیکن اس میں چھپا سب سے بڑا پیغام یہ ہے کہ انسان کو اپنی کامیابی کے ساتھ اپنی انسانیت بھی زندہ رکھنی چاہیے۔

کیا ہم کبھی آئی ایم ایف کے چنگل سے نکل پائیں گے؟

مرزا غالب نے کیا خوب کہا ہے کہ

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

قوم کو مبارک ہو کہ آئی ایم ایف نے پاکستان کے لیے قرض کی ایک نئی قسط کی منظوری دے دی ہے۔ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک اپنی معاشی ترقی، صنعتی پیداوار، برآمدات، روزگار کے مواقع اور عوام کے معیارِ زندگی میں بہتری پر خوش ہوتے ہیں، مگر ہمارے ہاں خوشی کا ایک بڑا موقع یہ بن چکا ہے کہ عالمی مالیاتی فنڈ یعنی آئی ایم ایف نے پاکستان کے لیے قرض کی ایک نئی قسط منظور کر دی ہے۔ تازہ ترین پیش رفت کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدہ طے پا گیا ہے، جس کے تحت پاکستان کو ایک ارب 21 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع ہے۔ یوں دونوں پروگراموں یعنی EFF اور RSF کے تحت مجموعی رقم 5 ارب 70 کروڑ ڈالر تک پہنچ جائے گی۔ EFF یعنی ایکسٹینڈڈ فنڈ فیسیلٹی معیشت کو مستحکم کرنے اور معاشی مسائل پر قابو پانے کا طویل مدت کا قرض پروگرام ہے جبکہ RSF یعنی ریزیلینس اینڈ سسٹین ایبلٹی فیسیلٹی پروگرام پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات سے پیدا ہونے والے معاشی خطرات کا مقابلہ کرنے کے قابل بنانے کے لیے ہے۔ دونوں پروگراموں کے تحت ملنے والی رقم قرض و مالی معاونت کا حصہ ہے، جسے سود سمیت واپس کرنا ہو گا۔

یہ خبر بظاہر اطمینان کا باعث ہے کہ ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر بہتر ہوئے ہیں، معاشی استحکام کی طرف پیش رفت ہوئی ہے اور عالمی مالیاتی منڈیوں میں پاکستان پر اعتماد بحال ہوا ہے، لیکن ایک بنیادی سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ ہم آخر کب تک قرض کی نئی قسط کو معاشی کامیابی سمجھتے رہیں گے؟ کیا ہم کبھی اپنے پاؤں پر کھڑے ہو پائیں گے یا آئی ایم ایف کی بیساکھیاں مستقل روگ کی طرح ہمارے ساتھ چمٹی رہیں گی؟

قرض لینا بذاتِ خود کوئی جرم نہیں۔ دنیا کے بہت سے ممالک ترقیاتی منصوبوں اور معاشی ضرورتوں کے لیے قرض لیتے ہیں، لیکن اصل مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب قرض ہماری معیشت کی ضرورت کے بجائے ہماری معاشی بقا کا مستقل سہارا بن جائے۔ پاکستان کی بدقسمتی یہی ہے کہ ہم ایک قرض اتارنے کے لیے دوسرا قرض لیتے ہیں اور پھر اس قرض کی شرائط پوری کرنے کے لیے ایسے فیصلے کرتے ہیں جن کا براہِ راست بوجھ عام آدمی پر پڑتا ہے۔

آئی ایم ایف کے تازہ اعلامیے میں بجلی اور گیس کے نرخوں میں بروقت اضافہ، تیل کی قیمتوں میں ایڈجسٹمنٹ، گردشی قرضے پر قابو پانے، روپے کی شرحِ تبادلہ میں لچک، سخت مالیاتی پالیسی، نجکاری اور بجلی کی تقسیم کے نظام میں نجی شعبے کی شمولیت سمیت متعدد اصلاحات پر زور دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف کی طرف سے حکومت کو وسیع پیمانے پر ایندھن سبسڈی ختم کرنے کی ہدایت بھی کی گئی ہے جو دراصل حکم ہے جس کی تعمیل کر کے حکومت اپنے عوام کو مزید مہنگائی کے حوالے کرنے جا رہی ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان میں سے کتنے فیصلے ہماری اپنی ترجیحات ہیں اور کتنے فیصلے قرض دینے والے ادارے کی شرائط ہیں؟

اسی مقام سے ہماری معاشی خودمختاری کا سوال جنم لیتا ہے۔ جب حکومت کو بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے کے لیے آئی ایم ایف کی شرائط کا سامنا ہو، لیکن عوام کو ریلیف دینے کے معاملے میں اسی ادارے کی اجازت کا خیال رکھا جائے، تو عام آدمی کے ذہن میں یہ سوال پیدا ہونا فطری ہے کہ ملک کی معاشی پالیسی آخر اسلام آباد میں بنتی ہے یا واشنگٹن میں؟



صدابصحرا
رفیع صحرائی
rafisehraee5586@gmail.com

تاہم یہاں ایک حقیقت کا اعتراف بھی ضروری ہے۔ آئی ایم ایف ہماری موجودہ معاشی کمزوری کا بنیادی سبب نہیں بلکہ اس کمزوری کی ایک علامت ہے۔ اصل بیماری کہیں زیادہ گہری ہے۔ کمزوری ہماری اپنی ہے جس کا پورا فائدہ آئی ایم ایف اٹھا رہی ہے۔ ہم نے کئی دہائیوں تک ٹیکس کا دائرہ وسیع کرنے اور براہِ راست ٹیکس وصولی کے بجائے بالواسطہ ٹیکسوں پر انحصار کیا، برآمدات بڑھانے کے بجائے درآمدی معیشت کو فروغ دیا، سرکاری اداروں کی اصلاح کرنے کے بجائے انہیں سیاسی مصلحتوں کا شکار رکھا، توانائی کے شعبے میں لائن لاسز اور چوری ختم کرنے کے بجائے نرخ بڑھانے کو آسان راستہ سمجھا اور اخراجات میں کمی کے بجائے آمدن بڑھانے کے لیے عوام کی جیب کو ہدف بنایا۔ قربانی ہمیشہ عوام سے مانگی گئی جبکہ مراعات یافتہ طبقے پر گاہے گاہے مزید نوازشات کی بارش ہوتی رہی۔ ان حالات نے ہماری معیشت کو ایسی دلدل میں دھکیل دیا ہے کہ اس سے نکلنے کے لیے آئی ایم ایف کی رسی ہمیں نجات دہندہ لگنے لگتی ہے جبکہ اصلاحی اقدام نہ ہونے کی وجہ سے ہم دلدل میں مزید دھنستے چلے جا رہے ہیں۔

ہمیں یہ بھی سوچنا ہوگا کہ اگر ہر چند سال بعد آئی ایم ایف کے پاس جانا ہی ہے تو پھر ہماری معاشی منصوبہ بندی کہاں ہے؟ ہر حکومت اقتدار سنبھالنے کے بعد معیشت کی خراب حالت کا ماتم کرتی ہے، آئی ایم ایف سے نیا پروگرام حاصل کرتی ہے، کچھ عرصہ ''استحکام'' کے دعوے ہوتے ہیں، پھر سیاسی یا انتظامی دباؤ میں اصلاحات ادھوری رہ جاتی ہیں اور چند سال بعد ہم دوبارہ اسی دروازے پر کھڑے ہوتے ہیں۔ یہ قرض کا چکر نہیں تو اور کیا ہے؟ تازہ اعلامیے میں مہنگائی میں کمی، معاشی شرح نمو، ترسیلاتِ زر میں اضافہ اور زرمبادلہ کے ذخائر میں بہتری کو مثبت پیش رفت قرار دیا گیا ہے۔ یہ کامیابیاں یقیناً قابلِ تحسین ہیں، لیکن معاشی استحکام اس وقت تک پائیدار نہیں ہو سکتا جب تک اس کے ثمرات عام شہری تک نہ پہنچیں۔ اگر قومی معیشت کے اعداد و شمار بہتر ہوں مگر ایک مزدور کا بجلی کا بل، ایک کسان کی ٹیوب ویل کی لاگت، ایک دکاندار کے کاروباری اخراجات اور ایک متوسط گھرانے کا ماہانہ بجٹ مسلسل دباؤ میں ہو تو ہمیں اپنی کامیابی کے پیمانے پر بھی غور کرنا ہوگا۔

آئی ایم ایف نے ٹیکس نظام کو آسان، کاروبار دوست اور ڈیجیٹل بنانے، صحت و تعلیم کے اخراجات بڑھانے، کم آمدنی والے طبقے کے لیے سماجی تحفظ مضبوط کرنے اور برآمدات و نجی سرمایہ کاری کے فروغ پر بھی زور دیا ہے۔ ان میں سے بہت سی تجاویز دراصل ایسی ہیں جن پر ہمیں کسی عالمی ادارے کے کہنے سے پہلے خود عمل کرنا چاہیے تھا۔

اب وقت آ گیا ہے کہ اگر ہمیں اپنے ملک کی معیشت کو کھڑا کرنا ہے تو ہمیں آئی ایم ایف سے نجات کے لیے آئی ایم ایف مخالف نعرے نہیں بلکہ آئی ایم ایف سے بے نیازی کی معیشت بنانا ہوگی۔ اس کے لیے ٹیکس چوری کا خاتمہ، ٹیکس نیٹ میں حقیقی توسیع، زرعی و صنعتی پیداوار میں اضافہ، برآمدات کا فروغ، توانائی کے شعبے میں حقیقی اصلاحات، سرکاری اداروں کے نقصانات کا خاتمہ، غیر ضروری سرکاری اخراجات میں کمی، سیاسی بنیادوں پر دی جانے والی مراعات کا خاتمہ اور پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔

ہمیں یہ بھی طے کرنا ہوگا کہ ریاست اپنے وسائل کہاں خرچ کرتی ہے۔ اگر ایک طرف عام آدمی بجلی، گیس، پٹرول اور اشیائے ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا بوجھ اٹھائے اور دوسری طرف ریاستی اخراجات، مراعات، غیر پیداواری منصوبوں اور خسارے میں چلنے والے اداروں پر بے دریغ پیسہ خرچ ہوتا رہے تو معاشی اصلاحات کا بوجھ ہمیشہ عوام ہی کیوں اٹھائیں؟ قرض لینے سے پہلے اخراجات کم کرنے، آمدن بڑھانے اور وسائل پیدا کرنے کی کوشش ہونی چاہیے۔ سب سے بڑھ کر ہمیں اپنی سوچ بدلنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں قرض کو کامیابی اور خود انحصاری کو محض ایک خواب سمجھنا چھوڑنا ہوگا۔ آئی ایم ایف کی ہر قسط وقتی طور پر ہماری ضرورت پوری کر سکتی ہے، لیکن مستقل معاشی استحکام صرف اس وقت آئے گا جب ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہوں گے۔

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد ہاشم خان ولد غلام محمد چک نمبر 40 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں غلام محمد والد، جنت بی بی والدہ، نور بیگم زوجہ پہلے فوت شدگان، نسیم اختر بیوہ، صباحت جاوید دختر بعد میں فوت شدگان، رانا محمد ظفر اقبال خاں، محمد اظہر ہاشم پسران، نگہت قمر رانا، فرحت طارق، نزہت توحید خان دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبروگواہان پیش ہو کر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

عاق نامہ

میں نے اپنی حقیقی بیٹی مسماۃ اقراء اشتیاق دختر اشتیاق علی ساکن چہل خورد ڈاکخانہ خاص چہل کلاں تحصیل و ضلع گوجرانوالہ حال مقیم یو کے، یہ کہ میری بیٹی نے غلط راستہ اختیار کر لیا ہے اور وہ ایک بے راہ روی پر مبنی زندگی گزار رہی ہے، نیز غیر اخلاقی اور غیر اسلامی سرگرمیوں میں ملوث ہے اس نے اقرار کیا ہے کہ وہ لیسبین ہے جو ہمارے خاندانی روایات اور شریعت کے منافی ہے، اس کی نافرمانی اور غیر اخلاقی حرکات کی وجہ سے خاندان اور معاشرے میں میری عزت نیک نامی ساکھ اور وقار شدید نقصان پہنچا ہے، میں نے اپنی حقیقی بیٹی اقراء اشتیاق کو اپنی تمام منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے میری زندگی میں یا میری وفات کے بعد میری جائیداد میں اس کا کوئی حق یا حصہ نہیں ہوگا سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں

المشتہر اشتیاق علی ولد محمد مالک ساکن چہل خورد ڈاکخانہ خاص چہل کلاں تحصیل و ضلع گوجرانوالہ

Cr..AM

بعدالت جناب منزہ شبیر عباسی صاحبہ سول جج سیالکوٹ

نذیر احمد بنام عوام الناس وغیرہ

نذیر احمد ولد محمد بوٹا ساکن نول مور تحصیل و ضلع سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق

اخبار اشتہار بنام 1۔ عوام الناس

ہر گاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 29-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کر سکتے ہیں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی بعد میں کوئی عذر و قابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Tabbasum

عاق نامہ

میں نے اپنے عالم شہزاد کو بوجہ نافرمانی اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کر دیا ہے آئندہ اسکے کسی قول و فعل یا لین دین کا ذمہ دار نہ ہونگا۔ محمد اسلم ولد محمد دین سکنہ شیخ بھاگو ڈاکخانہ قصور تحصیل و ضلع قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی حاکم علی ولد جمال دین کی وراثت انتقال واقع موضع چھٹیانوالہ درج ہو چکی ہے۔ جس کے وارثان کی تصدیق ہونا ہے۔ والدین متوفی پہلے فوت شد، بلقیس بیوہ زندہ، شہزاد، وقاص علی، محمد سفیان، نعمان علی، صائمہ، ثناء پسران و دختران متوفی زندہ ہیں کو وارثان ظاہر کیا گیا ہے۔ اگر کسی کو نسبت وراثت سے اعتراض ہو یا کوئی دیگر وارث ہو تو بعد از اشاعت سات 7 یوم میں عدالت ہذا سے رابطہ کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل ساعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط و مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب ADLR صاحب /تحصیلدار صاحب بہاولنگر

ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ عظمت بی بی دختر الٰہی بخش بیوہ علی شیر ذات بھٹی ضلع بہاولنگر کا انتقال ہو چکا ہے۔ متوفیہ کی اراضی موضع روجھانوالی تحصیل و ضلع بہاولنگر میں واقع ہے۔ متوفیہ کے شرعی وارثان میں محمد حنیف، حنیفہ بی بی پسر و دختر حقیقی زندہ حیات ہیں۔ متوفیہ کا پسر حقیقی محمد اقبال بعد میں فوت شدہ ہے جبکہ متوفیہ کے والدین اور خاوند علی شیر پہلے سے فوت شدہ ہیں۔ اور کوئی وارث نہ ہے۔ متوفیہ کا انتقال وراثت منظور ہونا ہے۔ اگر کوئی وارث رہ گیا ہو یا کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی کے روبرو اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوں ورنہ انتقال وراثت منظور کر لیا جائے گا اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب میڈم نازش نواز کیانی صاحبہ جج فیملی کورٹ پسرور

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع: سدرہ بتول بنام شیر علی :اشتہار بنام شیر علی ولد محمد عاشق ساکن دھیرا سندھا تحصیل و ضلع سیالکوٹ۔ ہر گاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے بتقرر 2026-10-20 بوقت 8 بجے تاریخ مقرر پر اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Shan

بعدالت جناب نازش نواز کیانی صاحبہ سول جج / گارڈین پسرور

انتقال وراثت موضع ڈونگہ عاکوکا تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا نسیم بی بی بیٹی متوفی حاضر آکر بیانی ہے کہ میرا والد محمد اشرف ولد محمد عزیز ذات بھٹی بقضائے الٰہی فوت ہو چکا ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفی کے ورثاء میں تین بیٹیاں شمیم اختر۔ نسیم اختر۔ پروین اختر زندہ حیات ہیں بیوی نور بیگم اور والدین متوفی پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتی ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر جواب داخل کریں ورنہ کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

عاق نامہ/ اعلان لاتعلقی

ہم اپنے حقیقی بھائی محمد شہباز ولد عنائیت محمد کو بوجہ نافرمانی گستاخی اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق اور اعلان لاتعلقی کرتے ہیں آج کے بعد ان کے کسی بھی قول وفعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہونگے، سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

المشتہران: شبیر حسین ولد عنائیت محمد، عباس علی ولد عنائیت محمد ساکنان پمپ والا بازار رانا ٹاؤن تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ۔

Cr..FW

بعدالت جناب محمد عثمان صاحب سول جج جہلم

دعویٰ اعادہ حقوق زن آشوئی عنوان مقدمہ حیدر علی بنام عظمیٰ النساء اخبار اشتہار بنام عظمیٰ النساء دختر محمد عظیم اختر ساکن کشمیر کالونی ڈاکخانہ جلہن نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہا کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 20-10-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔

Cr..Faraz

کی سنت ہے تا کہ آپ کے مسائل آپ کے پاس آکر سن کر حل کئے جائیں اور کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے۔ شہری معاشرتی، اخلاقی برائیوں وجرائم پیشہ عناصر سے متعلق اطلاع دے سکتے ہیں۔ شہری پولیس سے متعلقہ شکایت نوٹ کروا سکتے ہیں، انکی دادرسی یقینی بنائی جائے گی۔ ڈی پی او نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کی جان و مال کی حفاظت، امن وامان کا قیام اولین ترجیح ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے پبلک سروس ڈیلیوری میں بہتری کیلئے اقدامات جاری ہیں۔ میں روزانہ دن 12 بجے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں کے مسائل سنتا ہوں، شہری بلا جھجھک میرے پاس تشریف لائیں۔

بقیہ سحر 22

ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد طارق اسماعیل سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کے افسران نے اپنی کارکردگی، جاری اقدامات اور فیلڈ میں کی جانے والی کارروائیوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ محکمہ فوڈ سیفٹی اینڈ کنزیومر پروٹیکشن کی جانب سے فلور ملز، گندم کے ذخائر اور مارکیٹ میں آٹے کی دستیابی کی صورتحال سے آگاہ کیا گیا اور 10 اور 15 کلوگرام آٹے کے تھیلوں کی دستیابی یقینی بنانے کے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔

بقیہ سحر 23

اور انتظامی معاملات کا بھی جائزہ لیا انہوں نے طلبہ کے لیے دستیاب سہولیات کو مزید بہتر بنانے اور سکول کے انتظامی امور کو مؤثر انداز میں جاری رکھنے کے حوالے سے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کیں

بقیہ سحر 24

مدمقابل مہر محمد عرفان دوسرے نمبر پر ہے۔ عرفان لطیف میر صدر انجمن تاجران بیسمنٹ کے صدر، خرم بھٹی جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے۔ معروف برطانوی قانون دان بیرسٹر رضوان احمد سلہریا، عرفان خان شیروانی، حاجی شیخ محمد طیب، عدنان صابر، عبدالکریم سیال، مہر منصور شیرو، کلین گرین پاکستان کے چیمپئن محمد اشفاق نذر، عبدالکریم سیال، فاضل بختیار قریشی، ایوب خان، حاجی طارق حسین، مرزا نسیم ودیگر نے مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 25

عدم برداشت کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، جبکہ قانون نافذ کرنے والے ادارے ایسے واقعات میں شفاف تحقیقات اور قانون کے مطابق کارروائی یقینی بنائیں۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ برداشت، رواداری اور احترامِ انسانیت کو فروغ دیں تاکہ معاشرے کو تشدد اور تباہی سے بچایا جا سکے

بقیہ سحر 26

منصوبے میں شامل کرنے کے لیے مؤثر منصوبہ بندی کیوں نہیں کی جا رہی شہریوں کا کہنا ہے کہ کسی بھی عوامی فلاحی منصوبے کی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب اس کے ثمرات بڑے شہروں اور مرکزی علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی آبادیوں اور دور دراز کے مسافروں تک بھی پہنچیں طلبہ مزدور اور ملازمت پیشہ افراد مشکلات سے دوچار

بقیہ سحر 27

کمیشن کی طرف سے لگایا گیا اس میلے کو آرگنائز کرنے میں غلام نبی ڈھڈی صدر سوشل ڈویلپمنٹ کونسل ملکہ ہانس پاکپتن اور ان کی ٹیم نے اپنا کردار ادا کیا، غلام نبی ڈھڈی صدر سوشل ڈویلپمنٹ کونسل ملکہ ہانس پاکپتن نے خواتین کے زیادہ سے زیادہ شناختی کارڈز بنوانے پر زور دیا تاکہ خواتین گورنمنٹ کی سہولیات سے محروم نہ رہیں اور الیکشن میں بھی اپنی رائے کا اظہار کر سکیں اور الیکشن میں بھی حصہ لے سکیں

بقیہ سحر 28

حکام سے ملی بھگت کے الزامات بھی عائد کیے گئے ہیں، جبکہ معاملہ اینٹی کرپشن حکام کے سامنے اٹھائے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے، اہلیان نور پور نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، سیکرٹری ہیلتھ پنجاب اور اینٹی کرپشن حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام شکایات، دستیاب شواہد اور متعلقہ ریکارڈ کی غیر جانب دارانہ تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں، تاہم ان الزامات کی آزادانہ تصدیق ہونا باقی ہے اور متعلقہ حکام و ڈاکٹر طارق کا مؤقف سامنے آنا بھی ضروری ہے

بقیہ سحر 29

اندراج، ڈرائیونگ لائسنس سے متعلق سہولیات، کریکٹر سرٹیفکیٹ اور دیگر پولیس خدمات فراہم کی جارہی ہیں، جبکہ خواتین اور بچوں کو ترجیح دی جا رہی ہے۔ شہری اپنے علاقے میں موبائل پولیس اسٹیشنز کی آمد کا شیڈول سیالکوٹ پولیس کے آفیشل سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر دیکھ کر ان سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ر دوست محمد کا کہنا ہے کہ شہریوں کی دہلیز پر معیاری پولیس خدمات کی فراہمی اور ان کے مسائل کا بروقت حل ہماری ترجیح ہے۔

بقیہ سحر 30

عائد کیا گیا۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے ناقص اچار اور ممنوعہ اجزاء تلف کر کے ڈیری مینوفیکچرنگ یونٹ اور پاپڑ فیکٹری کے مالکان کیخلاف ایف آئی آر درج کروادی جبکہ مربہ اینڈ اچار یونٹ کو ایک لاکھ 70 روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا کہنا تھا کہ ملاوٹ اور جعل سازی جیسے سنگین جرائم میں ملوث عناصر کیخلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ سحر 31

ضروری کارروائی مکمل کی اور دونوں کی باڈیز کو کار سے نکال کر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دیا۔ ریسکیو 1122 کی شہریوں سے اپیل ہے کہ تیز رفتاری سے گریز

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح، بعنوان: حور بانو بنام حسنین عباس

اشتہار بنام: حسنین عباس ولد خرم شہزاد ساکن بیٹرے حافظ آباد بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

جناب طالب حسین طالب صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نذیر احمد ولد دولے خاں چک نمبر 65 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں دولے خاں والد، عنائیت بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، نسرین اختر بیوہ بعد میں فوت شد، عمران نذیر پسر، ثانیہ نذیر احمد دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبروگواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

کریں اور سفر کے دوران ٹریفک قوانین وحفاظتی اصولوں کی پابندی کریں۔

بقیہ سحر 32

حلقوں نے بھی سردار سرجیت سنگھ کنول کی تقرری کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں مبارک باد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اقلیتی برادری کی مؤثر نمائندگی، عبادت گاہوں کا تحفظ اور مذہبی رواداری کا فروغ معاشرتی ہم آہنگی کے لیے اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ سردار سرجیت سنگھ کنول میرٹ، شفافیت اور عوامی خدمت کے جذبے کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے کمیونٹی کے مسائل کے حل میں مثبت کردار ادا کریں گے۔

بقیہ سحر 33

انتظامات کو مزید بہتر بنانے اور خصوصی کلین اپ آپریشن کے لیے متحرک ہیں۔ اس سلسلے میں صوبائی وزیر بلدیات کی سیاسی ٹیم کے رکن اور سٹی صدر مسلم لیگ (ن) ڈسکہ محمد افضل منشاء نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی ڈسکہ یاسر گیلانی کے ہمراہ دن بھر ڈسکہ شہر میں صفائی آپریشن کی نگرانی کی اور شہر کی مین شاہراہوں سے کوڑے کے ڈھیر ختم کروا کر شہر کو صاف کر دیا افضل منشاء کا کہنا تھا کہ شہر کو صاف رکھنا ہمارا مقصد ہے اور شہر کی خوبصورتی کیلئے کوشاں ہیں۔

بقیہ سحر 34

10 مراکز قائم ہوں گے جن میں سیٹلائٹ ٹاؤن اور جھنگ صدر کے نجی اسکول شامل ہیں جہاں شام کے وقت ایک گھنٹے کی کلاسز دی جائیں گی۔ اس کے علاوہ شورکوٹ، شورکوٹ کینٹ، احمد پور سیال، اٹھارہ ہزاری اور شاہ جیونہ میں بھی مراکز قائم کیے جائیں گے۔

بقیہ سحر 35

سائیکل پر اپنے گاؤں چک نمبر 625 گ ب، جڑانوالہ، ضلع فیصل آباد جانے والے بس ڈرائیور محمد طارق کو دو نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر روک لیا۔ ملزمان اس سے 34 ہزار/500 روپے نقدی، 65 ہزار روپے مالیت کا موبائل فون اور ہنڈا 125 موٹر سائیکل نمبر AUT-2183 چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات تھانہ فیض آباد کے علاقے کوٹ یعقوب میں ہوئی، جہاں سرفراز اپنے اہل خانہ کے ہمراہ لاہور گیا ہوا تھا کہ نامعلوم چور گھر کی چھت کے راستے اندر داخل ہو گئے اور 80 ہزار روپے نقدی، فرشی پنکھا اور برتن چوری کر کے لے گئے۔

بقیہ سحر 36

کرنا مریضوں کے لیے خطرات پیدا کر سکتا ہے۔ حکام اس امر کی جانچ کریں کہ علاج کرنے والے افراد مطلوبہ تعلیمی قابلیت اور قانونی اجازت رکھتے ہیں یا نہیں، جبکہ خلاف ورزی ثابت ہونے پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔ اسی طرح بغیر لائسنس میڈیکل اسٹورز چلانے اور بعض مقامات پر مبینہ طور پر کسی دوسرے شخص کے لائسنس پر کاروبار کرنے کے الزامات کی بھی تحقیقات کی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 37

کارروائی کرتے ہوئے چوری کی واردات میں ملوث 2 خواتین کو گرفتار کر لیا۔ جن کی شناخت 1۔ عاصمہ بی بی 2۔ سکینہ بی بی سکنائے وزیر آباد کے نام سے ہوئی۔ گرفتار خواتین کے قبضے سے ساڑھے 7 تولے طلائی زیورات، جن کی مالیت 33 لاکھ روپے ہے، اور 60 ہزار روپے نقدی برآمد کر لی گئی۔

بقیہ سحر 38

کے فروغ میں مؤثر کردار ادا کریں گے۔ مہر محمد ریاض نول نے کہا کہ سردار سرجیت سنگھ کنول کی تقرری ان کی سماجی خدمات اور کمیونٹی کے لیے مثبت کردار کا اعتراف ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وہ نئی ذمہ داری کو میرٹ، شفافیت اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ نبھائیں گے۔ مبارک باد دینے والوں نے ان کی کامیابی اور مزید عوامی وسماجی خدمات کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

بقیہ سحر 39

عملے کے رویے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ مرکز صحت میں ادویات کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر اولیس مشتاق نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کر رکھی ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر اپنے علاقوں میں ہسپتالوں اور مراکز صحت کے دورے کر کے طبی سہولیات، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور عملے کی حاضری کی نگرانی کریں اور مریضوں کو بروقت اور معیاری علاج کی فراہمی یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 40

غلط بھی یا غیر مصدقہ اطلاع کی بنیاد پر ویکسین سے

بعدالت جناب زمان علی رانجھا صاحب سول جج درجہ اول ماڈل ٹاؤن کورٹ لاہور

دعویٰ تقسیم جائیداد

عنوان فرحان مصطفیٰ وغیرہ بنام عوام الناس

پتہ سائل فرحان مصطفیٰ ولد غلام مصطفیٰ ساکن مکان نمبر 172/B محلہ رضوان سٹریٹ غوثیہ پارک اچھرہ لاہور

اشتہار بنام۔ عوام الناس

بنام مدعاعلیہم

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعلیہ/ مدعاعلیہم تعمیل سمن سگیر بزاں بیان کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 12-10-2026 کو بوقت 9 بجے صبح حاضر عدالت آویں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی۔ دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..Yousaf

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: عائشہ جاوید بنام ذیشان احمد

اشتہار بنام: ذیشان احمد ولد غلام صادق سکنہ محلّہ مسجد المرتضیٰ فتح جنگ ضلع اٹک بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 23-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا محمد طارق صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد لطیف ولد فضل دین چک نمبر 656 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں فضل دین والد، لال بی بی والدہ، خوشی محمد، محمد شریف، محمد رشید، محمد صدیق برادران پہلے فوت شدگان، محمد رفیق برادر، شمیم اختر ہمشیرہ زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبروگواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

انکار نہ کریں انہوں نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے صرف حکومتی کوششیں کافی نہیں بلکہ والدین اور معاشرے کے ہر فرد کا تعاون بھی ناگزیر ہے۔ پولیو ٹیمیں جب بچوں کو قطرے پلانے کے لیے گھروں پر آئیں تو ان کے ساتھ تعاون کیا جائے۔ اگر کسی وجہ سے کوئی بچہ ویکسین سے محروم رہ جائے تو والدین قریبی مرکز صحت یا متعلقہ محکمہ صحت سے رابطہ کر کے اس کی ویکسینیشن یقینی بنائیں۔

بقیہ سحر 41

کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مختلف مقدمات میں ملوث 1043 ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ ضلعی پولیس نے 08 خطرناک گینگز کو ٹریس کر کے 21 ملزمان کو گرفتار کیا اور ان کے قبضہ سے 2021000 مال مسروقہ برآمد کیا۔ ضلعی پولیس نے پراپرٹی کے مختلف مقدمات میں 3701230 روپے سے زائد کا مال مسروقہ ریکور کر کے اصل مالکان کے حوالے کیا۔ ناجائز اسلحہ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 45 ملزمان گرفتار کر کے ا?ن کے قبضہ سے 45 مختلف اقسام کا اسلحہ ناجائز برآمد کیا۔ منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 111 ملزمان کو گرفتار کر کے ا?ن کے قبضہ سے ہیروئن 1620 گرام، چرس 20900 گرام، آئس 3159 گرام، بھنگ 8400 گرام، شراب 2059 لیٹر، لہن 209 لیٹر اور چالو بھٹیاں 05 عدد قبضہ پولیس میں لی گئیں۔

بقیہ سحر 42

اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رافعہ قیوم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہیڈکوارٹر انصر علی، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت ریاض احمد، محکمہ زراعت کے افسران، کسان نمائندگان اور کھاد وزرعی ادویات کے ڈیلرز کے نمائندے شریک ہوئے۔

بقیہ سحر 43

میں معیار تعلیم / فروغ تعلیم کیلئے گراں قدر خدمات سرانجام دی ہیں بطور ٹیچر ان سے زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر لاتعداد طالبعلم ملک وقوم کی تعمیر وترقی میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں جس ادارے میں بھی بطور رئیس مدرسہ رہے اسکو مثالی بنایا شہریوں نے ڈاکٹر محمد شفیق طاہر کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈ ملنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے مستقبل میں نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ سحر 44

کے حوالے سے گفتگو بھی ہوئی۔

بقیہ سحر 45

ایک تقریب کا انعقاد گورنمنٹ ایم سی ہائی سکول اوکاڑہ میں کیا گیا، جس میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے اساتذہ کو بیسٹ ٹیچر ایوارڈز سے نوازا گیا تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ عبدالجبار گجر، سی ای او ایجوکیشن اوکاڑہ میڈم شازیہ بانو، ڈی ای او ایلیمنٹری راؤ صغیر احمد، ڈی ای او سکینڈری جمیل احمد رضوی ڈپٹی ڈی ای او رینالہ خورد سید فرید الحسن شاہ سمیت محکمہ تعلیم کے دیگر افسران نے شرکت کی تحصیل رینالہ خورد کے مختلف سرکاری سکولوں سے نمایاں تدریسی خدمات انجام دینے والے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول 1/16 اے ایل کے سینئر ٹیچر چوہدری عامر شہزاد جٹ، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول 1/32 اے ایل کے ہیڈ ماسٹر چوہدری خلیل احمد رندھاوا اور گورنمنٹ پرائمری سکول 1/12 اے ایل کے ہیڈ ماسٹر چوہدری جاوید اقبال کو ان کی بہترین تدریسی خدمات کے اعتراف میں بیسٹ ٹیچر ایوارڈز سے نوازا گیا۔

بقیہ سحر 46

ختم اور ضمیر مرجائے تو وہ جھوٹ کو زندگی کا مشن بنا لیتا ہے، وہ یہ بھی نہیں سوچتا کہ دنیا کی عدالت میں جھوٹ بول کر تو بچ جائیں گا خدا کی عدالت سے کیسے بچے گا جب اس کے تمام اعضا اس کے خلاف گواہی دیں گے۔

بقیہ سحر 47

کیوساؤتھ سٹی ہسپتال منتقل کیا گیا، نعش کو بھی ضروری کارروائی کرنے کے بعد پولیس کی موجودگی میں لواحقین کے حوالے کر دیا گیا، جاں بحق ہونے والی کی شناخت 25 سالہ ساجدہ زوجہ کاشف سکنہ 5L/65 کے نام سے ہوئی، زخمی کی شناخت سالہ کاشف ولد محمد ارشد کا نام سے ہوئی۔

بقیہ سحر 48

میں باہمی تعاون، تجربات کے تبادلے اور کمیونٹی پولیسنگ کے فروغ کے حوالے سے روابط کو مزید مستحکم کرنا تھا۔

بقیہ سحر 49

پر 248 بوتل شراب برآمد کی گئی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ منشیات کے خاتمے اور معاشرے کو اس لعنت سے پاک کرنے کے لیے آپریشن جاری ہے

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست جانشینی

اسیہ بی بی بنام عوام الناس

اشتہار منجانب اسیہ بی بی بیوہ ظفر اقبال ساکن چچیاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعلیہ کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا مدعلیہ کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 15-10-2026 کو عدالت حاضر آئیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..Afzal

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروزوالہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بربنائے خلع، بعنوان: نتاشہ پرویز عرف فضاء بی بی بنام بلاول

اشتہار بنام: بلاول ولد محمد افضل ساکن محلّہ شرقپور روڈ کوٹ عبدالمالک تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ بنام مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعاعلیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعاعلیہ تاریخ 23-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اعظم بیگ ولد جھنڈا بیگ چک نمبر 33 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں جھنڈا بیگ والد، بھاگو والدہ پہلے فوت شدگان، شیداں بی بی بیوہ بعد میں فوت شد، مرزا یعقوب بیگ، محمود بیگ پسران، رضیہ بی بی، ساجدہ پروین، نازیہ بی بی، شمیم اختر دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہوتو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبروگواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بقیہ سحر 50

تحفظ اور قانون کی بالادستی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا ڈی پی او دوست محمد قانون ہاتھ میں لینے اور خوف و ہراس پھیلانے والوں کے خلاف بلا امتیاز سخت قانونی کاروائی ہوگی ڈی پی او

بقیہ سحر 51

لاء کالج پاکپتن کے پرنسپل نوجوان قانون دان ملک فاروق احمد ایڈووکیٹ نے کہا کہ سنجیدہ ملکوں میں اساتذہ کا باقاعدہ پروٹوکول ہے مگر یہاں مختلف طریقوں سے اساتذہ کی تذلیل کی جاتی ہے تعلیمی یا تربیتی غلطی کے دوران بچے کو معمولی سرزنش پر آسمان سر پر اٹھا لیا جاتا ہے

بقیہ سحر 52

نگران محمد یار عطاری اور ضلعی نگران شہزاد محمود عطاری پر مشتمل وفد پریس کلب پہنچا، جہاں بانی صدر ڈویژنل پریس کلب پیر سید طمطراق محاسن شاہی اور صدر پریس کلب رانا جاوید نثار نے وفد کا استقبال کیا۔ وفد نے چوہدری محمد اشرف کو تیسری مرتبہ چیئرمین پریس کلب کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دیتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر بانی صدر پریس کلب پیر سید طمطراق محاسن شاہی نے دعوتِ اسلامی کے وفد کی آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ دعوتِ اسلامی دینی تعلیمات کے فروغ، اصلاحِ معاشرہ اور فلاحی سرگرمیوں کے ذریعے قابلِ قدر خدمات انجام دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں اخلاقی اقدار کے فروغ، امن، بھائی چارے اور مثبت سوچ کے قیام کے لیے ایسی دینی و سماجی کوششیں اہمیت کی حامل ہیں۔ انہوں نے وفد کی آمد کو پریس کلب کے لیے باعثِ مسرت قرار دیا۔ دعوتِ اسلامی کے وفد کے اراکین نے اس موقع پر کہا کہ صحافت معاشرے کی اصلاح، عوامی مسائل کی نشاندہی اور مثبت سرگرمیوں کو اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ انہوں نے چوہدری محمد اشرف کو تیسری مرتبہ چیئرمین پریس کلب کی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارک باد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ صحافی برادری کے اتحاد، فلاح و بہبود اور عوامی مسائل کی مؤثر انداز میں ترجمانی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ وفد نے پریس کلب کی قیادت اور صحافی برادری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا، جبکہ اس موقع پر باہمی احترام، خیرسگالی اور سماجی ہم آہنگی کے فروغ پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ سحر 53

کرنا چاہ رہا ہے فوری ریڈ پر گرفتاری ممکن ہے اس اطلاع پر عدنان رفیق SHO، محمد معصوم SI/INV قائمقام ایس ایچ او، محمد امتیاز بھٹی ASI پر مشتمل ریڈنگ پارٹی نے کمال حکمت عملی کیساتھ ریڈ کیا اور بین الضلاعی گینگ کے سرغنہ آصف عرف آصفی، محمد ریاض، محمد جاوید ساکنان کوڑے سیال سمیت اسکے ساتھیوں کو گرفتار کر کے انکے قبضہ سے 12 لاکھ مالیت کے انورٹر اور سولر پلیٹس برآمد کر کے محمد اقبال وٹو سکنہ 26 ڈی، محمد اقبال بھٹہ سکنہ 22 ڈی، اصغر بھٹی 27 ڈی، ناظم علی 29 ڈی ودیگر مالکان کے حوالے کر دیں اہل علاقہ نے برآمدگی ملنے پر پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے نقد انعام اور ایوارڈ کا اعلان کیا ہے جبکہ اسد ملہی DPO اوکاڑا نے شیر گڑھ پولیس ٹیم کیلئے تعریفی اسناد اور نقد انعام برائے حوصلہ افزائی دینے کا اعلان بھی کیا ہے عدنان رفیق سیال SHO، محمد معصوم انچارج انویسٹی گیشن اور محمد امتیاز بھٹی ASI کیمطابق اس گینگ سے مزید انکشافات کی بھی توقع ہے جبکہ علاقہ امن کا گہوارہ بنے گا

بقیہ سحر 54

اینٹی کرپشن ضلع اوکاڑا ملک تصور حسین نونار DSB کی والدہ محترمہ کی ناگہانی وفات پر گہرے دکھ ورنج کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے درجات کی بلندی، لواحقین کیلئے صبر جمیل کی خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ سحر 55

سفارتی روابط تک محدود نہیں بلکہ دونوں ممالک کے درمیان مذہبی، تاریخی اور عوامی سطح پر گہرے رشتے قائم ہیں۔

بقیہ سحر 56

بچایا جائے میرے مکان گزار کروایا جائے ۔

بعدالت جناب ریونیو آفیسر صاحب پاکپتن سکنی تحصیل وضلع پاکپتن شریف

ہرگاہ عوام الناس مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفیہ شمیم اختر بیوہ خوشی محمد قوم سید سکنہ گلی شفیع پٹواری والی مکان نمبر 142 محلّہ کوکنا نوالہ تحصیل وضلع پاکپتن شریف جو کہ قضائے الٰہی سے وفات پا گئی ہے، جن کا وراثتی انتقال درج کیا جانا ہے، فرزند والد، فیلاں بی بی والدہ خوشی محمد خاوند پہلے فوت شد ہیں، وارثان بازگشت میں لیاقت علی شاہ، صداقت علی، ریاست علی پسران سمیرا دختر زندہ اور حقیقی وارث ہیں، اس کے علاوہ اگر وارث ہے تو وہ اشتہار کی اشاعت کے 7 یوم کے اندر پیش ہوں، بعدازاں کوئی عذر اعتراض قابلِ قبول نہ ہوگا

Cr..WF

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن شریف

ہرخاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد عبدالستار ولد عبدالحمید قوم کمبوہ سکنہ 38 ایس پی تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ ہم نے اپنے بیٹے کا نام زوہان سے تبدیل کر کے محمد فائق رکھ لیا ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 یوم رابطہ کر سکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن شریف

ہرخاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد امین خاں ولد میاں محمد اشرف خاں مانیکا سکنہ بنگہ حیات تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کی بیٹی حرا امین کی تاریخ پیدائش 12 فروری 1993 ہے پیدائش اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات پاکپتن میں درج نہ کروا سکا ہے، اندراج پیدائش کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 یوم رابطہ کر سکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن شریف

ہرخاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد انور قوم راجپوت سکنہ کوٹ مان سنگھ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے میری بیوی مسماۃ رضیہ سلطانہ دختر محمد شریف زوجہ محمد انور 28 نومبر 2021 کو وفات پا گئی تھی، جن کا فوتگی اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات پاکپتن میں درج نہ کروا سکا ہے، اندراج فوتگی کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 یوم رابطہ کر سکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

اطلاع عام عاق نامہ

عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ میں اپنے حقیقی پسر محمد عثمان پسر نورین اور ابیہا دختران محمد اسلم ساکن ڈھلیان ڈنگہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات ان کو باوجہ نافرمانی لڑائی جھگڑا کرنا لڑائی جھگڑے کو معمول بنالیا ہے ائے روز میرے گھر میں لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا ہے اس وجہ سے میں ان کو اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں اج کے بعد میرا ان سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور نہ ہی میں ان کے کسی لین دین کا ذمہ دار ہوں گا جو بھی ان سے لین دین کرے گا اس کا ذمہ دار وہ خود ہوگا تمام سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں

المشتہر محمد اسلم ولد فضل کریم قوم موچی ساکن ڈھلیان ڈنگہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

Cr..Afzal

لیٹ اندراج پیدائش

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر صاحب لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ یونین کونسل نمبر 14 لدھے شاہ شاہدرہ ٹاؤن لاہور اشتہار بنام عوام الناس بابت لیٹ اندراج پیدائش بر درخواست محمد سلطان ولد امام دین ساکن مکان نمبر 6 گلی نمبر 16 محلّہ چنگڑ شاہدرہ ٹاؤن لاہور نے درخواست گزاری ہے کہ مجھے برتھ سرٹیفکیٹ چاہیے نازیہ جو مورخہ 30-01-1994 کو پیدا ہوئی جس کا میں اندراج بروقت نہ کروا سکا جس کا اب اندراج یونین کونسل نمبر 14 لدھے شاہ شاہدرہ ٹاؤن لاہور میں کروانا چاہتا ہوں اس سے قبل کسی بھی یونین کونسل میں اندراج نہ ہے نازیہ کا نام کسی کو اعتراض ہو تو دفتر ہذا سے رابط کر سکتا ہے۔ شناختی کارڈ 35202.6937894.9-

Cr..FW

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نسیم اختر دختر رانا اصغر علی چک نمبر 40 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں رانا اصغر علی والد، رشدہ بیگم والدہ، محمد ہاشم خان خاوند پہلے فوت شدگان، صباحت جاوید دختر بعد میں فوت شد، محمد اظہر ہاشم پسر، نگہت قمر رانا، فرحت طارق، نزہت توحید خان دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبروگواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب تحصیل وضلع پاکپتن شریف

عوام الناس کو اگاہ کیا جاتا ہے کے متوفی قاسم علی ولد دین محمد اور متوفیہ سیداں بی بی زوجہ قاسم علی کی وراثت درکار ہے جس کے شرعی وارثان کی تفصیلات محمد جہانگیر ولد قاسم علی بیٹا، نصیر احمد ولد قاسم علی بیٹا، شبیر احمد ولد قاسم علی بیٹا، ریشماں بی بی دختر قاسم علی بیٹی عائشہ افضل دختر قاسم علی بیٹی اگر ان کے علاوہ کوئی اور وارثان ہیں تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی تحصیلدار پاکپتن کی عدالت میں پیش ہوں ورنہ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن شریف

ہرخاص و عام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد نوید ولد محمد لقمان سکنہ نانک پور تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے کہ اس کے بیٹے حسنین نوید کی تاریخ پیدائش 7 جون 2012 شاہ زیب نوید کی تاریخ پیدائش 11 مئی 2014 اریبہ کی تاریخ پیدائش 1 مئی 2020 ہے پیدائش اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات پاکپتن میں درج نہ کروا سکا ہے، اندراج پیدائش کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 یوم رابطہ کر سکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

از دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ضلع پاکپتن شریف

ہرخاص وعام کو اطلاع دی جاتی ہے کہ محمد شاکر ولد راؤ صالح محمد سکنہ حال مقیم کوٹ مان سنگھ محلّہ سمادھا نوالہ تحصیل وضلع پاکپتن نے درخواست گزاری ہے میری حقیقی خالہ بسمہ اللہ زوجہ محمد انور قوم راجپوت سکنہ کوٹ مان سنگھ داخلی نانکپور جو کہ 24 اگست 2021 کو وفات پا گئی تھی، جن کا فوتگی اندراج یونین کونسل نمبر 3 بنگہ حیات پاکپتن میں درج نہ کروا سکا ہے، اندراج فوتگی کروانا قانونی امر ہے، اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندر 7 یوم رابطہ کر سکتا ہے بصورت دیگر کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

Cr..WF

بیان حلفی عاق نامہ

منکہ مسمی *غلام مہندی ولد رحمت خان کھوکھر قوم کھوکھر ساکن ڈاکخانہ خاص دھنی تحصیل کھاریاں ضلع گجرات* شناختی کارڈ نمبر 34202-0660791-3 کا ہوں میرا حقیقی بیٹا مسمی *ظہیر عباس ولد غلام مہندی (عمر 33 سال) شناختی کارڈ نمبر 34202-2072238-7* کو بوجہ نافرمانی غلط لوگوں میں اٹھنے بیٹھنے اور بری صحبت کی وجہ سے میں اپنے بیٹے ظہیر عباس کو اپنی کل منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق و بے دخل کرتا ہوں۔ آج کے بعد میرے بیٹے ظہیر عباس کے کسی قسم کے لین دین، قرضہ، جھگڑا، عدالتی یا تھانہ کچہری کے معاملات کا میں ذمہ دار نہ ہونگا اور نہ ہی میری جائیداد ذمہ دار ہوگی۔ جو کوئی اس سے لین دین کرے گا وہ اپنے ذمہ پر کرے گا۔

میرے دیگر بچے غلام عباس، طاہر عباس وغیرہ کا بھی ظہیر عباس کے کسی لین دین سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہوگا۔ تمام سرکاری وغیرہ سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں یہ بیان حلفی میں نے اپنے پورے ہوش وحواس میں دے رہا ہوں

المشتہر غلام مہندی ولد رحمت قوم کھوکھر ساکن دھنی تحصیل کھاریاں ضلع گجرات۔۔

Cr..Afzal

بعدالت جناب محمد بلال صاحب سول جج فیروزوالہ

دعویٰ: استقرار حق، بعنوان: اکبر علی وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام: یونین کونسل نمبر 8 بذریعہ سیکرٹری رتہ گجراں تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ مدعاعلیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے دعویٰ برائے استقرار حق نسبت عدالت ہذا میں گزارا ہے کہ مدعاعلیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعاعلیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت سائل بتقرر 10-10-2026 اصالتاً واکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔

Cr..FW

بعدالت جناب رانا محمد عرفان صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہرخاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حمیداں بی بی دختر محمد امیر خاں چک نمبر 128 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں محمد امیر خاں والد، خاتون بی بی والدہ، حبیب اللہ خاں خاوند پہلے فوت شدگان، طاہر حبیب خان، یاسر حبیب پسران، عابدہ حبیب، ساجدہ حبیب دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبروگواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کر سکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بقیہ سحر 1

کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے تحفظ کے لیے پُرعزم ہے۔ شہباز شریف نے سعودی مسلح افواج اور اتحادی افواج کی مستعدی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی تعریف کی اور سعودی عرب پر متعدد بیلسٹک میزائل حملوں کو ناکام بنانے پر سعودی افواج کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی سلامتی کیلئے پاکستان کا عزم غیر متزلزل ہے، پاکستان سعودی عرب کے اپنے عوام، شہروں اور اہم تنصیبات کے دفاع کے جائز حق کی مکمل حمایت کرتا ہے، حوثی ملیشیا فوری طور پر سعودی عرب پر حملے بند کرے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ پاکستان خطرات کے مقابلے میں سعودی عرب کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑا رہے گا، سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کیلئے پاکستان کی حمایت جاری رہے گی۔

بقیہ سحر 2

دفتر خارجہ کے مطابق آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر پاکستان اور ہولی سی کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے سلسلے میں پاکستان کے دورے پر ہیں۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے آرچ بشپ کا خیرمقدم کرتے ہوئے امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کے فروغ میں ہولی سی کے کردار کو سراہا، انہوں نے پاکستان کی کیتھولک برادری کی بالخصوص تعلیم اور صحت کے شعبوں میں قابل قدر خدمات کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر نے علاقائی امن و استحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان ثالثی، مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے خطے میں امن کے قیام کیلئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے پوپ لیو چہاردہم کی جانب سے امن اور مسئلہ فلسطین کے منصفانہ حل کیلئے کئے جانے والے اصولی مطالبات کو سراہا۔ انہوں نے فلسطینی عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہوئے جاری انسانی بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور خطے میں امن کے قیام کیلئے عالمی برادری کی مسلسل کوششوں کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور ہولی سی کے تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف مذاہب کے درمیان باہمی احترام، افہام و تفہیم اور پرامن بقائے باہمی کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ سحر 3

معاشی ترقی میں تبدیل کرنے کے لیے حکمت عملی پر غور کیا۔ یونائیٹڈ نیشن انڈسٹریل ڈویلپمنٹ آرگنائزیشن (UNIDO) کے اشتراک اور یورپی یونین کے فنڈ سے چلنے والے PAIDAR پروگرام کے تحت منعقدہ 2 روزہ کانفرنس کا موضوع ''جامع ترقی کی راہیں: ہم آہنگی کے مواقع'' تھا۔ کانفرنس سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا کہ مالی شمولیت کو پائیدار معاشی ترقی سے جوڑنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ سحر 4

کونسل کو طلاق کا نوٹس نہ دینے کے باوجود بیوی طلاق کی اطلاع متعلقہ یونین کونسل کو دے سکتی ہے۔ عدالت کے مطابق شوہر کی قانونی کوتاہی طلاق کے موثر ہونے میں رکاوٹ نہیں بن سکتی اور عورت کو غیر یقینی صورتحال میں نہیں چھوڑا جا سکتا۔ عدالت نے شہری راحیل احمد کی یونین کونسل کی جانب سے طلاق کا موثر سرٹیفکیٹ جاری کرنے کے خلاف درخواست خارج کردی۔ سنگل بنچ نے 13 صفحات پر مشتمل عدالتی نظیر کا درجہ رکھنے والا فیصلہ جاری کرتے ہوئے واضح کیا کہ طلاق کا واقع ہونا اور اس کا قانونی طور پر موثر ہونا دو الگ مراحل ہیں۔

بقیہ سحر 5

ہارٹی کلچر اتھارٹی سے متعلق اہم اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی گئی اور اہم فیصلے کیے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر ڈسٹرکٹ میں پارکس اینڈ ہارٹی کلچر اتھارٹی کا ریسورس پلان طلب کرلیا۔ اجلاس میں مزید 20 اضلاع میں پی ایچ اے کے قیام کیلئے جنوری 2027 کی ڈیڈلائن مقرر کی گئی۔ا

بقیہ سحر 6

وبین الاقوامی تنظیمات آرچ بشپ پال رچرڈ گلاگر نے وزارت خارجہ میں ملاقات کی، ملاقات میں پاکستان اور ہولی سی کے تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مذاہب کے درمیان باہمی احترام، افہام و تفہیم اور پُرامن بقائے باہمی کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ نے آرچ بشپ کا خیرمقدم کیا اور امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور مکالمے کے فروغ میں ہولی سی کے کردار کو سراہا۔

بقیہ سحر 7

گے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کو خطے کے استحکام کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں حالیہ برسوں میں نئے سیکیورٹی چیلنجز نے جنم لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مکہ معاہدہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کی مشترکہ دفاعی قوت کا کام کرے گا، کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے بتایا کہ اس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی عناصر مذموم مقاصد کو عملی جامع پہنانے سے پہلے کئی بار سوچیں گے، اس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں، ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع کرنا ہے اور دفاع کیا جائے گا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ ایران امریکا جنگ کے خاتمے اور معاہدے کی کوششیں کررہے ہیں، آئندہ بھی کرتے رہیں گے، چاہتے ہیں کہ اختلافات کم ہوں، مذاکرات کے ذریعے پرامن حل نکلے، تنازع مزید نہ پھیلے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے غیرجانبداری سے امریکا اور ایران جنگ بندی کے لیے اہم کردار ادا کیا، ہمارا مفاد علاقائی امن اور استحکام میں ہے، جنگ کو مزید پھیلانے سے کسی کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔

بقیہ سحر 8

ہے کہ قریبی دوطرفہ تعلقات کو دونوں ممالک کے عوام کے لیے ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے جبکہ بحرین کے وزیرخارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون وسعت دینے کے لیے بحرین کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کی دعوت پر بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے 7 اور 8 اکتوبر 2026 کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا

بقیہ سحر 9

جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے دہشت گردوں کے ٹھکانوں کی تباہی اور بھاری مقدار میں اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے پر سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کو سراہا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ دہشتگردوں کے غیرملکی سرپرستوں اور ان کے مقامی سہولت کاروں کی سازشوں کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم اپنی سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ سحر 10

کیا ہے، جبکہ دونوں ممالک کا مشترکہ وزارتی کمیشن کا چوتھا اجلاس آئندہ سال منامہ میں منعقد ہوگا۔ دفتر خارجہ کے مطابق بحرین کے وزیرخارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی نے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی دعوت پر 7 اور 8 اکتوبر کو پاکستان کا سرکاری دورہ کیا، اس دوران انہوں نے اسحاق ڈار سے دوطرفہ مذاکرات کیے، صدر، وزیراعظم اور چیف آف ڈیفنس فورسز سے بھی ملاقاتیں کیں۔

بقیہ سحر 11

پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 7 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ وارنہ صلاحیتوں کو سراہا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کا عزم غیر متزلزل ہے، قوم پاک فوج کے ساتھ ہے۔

بقیہ سحر 12

سے حل کیا جائے، مولانا نے ایک بار پھر مؤقف دہرا دیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت نے ہر ممکن کوشش کی کہ معاملات سیاسی انداز میں حل ہوں۔

بقیہ سحر 13

مطابق فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی مصدقہ اطلاع پر شمالی وزیرستان کے علاقے میں کارروائی کی جس کے نتیجے میں شدید فائرنگ کے تبادلے کے بعد 7 خارجی ہلاک ہوگئے۔ کارروائی کے دوران ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے بھاری مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کرلیا گیا۔ اس کے علاوہ ''عزم استحکام'' وژن کے تحت کی جانے والی موثر کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد خفیہ ٹھکانے بھی مکمل طور پر تباہ کر دیئے گئے۔ علاقے میں ممکنہ طور پر موجود دیگر دہشت گردوں کی بیخ کنی کے لیے سینیٹائزیشن آپریشن بدستور جاری ہے۔ سکیورٹی فورسز نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ ملک سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی۔

بقیہ سحر 14

علی محمد خاں نے کہا کہ مذاکرات کا تیسرا دور لازمی ہونا چاہیے، مذاکرات ہوں گے تو معاملات بہتری کی طرف جائیں گے، ہم چاہتے ہیں کہ مذاکرات کا تیسرا دور ہو تاکہ سیاسی تناؤ میں کمی آسکے۔ علی محمد خان نے کہا کہ تمام سیاسی رہنماؤں کو اسلام آباد میں ہونا چاہیے تاکہ بات چیت کا عمل جاری رہے، ہم چاہتے ہیں کہ سیاسی تناؤ کا حل خون خرابے کے بغیر نکل آئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف نے بار بار حکومت کو مذاکرات کا راستہ فراہم کیا، سردار آیاز صادق لاہور میں ہے اسلام اباد آئیں گے تو ملاقات بھی ہوگی۔

بقیہ سحر 15

اور شفاف فیصلوں کو یقینی بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو نوتعینات چیئرمین فیڈرل سروس ٹربیونل رانا اسداللہ خان سے ملاقات کے دوران کیا۔ وفاقی وزیر قانون نے رانا اسد اللہ خان کو چیئرمین فیڈرل سروس ٹربیونل کا عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات میں فیڈرل سروس ٹربیونل کے انتظامی ڈھانچے اور کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، سرکاری ملازمین کے سروس معاملات اور زیرالتوا اپیلوں کے جلد اور شفاف فیصلوں کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ٹربیونل کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے اور ای کورٹس نظام کا دائرہ کار بڑھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر قانون نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزارت قانون و انصاف فیڈرل سروس ٹربیونل کو درکار انتظامی اور مالی معاونت فراہم کرے گی تاکہ انصاف کی فراہمی کے عمل کو مزید موثر بنایا جاسکے۔

بقیہ سحر 16

استحکام برقرار رکھنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، اس مقصد کے لیے مارکیٹ کی مسلسل نگرانی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف موثر کارروائی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ جمعہ کو قومی قیمتوں کی نگرانی کے حوالے سے وفاقی وزیر کی زیرصدارت اجلاس میں مہنگائی کی صورتحال اور بازاروں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر نے صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ہول سیل اور ریٹیل قیمتوں کے فرق پر کڑی نظر رکھی جائے اور گندم کے آٹے، ضروری اشیائے خورد ونوش اور مائع پٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی ذخیرہ اندوزی، منافع خوری اور ناجائز قیمتوں میں اضافے کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے

بقیہ سحر 17

گے، ہم اب بھی بامقصد مذاکرات کیلئے تیار ہیں۔ چارسدہ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ ہم نے بہت کوشش کی، مولانا کو اپوزیشن الائنس میں شامل کریں، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پی ٹی آئی ریاست کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا گورنر راج یا ایمرجنسی لگانا مسئلے کا حل نہیں، سہیل آفریدی نے کبھی دہشت گردوں کی حمایت میں بیان نہیں دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ حکومت اور اپوزیشن کی گاڑیاں کیچڑ میں پھنسی ہیں، انا ختم کریں، بیٹھ کر مذاکرات کریں، پی ٹی آئی اب بھی بامقصد مذاکرات کے لیے تیار ہے۔

بقیہ سحر 18

پیپلز پارٹی کے رکن فاروق ایچ نائیک اور ن لیگ کے رکن آفتاب شیخ نے استعفیٰ دیا تھا جس کے بعد یہ جگہیں خالی ہوئی اوران کی جگہ بلاول بھٹو زرداری اور رانا ثناء اللہ جوڈیشل کمیشن کے ممبر بن گئے ہیں۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی منظوری کے بعد ایک نوٹی فکیشن جاری کیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 175 الف کی شق 2 کے پیراگراف (vii) کے تحت سینیٹ میں قائد ایوان اور قومی اسمبلی میں قائد ایوان کی نامزدگی کے بعد ن لیگ سینیٹر رانا ثناء اللہ اور پیپلز پارٹی کے رکنی قومی اسمبلی بلاول بھٹو زرداری کو جوڈیشل کمیشن کا ممبر نامزد کرکے نوٹیفائی کیا جاتا ہے۔

بقیہ سحر 19

اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ سحر 20

راج آخری آپشن ہونا چاہیے، ہماری تجویز تھی کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کا آپشن قانونی ہے مگر یہ ایک ایٹم بم ہے یہ آخری آپشن ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ایک وزیراعلیٰ ڈائیلاگ کا راستہ چھوڑ کر منفی سیاست کے راستے پر چل رہا ہے، انتہا پسندی کی سیاست کا سب سے زیادہ نقصان خود پی ٹی آئی کو ہو رہا ہے، پی ٹی آئی اپنے فیصلوں سے اپنے سپورٹرز کو مایوس کر رہی ہے، اس ملک کی تاریخ رہی ہے جو جیل میں گیا ہے وہ بعد میں رہا بھی ہوا ہے۔

بقیہ سحر 21

آف پاکستان کے ہمراہ جسٹس ملک شہزاد احمد خان، جسٹس محمد شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب بھی موجود تھے، صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن ہارون الرشید، دیگر عہدیداران اور بار اراکین نے مشاورتی نشست میں شرکت کی۔ نشست میں عدالتی اصلاحات، ڈیجیٹل جدت، کیس مینجمنٹ اور سائلین کو سہولیات کی فراہمی پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سپریم کورٹ انتظامیہ نے بار نمائندگان کو مصنوعی ذہانت پر مبنی نئے اسمارٹ جوڈیشل اسسٹنٹ سے متعلق بریفنگ دی۔ اسمارٹ جوڈیشل اسسٹنٹ کے ذریعے وکلاء، سائلین اور عام شہریوں کو عدالتی معلومات اور خدمات تک 24 گھنٹے رسائی حاصل ہوگی، اس پلیٹ فارم پر عام فہم زبان میں سوالات کرکے عدالتی معلومات حاصل کی جاسکیں گی جبکہ مقدمات کی تلاش، کازلسٹ، سماعت کی تاریخوں، وکلاء کی معلومات اور ججز کے عدالتی روسٹر تک بھی رسائی ممکن ہوگی۔

بقیہ سحر 22

سبسڈی نظام ختم کرنے کی تیاری ہے۔ ذرائع نے کہا کہ بجلی میں نیا سبسڈی نظام جنوری 2027 سے نافذ کرنے کا منصوبہ ہے، گیس صارفین کے لیے نیا سبسڈی نظام یکم جولائی 2027 سے متعارف کرانے کی تیاری کرلی گئی۔ بجلی اور گیس پر سبسڈی صرف مستحق اور کم آمدنی والے صارفین تک محدود کرنے کا فیصلہ کیا گیا، ذرائع نے کہا کہ پاور ڈویژن نے عالمی بینک کے تعاون سے مستحق صارفین کی سماجی واقتصادی رجسٹری پر کام شروع کردیا۔ ذرائع کے مطابق مستحق صارفین کی رجسٹریشن نومبر تک مکمل کرنے کا ہدف مقرر ہے، صارفین کا ڈیٹا تصدیق کے بعد بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ریکارڈ سے منسلک کیا جائے گا، نئی رجسٹری کے ذریعے بجلی اور گیس سبسڈی کے مستحق صارفین کی نشاندہی کی جائے گی۔

بقیہ سحر 23

شعبے میں گردشی قرض کا دباؤ کم کرنے کے لیے کراس سبسڈی اور موجودہ سلیب نظام ختم کرنے پر کام تیز کردیا گیا۔ پاور ڈویژن نے ورلڈ بینک کے تعاون سے مستحق صارفین کی سماجی و اقتصادی رجسٹری پر کام شروع کر دیا۔ صارفین کی رجسٹریشن نومبر تک مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ ڈیٹا ویریفکیشن کے بعد رجسٹری کو بےنظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ڈیٹا سے منسلک کیا جائے گا۔ ڈسکوز نے ٹرانزیکشن مرحلے کی تیاری کے لیے بنیادی ٹیرف ایڈجسٹمنٹ کی درخواستیں دائر کردیں۔ بجلی سبسڈی صرف مستحق اور کم آمدنی والے صارفین تک محدود کرنے کی تیاری ہے۔ قومی سماجی واقتصادی رجسٹری کے ذریعے مستحق صارفین کی نشاندہی ہوگی۔ آئی ایم ایف کو بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری اور اصلاحات کی تیاریوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ گیس اور بجلی صارفین کے لیے کراس سبسڈی ختم کرکے ریلیف مستحق خاندانوں تک محدود کیا جائے گا۔ جنوری 2027ء تک ٹیرف ڈیفرینشل سبسڈی اور کراس سبسڈی نظام ختم کرنا ہوگا۔ گیس صارفین کو یکم جولائی 2027ء سے سماجی واقتصادی رجسٹری سے منسلک کیا جائے گا۔ صارف کی اہلیت نئی رجسٹری کے ذریعے طے کی جائے گی۔

بقیہ سحر 24

سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ کچھ عرصے سے پیپلز پارٹی کے عہدے خالی تھے، اب تنظیم سازی کا سلسلہ جاری ہے، چیئرمین بلاول بھٹو کی ہدایت پر ہر یونین کونسل اور وارڈز کی سطح پر تنظیم سازی تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا کہ آج ہفتہ گورنر ہاؤس میں تیسری سالانہ محفل میلاد ہے، اہل لاہور کو شرکت کی دعوت دیتا ہوں۔ سالانہ محفل میں گورنر ہاؤس کے ملازمین اور شہریوں کے لئے 100 عمرہ کی ٹکٹس تقسیم ہوں گے۔

بقیہ سحر 25

پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نیکہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی، غربت میں کمی اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے سرمایہ کاری اور نجی شعبے کا فروغ ناگزیر ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ سیاسی اختلافات کے باوجود کاروباری سرگرمیوں، شہریوں کی نقل وحرکت اور بچوں کی تعلیم کا تسلسل برقرار رہنا چاہیے۔

بقیہ سحر 26

سے سودا کرنے والوں سے کیا مذاکرات کریں۔ راولپنڈی پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر دانیال چودھری کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کی صورتحال پر ہم سب گلے تک بھر چکے ہیں، سیاسی جماعتوں کو فیصلہ کرنا چاہئے اور اب یہ مزید نہیں چلنے دینا چاہئے سیاسی جماعتوں سے سوال ہے کہ اور کتنا انتظار کریں گی۔ انہوں نے کہا کہ وہاں دہشتگردی کی لہر پھیلی ہے اس کو کوئی دیکھنے کو تیار نہیں

بقیہ سحر 27

فراہمی سے متعلق درخواستوں پر سماعت کرتے ہوئے علیمہ خان کی نظر بندی کے خلاف درخواست نمٹا دی جبکہ نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو جیل میں بنیادی سہولیات دینے سے متعلق 12 اکتوبر کو رپورٹ طلب کرتے ہوئے قرار دیا کہ آپکو کپڑے بھی دیئے، دوائیاں بھی دیں باہر جا کر آپ نے کہا کچھ نہیں دیا

بقیہ سحر 28

تربیت میں پاکستان میں ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمر حسین اوبا سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تعلیم، اعلیٰ تعلیم، فنی و پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت، STEAM تعلیم، تحقیق اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط سمیت باہمی تعاون کو مزید فروغ دینے کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ایتھوپیا کے سفیر کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان ایتھوپیا کے ساتھ اپنے دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے

بقیہ سحر 29

ہیں، مزید 7 دہشت گرد مارے گئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا جس کے دوران فتنہ الخوارج کے 7 خارجی جہنم واصل کیے گئے۔

بقیہ سحر 30

اکیا، ان کی بر وقت مداخلت نے پاکستان اور بھارت کو جنگ کے دہانے سے واپس لانے اور جنگ بندی یقینی بنانے میں مدد دی، جو آج تک برقرار ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ غیر معمولی خدمات کے اعتراف میں پاکستان نے صدر ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیا تھا۔ انہوں نے لکھا کہ ہمیں پوری امید ہے کہ خطے میں امن کے فروغ اور تنازعات کی روک تھام کے لیے صدر ٹرمپ کی کوششوں کو اس بار مناسب طور پر سراہا جائے گا۔ خیال رہے کہ اس سے قبل امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک بار پھر نوبیل امن انعام جیتنے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے دعوی کیا تھا کہ میں نے اقتدار سنبھالنے کے بعد 8 جنگیں ختم کروائی ہیں۔ انہوں نے کہا تھا کہ مجھے امن انعام نہ ملا تو یہ نوبیل کمیٹی کے لیے بھی باعث تنقید ہوگا۔

بقیہ سحر 31

امور کے جوائنٹ سیکریٹری اور وزارت انسانی حقوق کے سیکریٹری بھی بورڈ میں شامل ہوں گے جبکہ چاروں صوبوں کی مذہبی امور کی وزارتوں کے سیکریٹری بھی بورڈ کا حصہ ہوں گے۔ متروکہ وقف املاک بورڈ میں 15 غیر سرکاری اراکین کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما اختیار ولی خان بھی متروکہ وقف املاک بورڈ کے رکن مقرر کیے گئے ہیں۔

بقیہ سحر 32

کرتے ہوئے پی آئی اے کی اسلام آباد سے ریاض جانے والی پرواز PK-753 اور ریاض سے اسلام آباد آنے والی پرواز PK-754 منسوخ کر دی گئیں۔ پی آئی اے کے ترجمان نے بتایا کہ مشرقِ وسطی میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیش نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنی پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل کر دیا ہے۔ ترجمان نے مسافروں کو ہدایت کی کہ وہ ایئرپورٹ کے لیے روانہ ہونے سے قبل پی آئی اے کے کال سینٹر 111-786-786 پر رابطہ کر کے اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کرلیں۔

بقیہ سحر 33

بھی مذمت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، سعودی عرب اور اس کے عوام کے دفاع کے حق کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مکہ دفاعی معاہدے کی اسٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس ہوا ہے جس میں پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ آصف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شرکت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ کمیٹی کا دفاعی تعاون کے لیے عملی اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان نے افغانستان سے متعلق ماسکو فارمیٹ اجلاس میں شرکت کی۔ سجاد حیدر خان نے کہا کہ حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہرحال میں یقینی بنایا جانا چاہیے، پاکستان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی اور تحفظ کی حمایت کرتا ہے۔

بقیہ سحر 34

کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی سینئر قیادت کو ایک مسخرے کنٹینر باز نے یرغمال بنایا ہوا ہے، ایک مسخرہ کنٹینر پر کھڑے ہو کر انہی فورسز کا مذاق اڑا رہا اور دہشت گردوں کیلئے نرم گوشہ استعمال کرتا ہے، سکیورٹی فورسز صوبے کی عوام کے تحفظ کیلئے اپنی جانیں قربان کر رہی ہیں، خیبر پختونخوا سب سے زیادہ دہشت گردی سے متاثرہ صوبہ ہے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ اس صوبے کی پولیس اور لوگوں کی دہشت گردی کیخلاف قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، کے پی کے لوگ خود ڈیمانڈ کر رہے ہیں ان کی پی ٹی آئی اور نالائق ٹولے سے جان چھڑائی جائے، عوام کے مسترد کیئے جانے کے بعد اے آئی سے ویڈیو بنا کر سوشل میڈیا پر ڈالی جارہی ہیں

بقیہ سحر 35

جلال دین میں اس وقت پیش آیا جب پولیس اہلکار کامران گھر سے ڈیوٹی پر تھانہ جمرود جا رہا تھا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ شہید اہلکار کی لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ درج کر کے فرار ہونے والے ملزمان کی گرفتاری کے لیے ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔

بقیہ سحر 36

سے اٹھنے والی گرد وغبار سمیت متعدد عوامل کا کردار ہے، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں ان تمام شعبوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں فضائی آلودگی کی شدت کے دوران ہوا کی سمت، موسمی حالات، درجہ حرارت میں الٹ پھیر اور آلودہ ذرات کی فضا میں موجودگی سے متعلق مطلوبہ معلومات بروقت دستیاب نہیں تھیں، تاہم اب اس حوالے سے نگرانی اور پیش گوئی کا نظام قائم کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اے کیو آئی پنجاب ایپ کے ذریعے صوبے کے مختلف شہروں، اضلاع، یونین کونسلوں اور سڑکوں کی سطح تک فضائی آلودگی کی صورت حال دیکھی جا سکتی ہے، ایپ میں فضائی معیار سے متعلق فی گھنٹہ معلومات اور ایک ماہ تک کی پیشگوئی کی سہولت بھی موجود ہے۔ مریم اورنگزیب نے بتایا کہ صوبے میں 8 ہزار سے زائد اینٹوں کے بھٹوں کی نقشہ بندی کی گئی ہے، ہر بھٹے کو منفرد شناخت اور کیو آر کوڈ دیا گیا ہے،

بقیہ سحر 37

کا انعقاد کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پشاور ترجمان کے مطابق اجلاس وزیراعلیٰ نے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں شامل نئے ہسپتالوں کے قیام کے منصوبوں کو فاسٹ ٹریک پر ڈالنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتالوں کی ریویمپنگ منصوبے کے تحت سکوپ آف ورک اور لاگت سے متعلق تفصیلات ایک ہفتے میں فراہم کرنے کی ہدایت کی۔

بقیہ سحر 38

دی گئی، گزشتہ سال بجٹ سے ہٹ کر پولیس کو 35 ارب روپے اضافی دیے گئے، صوبائی حکومت دہشت گردی کیخلاف جنگ میں رکاوٹ نہیں ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ صوبائی حکومت چاہتی ہے تمام اسٹیک ہولڈرز کیساتھ بیٹھ کر متفقہ پالیسی بنے، صوبائی حکومت دہشت گردی کیخلاف متفقہ پالیسی پرعمل درآمد کیلئے تیار ہے، جنید اکبر خان کہہ چکے ہیں کہ متفقہ پالیسی پر عمل درآمد کروائیں گے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ حکومت کو پی ٹی آئی کے ساتھ مسئلہ ہے تو دیگر سیاسی جماعتوں کے ساتھ بیٹھ جائے، حکومت اور پی ٹی آئی میں ثالثی کا پوری طرح علم نہیں، سنا ہے مولانا فضل الرحمان سے ثالثی کے لیے رابطہ کیا گیا ہے، مولانا ثالثی کے لیے آتے ہیں تو خیر مقدم کریں گے۔

بقیہ سحر 39

نہیں تاہم حکومت اور پی ٹی آئی کے درمیان صورتحال اتنی پیچیدہ بھی نہیں کہ بات چیت کا راستہ مکمل طور پر بند ہوجائے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں

بقیہ سحر 40

زخمی ہوگیا جسے تشویشناک حالت میں ٹی ایچ کیو ہسپتال مریدکے سے لاہور میو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، تحریری درخواست تھانہ صدر میں دیئے جانے کے باوجود مقدمہ درج نہ ہونے، ملزمان کی عدم گرفتاری پر متاثرین نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پولیس پنجاب سے نوٹس لینے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ سحر 41

کے باعث گٹر اور نالیوں کا پانی آبادی میں جمع ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ گندے پانی کے باعث اسکول جانے والے بچوں، خواتین اور دیگر مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ میونسپل کمشنر خالد جتوئی اور میونسپل انجینئر نعمان کلہوڑ کو متعدد مرتبہ تحریری شکایات کی گئیں، تاہم مسئلہ حل نہیں ہوا۔ مظاہرین نے کہا کہ وہ پیپلز پارٹی کے ووٹر ہونے کے باوجود بنیادی شہری سہولیات سے محروم ہیں۔ انہوں نے سندھ حکومت، میئر سکھر اور ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا کہ پمپنگ اسٹیشنوں کی بجلی بحال کرکے گندے پانی کی نکاسی یقینی بنائی جائے اور ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مسئلہ حل نہ ہونے پر میئر ہاؤس کے سامنے احتجاج کیا جائے گا۔

بقیہ سحر 42

ہوکر 3133 روپے تک ہوگیا۔ سکھر میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 300 روپے مہنگا ہوکر 3060 روپے تک میں فروخت ہورہا ہے جبکہ حیدرآباد میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 200 روپے مہنگا ہوکر 3200 روپے تک ہوگیا ہے۔ کوئٹہ میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 70 روپے مہنگا ہوکر 3030 روپے کا ہوگیا ہے جبکہ ملتان میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 66 روپے مہنگا ہوکر 2866 روپے میں فروخت ہورہا ہے۔ لاہور میں آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2300 روپے اور فیصل آباد میں آٹے کے 20 کلو کے تھیلے کی قیمت 2200 روپے تک برقرار ہے۔

بقیہ سحر 43

ڈیل کی تھی۔ سابق وزیراعلیٰ نے الزام عائد کیا ہے کہ بانی تحریکِ انصاف کی ملاقاتیں سہیل آفریدی نے بند کروائیں۔ انہوں نے بشریٰ بی بی کے پیغامات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ سہیل آفریدی کو لانے والے شخص کو بھی پیغامات بھیجے گئے ہیں اور اس شخص نے سہیل آفریدی کو ان کے طرزِ عمل سے متعلق پیغامات کیے ہیں۔ علی امین گنڈاپور نے یہ الزام بھی لگایا ہے کہ بشریٰ بی بی سے ان کی بیٹی کی ملاقاتیں بھی سہیل آفریدی نے بند کروائیں۔ علی امین گنڈاپور کا آڈیو پیغام میں کہنا ہے کہ سہیل آفریدی نے معاملات پہلے سے طے کیے ہوئے تھے، اگر میں نے ریکارڈ نکال کر بات کی تو سہیل آفریدی منہ دکھانے کے قابل نہیں رہیں گے۔ سابق وزیراعلیٰ نے کہا کہ سہیل آفریدی اپنی حدود میں رہیں

بقیہ سحر 44

چاچڑ نے کیس سے دستبردار ہونے کے لیے مبینہ طور پر جھوٹے مقدمات میں پھنسانے اور ہراساں کرنے کے خلاف سکھر پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا

بقیہ سحر 45

ل رجسٹر ہوئیں، جن کا تناسب 39.2 فیصد رہا۔ ایس ای سی پی نے 127 لمیٹڈ لائیبلٹی پارٹنرشپس اور 29 غیر منافع بخش کمپنیاں بھی رجسٹر کیں۔ دیگر رجسٹریشن میں 10 پبلک کمپنیاں، 2 تجارتی تنظیمیں اور 2 غیر ملکی کمپنیاں شامل تھیں۔ صوبائی اور علاقائی تفصیلات کے مطابق پنجاب میں سب سے زیادہ 2,740 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں

بقیہ سحر 46

۔ ذرائع کے مطابق تعلیمی سال جلد شروع ہونے سے نجی پبلشرز اپنا پرانا سلیبس بیچ سکیں گے، نئے تعلیمی سال سے تمام سلیبس کی کتابیں تبدیل ہوجائے گی، نئے سلیبس کی کتابیں مارچ یا اپریل تک مارکیٹ میں آئیں گی، پرائیویٹ سکولوں میں دسمبر کی بجائے نومبر میں فائنل ٹرم کا امتحان لیا جائے گا۔ سکول مالکان کا موقف ہے کہ رمضان المبارک میں سکولوں کے اوقات کار میں کمی کے باعث تعلیمی سیشن جلد شروع کررہے ہیں، رمضان المبارک میں اوقات کار میں کمی کے باعث سلیبس مکمل کرانا مشکل ہوجائے گا، تعلیمی سال جلد شروع کرنے سے مکمل نصاب پڑھانے میں آسانی ہوگی۔

بقیہ سحر 47

استحصال اور انسانی اسمگلنگ کے سنگین خدشات پر 3 خواتین مسافروں کو آف لوڈ کردیا۔ ترجمان ایف آئی اے نے بتایا کہ ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر متحدہ عرب امارات جانے والی دو بہنوں اوران کی والدہ کی سفری دستاویزات اور سفری مقصد کی تفصیلی جانچ پڑتال کی۔

بقیہ سحر 48

مارچ میں بالکل شرکت کرے گا اور بڑی تعداد میں قافلے شامل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور میں متعدد کارکنوں کو اغواء کیا گیا اس کی مذمت کرتا ہوں، پورے ملک فسطائیت راج ہے ہم انہیں کہتے ہیں ہوش کے ناخن لیں۔

بقیہ سحر 49

کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات نہ صرف کاروباری ماحول خراب کریں گے بلکہ حکومت اور تاجر برادری کے درمیان اعتماد سازی کا عمل بھی متاثر ہوگا۔ تمام حکومتی اداروں اور تاجر برادری کے درمیان معاملات افہام وتفہیم اور بات چیت کے ذریعے حل ہونے چاہئیں۔ اجلاس میں لاہور چیمبر کے سابق صدر میاں مصباح الرحمٰن، ایگزیکٹو کمیٹی ممبران محمد فرغان، ذوالفقار علی چودھری، شہزاد محمود، طارق محمود کے ہمراہ صابر حمید اور ڈاکٹر صالح محمود بھی موجود تھے۔

بقیہ سحر 50

موبائل فون، 191 کمپیوٹر سسٹم، 74 لیپ ٹاپ، 127 دیگر ڈیجیٹل آلات اور 550 سمیں قبضے میں لی گئیں۔ ان آلات کو فرانزک تجزیے کے لیے بھجوادیا گیا ہے۔ عاطف امیر نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے بچوں سے متعلق فحش مواد کے مقدمات میں بھی تین افراد کو گرفتار کیا گیا۔ ان کے مطابق حسن اکرم پر بچوں سے متعلق قابل اعتراض مواد شیئر کرنے، محمد فیضان احمد پر ایسا مواد اپ لوڈ کرنے، جبکہ عمار پر واٹس ایپ گروپس کے ذریعے یہ مواد پھیلانے کا الزام ہے۔

بقیہ سحر 51

تشخیص اور علاج کیا گیا۔ برطانوی وفد نے گوداور بروک پاکستان کی کاوشش کو سراہتے ہوئے تنظیم کے رضا کاروں کی خدمات پر خوشی کا اظہار کیا جبکہ ڈائریکٹر نذیر غازی نے ری سائیکل بیگ کی افادیت اور اہمیت پر آگاہی فراہم کی۔ اس موقع پر برطانوی وفد کے ارکان کو روایتی پگڑیاں بھی پہنائی گئیں۔

بقیہ سحر 52

کینسل کردیا جائے گا۔ رانا سکندر حیات نے کہا کہ سکول آف ایمینینس کو حکومتی تعلیمی ویژن کے عین مطابق سٹیٹ آف دی آرٹ پراجیکٹ بنایا جائے اور سٹیک ہولڈرز کو بروقت ادائیگیاں یقینی بنائی جائیں گی۔

بقیہ سحر 53

ضروری ہیں اور ٹیکس حکام قانون کے پابند ہیں، انہیں من مانے اقدامات کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ سیلز ٹیکس نمبر معطل ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ قانونی تقاضے پورے کیے بغیر کسی کاروبار کو بلیک لسٹ کردیا جائے۔ فیصلے کے مطابق آئین ہر شہری کو قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کاروبار کرنے کی ضمانت دیتا ہے، جبکہ محض الزامات کی بنیاد پر کسی شہری یا ادارے کے کاروباری حقوق متاثر نہیں کیے جا سکتے۔ لاہور ہائیکورٹ نے مزید قرار دیا کہ انصاف کے حصول کے لیے اپیلٹ ٹربیونل میں نئے قانونی نکات اٹھانا قانونی عمل ہے۔ ہائیکورٹ اپیل کی سماعت کے دوران قانونی نکات کا جائزہ لے سکتی ہے، تاہم حقائق کا از سرنو جائزہ نہیں لیا جاتا۔ عدالت نے فیصلے کی نقل متعلقہ اپیلٹ ٹربیونل کو بھجوانے کی بھی ہدایت کردی۔

بقیہ سحر 54

افریقا کی ان اولین بھارتی نژاد خواتین میں سے ایک ہیں جنہوں نے قانون کی تعلیم حاصل کی، وہ نسل پرستی کے خلاف سرگرم افراد کا عدالتوں میں دفاع کرتی رہیں اور جیلوں کی ناقص حالات کے خلاف لڑتی رہیں۔ جنوبی افریقا کی نسل پرست حکومت کے خاتمے کے بعد وہ روانڈا میں انٹرنیشنل کرمنل ٹربیونل کی جج بن گئیں، جہاں انہوں نے جنسی زیادہ کو جنگی جرائم کا حصہ بنانے کا تاریخ ساز کام کیا۔

بقیہ سحر 55

پروگرام کے سیشن میں اپنے اقدامات اور خدمات کو اجاگر کیا۔ پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلیو) نے فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) اور مشرق بینک کے اشتراک سے کاروباری خواتین کی مواقع تک رسائی کے موضوع پر یہ سیشن منعقد کیا،

بقیہ سحر 56

بہاالدین، گجرات، گجرانوالہ اور سیالکوٹ سے ہے، اسلام آباد کا صرف ایک ڈیپورٹی اس فہرست میں شامل ہے، یہ تمام افراد لیبیا کے راستے غیر قانونی طریقے سے یونان داخل ہوئے تھے، جہاں انہیں مختلف حراستی کیمپوں میں رکھا گیا تھا۔ نیو اسلام آباد ایئرپورٹ پر امیگریشن حکام نے ڈیپورٹیز کا کیس ٹو کیس جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ زیادہ تر افراد ایئر روٹس کے ذریعے قانونی طور پر پاکستان سے گئے

بقیہ سحر 57

پرواز PK-754 منسوخ کردی گئی ہیں۔ پی آئی اے کے ترجمان عبداللہ حفیظ خان نے جمعہ کو بتایا کہ مشرقِ وسطی میں بگڑتی ہوئی صورتحال کے پیشِ نظر پی آئی اے نے ریاض کے لیے اپنی پروازوں کا آپریشن عارضی طور پر معطل کردیا ہے۔ ترجمان نے مسافروں کو ہدایت کی کہ وہ ایئرپورٹ کے لیے روانہ ہونے سے قبل پی آئی اے کے کال سینٹر 111-786-786 پر رابطہ کر کے اپنی پروازوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کرلیں، ایئرلائن اس صورتحال سے مسافروں کو ہونے والی زحمت پر معذرت خواہ ہیں۔

بقیہ سحر 58

پروگرام ''اپنی چھت، اپنا گھر'' کو اقوام متحدہ کے ادارے یو این ہیبی ٹیٹ کے سال 2026ء کے اسکرول آف آنر ایوارڈ سے نوازا گیا ہے جس پر وزیر اعلیٰ پنجاب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، یہ ایوارڈ عالمی سطح پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کارکردگی کا اعتراف ہے۔ 18 ماہ میں پنجاب حکومت نے دو لاکھ 20 ہزار افراد کو اپنی چھت فراہم کی ہے۔ تمام لوگوں کو میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر بلاسود 15 لاکھ روپے تک کا قرض دیا گیا ہے، اقوام متحدہ کی جانب سے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کی شفافیت کی تعریف کی گئی ہے، ایوارڈ تقریب میں بے گھر افراد کو اپنی چھت فراہم کرنے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے، یہ ایوارڈ پنجاب کے 14 کروڑ عوام کے لیے بہت بڑے اعزاز کی بات ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے منصوبے اپنی چھت اپنا گھر کی مکمل حمایت کرتے ہیں

بقیہ سحر 59

شہزاد انور، پروفیسر علی مدیح ہاشمی، ایم ایس میو ہسپتال ڈاکٹر عبدالمدبر ریحان، پی آئی ٹی بی افسران و دیگر فیکلٹی ممبران موجود تھے۔ کورین وفد میں مینجنگ ڈائریکٹر کے ریری ڈاکٹر سیہون پارک، ڈائریکٹر جیجین سونگ، فرسٹ سیکرٹری آف منسٹری مون سنگ، سیکنڈ سیکرٹری آف منسٹری اور کنسلٹنٹ ینسیو چوشامل تھے

بقیہ سحر 60

یونین کونسلز کے ارکان بھی موجود تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر بلال یاسین نے کہا کہ عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے۔ سیاست کو ذاتی مفاد کے بجائے عوامی خدمت کا ذریعہ بنایا ہے۔ کھوکھلے نعروں اور غیر حقیقی دعوؤں کے بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ بلال یاسین نے اپوزیشن کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ کروڑوں گھر بنانے کے دعوے نہیں کیے بلکہ وہی وعدہ کیا جسے پورا کرسکتے ہیں۔

بقیہ سحر 61

سے ایک بھی جعلی انرولمنٹ نہ کرنے کا بیانِ حلفی طلب کرلیا۔ ایجوکیشن اتھارٹی نے تمام سکول سربراہان کو موجودہ انرولمنٹ کا سرٹیفکیٹ جمع کرانے کا حکم دیا ہے۔ ہدایت کے مطابق یہ سرٹیفکیٹ بیانِ حلفی کی صورت میں متعلقہ ایجوکیشن آفیسر سیکنڈری کے پاس جمع کرانا ہوگا۔ ایجوکیشن اتھارٹی کا کہنا ہے کہ اگر کسی سکول میں جعلی انرولمنٹ ثابت ہوئی تو متعلقہ سکول سربراہ ذمہ دار ہوگا اور اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ ایجوکیشن اتھارٹی لاہور نے سکولوں کو 31 اکتوبر تک داخلوں میں اضافہ کرنے کا ہدف دے رکھا ہے، جبکہ اطلاعات کے مطابق داخلوں کا ہدف پورا کرنے کے لیے بعض سکولوں میں طلبہ کی جعلی انرولمنٹ بھی کی گئی تھی۔

بقیہ سحر 62

ہاتھ میں لینے کی ہرگز اجازت نہ دینے کا حکم دیا۔

آئی جی پنجاب نے مزید ہدایت کی کہ شہروں کے داخلی وخارجی راستوں پر مشکوک افراد، مشتبہ گاڑیوں اور سامان کی مکمل چیکنگ یقینی بنائی جائے جبکہ سی سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے اہم مقامات کی مسلسل مانیٹرنگ کی جائے۔

بقیہ سحر 63

آفیسر کی پوسٹوں کیلئے سروس رولز کی منظوری دی۔ بورڈ نے داتا دربار ہسپتال میں مفت ٹیسٹوں کی سہولت اور نرسنگ ہوسٹل کی پالیسیاں بھی منظور کرلیں۔ خاتم النبیین یونیورسٹی کے کانفرنس ہال کے استعمال کے حوالے سے فیس وصولی کی پالیسی بھی منظور کی گئیپنجاب حکومت کے نوٹیفکیشن کے مطابق اوقاف آرگنائزیشن کے ملازمین کیلئے تنخواہوں میں 7 فیصد اور پنشن میں ساڑھے تین فیصد اضافے کی منظوری دی گئی

بقیہ سحر 64

کی 1027، سال 2025 میں 3281 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد وشمار، راوں سال کے 9 ماہ میں جھپٹے کی 1587، سال 2025 میں 2924 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد وشمار، رواں سال کے 9 ماہ میں کار چھیننے کی 3، سال 2025 میں 8 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد وشمار، رواں سال کے 9 ماہ میں موٹرسائیکل چھیننے کی 139، سال 2025 میں 381 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعدادوشمار

بقیہ سحر 65

سکندر حیات نے بتایا تقسیم اکتوبر اور نومبر کے مہینوں کے دوران کی جائے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری اپنے پیغام میں وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے بتایا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز 15 اکتوبر کو یونیورسٹی آف ساہیوال میں منعقدہ ایک خصوصی تقریب کے دوران ساہیوال، اوکاڑہ اور پاکپتن کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے طلبہ میں اسکالرشپس اور لیپ ٹاپس تقسیم کریں گی۔ا

بقیہ سحر 66

ئی دال 0.98 اور دال ماش 0.91 فیصد مہنگی ہوئی، ایک ہفتے میں ایل پی جی 0.57 فیصد مہنگی ہوئی، ایک ہفتے میں کیلا 2.81 فیصد اور ڈیزل 1.37 فیصد سستا ہوا، آلو 0.89 اور چینی 0.37 فیصد سستی ہوئی، حالیہ ہفتے گڑ 0.19 اور دال مونگ 0.03 فیصد سستی ہوئی۔ ایک سال میں پیاز 100.24 فیصد مہنگا ہوا، ایل پی جی 68.55 فیصد مہنگی ہوئی، بجلی چارجز 58.59 فیصد بڑھ گئے، پیٹرول 47.52 فیصد اور ڈیزل 42.52 فیصد مہنگا ہوا، سالانہ بنیادوں پر گندم کا آٹا 32.60 فیصد مہنگا ہوا، مرچ پاؤڈر 15.55، مٹن 15.02 فیصد مہنگا ہوا، بیف 12.60، چکن 9.44 فیصد مہنگا ہوا، سادہ ڈبل روٹی 8.99، دہی 8.08 فیصد مہنگی ہوئی، ایک سال میں آلو 39.51، ٹماٹر 37.07 فیصد سستے ہوئے، چینی 22.44، انڈے 18.88 فیصد سستے ہوئے، نمک پاؤڈر 14.81، دال مسور 9.79 فیصد سستی ہوئی، ایک سال میں گڑ 8.59، دال مونگ 8.37 فیصد سستی ہوئی۔

بقیہ سحر 67

ہے۔ 10 سے 14 اکتوبر تک صوبے کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی پیشگوئی ہے۔ 10، 11، 13 اور 14 اکتوبر کو لاہور، راولپنڈی، مری، گلیات، اٹک، چکوال، جہلم، منڈی بہاالدین، گجرات، گوجرانوالہ، حافظ آباد، وزیر آباد، قصور، شیخوپورہ، سیالکوٹ، نارووال اور میانوالی میں تیز ہواں اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی پیشگوئی ہے۔ 10، 11 اور 13 اکتوبر کو فیصل آباد، خوشاب، بھکر، سرگودھا، جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ میں بھی وقفے وقفے سے تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ مری گلیات اور پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے سیف انور جپہ نے صوبہ بھر کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو الرٹ رہنے کی ہدایات کردی۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت کے مطابق ضلعی انتظامیہ کو الرٹ جاری کردیا ہے۔

بقیہ سحر 68

ہوا ہے اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں۔ گورنر نے کہا کہ دہشت گرد ہمارے عوام، پولیس، فوج اور دیگر سیکیورٹی فورسز کو نشانہ بنا رہی ہے، انہیں شہید کیا جا رہا ہے لیکن صوبائی حکومت میں اتنی ہمت نہیں کہ وہ دہشت گردوں کے خلاف بات کرسکیں. انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی سب سے بڑا مسئلہ ہے، اس لیے حکومت کو امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے پر توجہ دینی چاہیے۔ نیشنل ایکشن پلان پر مؤثر عمل درآمد کیوں نہیں ہو رہا؟ پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ سحر 69

گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ مسائل ایران، امریکہ کی جنگ شروع ہونے سے پہلے بھی تھے، یہ جنگ ختم ہو جائے گی تو یہ مسائل پھر بھی رہیں گے کیونکہ جب تک سیاسی، سماجی اور معاشی ڈھانچے میں انقلابی اصلاحات نہیں لائی جاتیں تب تک کچھ بھی نہیں بدلے گا اور عالمی مالیاتی ادارے پاکستان کی بری تصویر دکھاتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ورلڈ بینک کی رپورٹ کو مسترد کرنے سے بات نہیں بنے گی، یہ رپورٹس ملٹی نیشنل کمپنیوں، عالمی سرمایہ کاروں کی ذہن سازی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔

قومی انڈر 19 چیمپئن شپ کے گروپ مرحلے کے بارش سے متاثرہ میچ میں لاہور ریجن وائٹس نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملتان ریجن کے خلاف پہلی اننگز میں 101 رنز کی برتری حاصل کرکے اہم پوائنٹس اپنے نام کرلیے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) قومی انڈر 19 چیمپئن شپ کے گروپ مرحلے کے بارش سے متاثرہ میچ میں لاہور ریجن وائٹس نے عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملتان ریجن کے خلاف پہلی اننگز میں 101 رنز کی برتری حاصل کرکے اہم پوائنٹس اپنے نام کرلیے۔ سی ایس ایس گراؤنڈ سیالکوٹ میں کھیلے گئے میچ میں لاہور ریجن وائٹس نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 311 رنز بنائے۔ لاہور وائٹس کی جانب سے پھول علی نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 91 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی، جبکہ حسنین عباس ڈار نے 48، احمد خواجہ نے 37 اور علی کھوکھر نے 27 رنز اسکور کیے۔ ملتان ریجن کی جانب سے محمد شیراز اور طلال احمد خان نے تین، تین وکٹیں حاصل کیں۔ لاہور وائٹس کے 311 رنز کے جواب میں ملتان ریجن کی ٹیم اپنی پہلی اننگز میں 210 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ملتان کی جانب سے عبدالرزاق 64 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ لاہور ریجن وائٹس کے باؤلرز نے بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ تاج محمد نے چار، حضرت علی نے تین جبکہ حسنین عباس ڈار نے دو وکٹیں حاصل کرکے ملتان ریجن کی اننگز 210 رنز تک محدود کردی۔ اس طرح لاہور ریجن وائٹس نے پہلی اننگز میں 101 رنز کی فیصلہ کن برتری حاصل کی اور بارش سے متاثرہ میچ میں پہلی اننگز کی برتری کی بنیاد پر قیمتی چیمپئن شپ پوائنٹس حاصل کر لیے۔ میچ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر لاہور ریجن وائٹس کے پھول علی اور حسنین عباس ڈار کو مشترکہ طور پر مین آف دی میچ قرار دیا گیا۔ صدر لاہور ریجن کرکٹ ایسوسی ایشن خواجہ ندیم احمد نے لاہور ریجن وائٹس کے کھلاڑیوں اور ٹیم مینجمنٹ کو شاندار کارکردگی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ مشکل اور بارش سے متاثرہ میچ میں پہلی اننگز کی 101 رنز کی برتری ٹیم کی عمدہ کارکردگی اور کھلاڑیوں کی محنت کا ثبوت ہے۔ انہوں نے ٹیم کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ لاہور وائٹس آئندہ میچز میں بھی کامیابیوں کا سلسلہ جاری رکھے گی۔

ندیم پہلوان نے فلم انڈسٹری کے بحران کے حوالے سے کھلی کچہری کا اہتمام

۔اللہ نے ق لیگ کو اچھی ٹیم دی ہے، خاص طور پر میری ٹیم نے ہمیشہ پارٹی کے لئے کام کیا

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے زیراہتمام ندیم پہلوان نے فلم انڈسٹری کے بحران کے حوالے سے کھلی کچہری کا اہتمام کیا گیا جس میں شہید سلطان راہی کے صاحبزادے حیدر سلطان مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع پر ندیم پہلوان نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں حیدر سلطان کے والد سے بڑا کوئی نام نہیں، کسی نے انکے والد جیسا نام نہیں کمایا۔ کھلی کچہری میں چوہدری شجاعت نے بڑا نام کمایا۔ اللہ نے ق لیگ کو اچھی ٹیم دی ہے۔ خاص طور پر میری ٹیم نے ہمیشہ پارٹی کے لئے کام کیا۔ اس موقع پر سینئر نائب صدر ندیم بگا نے کہا سلطان راہی کیتمام کردار میں عزت اور ثقافتی کا کردار تھا۔ اس موقع پر ڈاکٹر زاہد قریشی نے کہا فقیر درویش کے فقیر صاحبزادے ہیں اللہ جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہیاور سلطان راہی کو جوعزت دی وہ اللہ نے دی۔ ندیم پہلوان نے کہا کہ میری ٹیم میں ایم این اے اور ایم پی اے بنے گے۔ اپنی پارٹی سے ٹکٹ دیں گے۔ یہ گھرانہ صدابہار ہے اللہ نے اس گھرانے کا چوکیدار بنایا ہے اس گھرانے نے کبھی ملک کو نقصان نہیں پہنچایا۔ ق لیگ ہمیشہ حکومت میں رہے ہیں۔ حیدر سلطان نے کہا کہااللہ جتنی بھی عزت دے عاجزی نہیں چھوڑنی یہاں آکر اچھا لگا۔ جولوگ گھر بیٹھے ہیں انکو فیلڈ میں لانا چاہتا ہوں اس موقع پر نگینہ خان نے کہا فلم انڈسٹری سے سلطان راہی کی فلم دیکھتی تھی اب انکے بیٹے حیدر سلطان کی ترقی دیکھنا چاہتی ہوں۔

سابق ٹیسٹ کپتان عامر سہیل کی پی سی بی کی دعوت پر نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور آمد کا دورہ کیا

لاہور (سپورٹس رپورٹر) سابق ٹیسٹ کپتان عامر سہیل کی پی سی بی کی دعوت پر نیشنل کرکٹ اکیڈمی لاہور آمد کا دورہ کیا۔ عامر سہیل نے پاکستان کرکٹ اور کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کے عزم کو سراہا۔ عامر سہیل کا نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ترقیاتی کاموں اور ہائی پرفارمنس پروگرامز کا جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس عاقب جاوید کی عامر سہیل کو انڈر 15، انڈر 17 اور انڈر 19 پروگرامز پر بریفنگ۔ عامر سہیل کو ایتھلیٹ مینجمنٹ سسٹم اور کھلاڑیوں کی کارکردگی جانچنے کے جدید نظام پر بریفنگ۔ سابق کپتان کا نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں جدید سہولیات اور زیرتعمیر بائیو مکینکس لیب کا جائزہ لیا۔ نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے مطلوبہ سہولیات اب دستیاب ہیں، پی سی بی کی جانب سے کھلاڑیوں کی ترقی اور جدید سہولیات پر سرمایہ کاری خوش آئند ہے، چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی کرکٹ کی بہتری کے لیے وسائل کی فراہمی قابل تحسین ہے، کرکٹ کی ترقی کے لیے سرمایہ کاری کرنے والی قیادت کا ہونا حوصلہ افزا ہے۔ بنیادی ڈھانچے پر سرمایہ کاری کے نتائج کھلاڑیوں کی کارکردگی میں بھی نظر آنے چاہئیں، عامر سہیلنے مزید بتایا کہ کھلاڑیوں کی تربیت پر مامور افراد کا اپنے شعبوں میں مہارت رکھنا ضروری ہے، بائیو مکینکس لیب کھلاڑیوں کی تکنیکی خامیاں دور کرنے اور کارکردگی بہتر بنانے میں مددگار ہوگی۔ نوجوان کھلاڑیوں کی ترقی کے لیے مرتب کردہ پروگرامز حوصلہ افزا ہیں۔ پاکستان کرکٹ کی مضبوط بنیاد کے لیے کلب اور سکول کرکٹ پر مسلسل توجہ ضروری ہے، پی سی بی کی جانب سے سکول کرکٹ ٹورنامنٹ کا آغاز مثبت قدم ہے، نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتیں نکھارنے کے لیے سکولوں میں سال بھر کرکٹ سرگرمیاں ضروری ہیں۔

اپیکا یوتھ افیئر زاینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 8 ملازمین کی ریٹائرمنٹ پر تقریب کا انعقاد

ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی تقریب کے مہمان خصوصی تھے

لاہور (سپورٹس رپورٹر) اپیکا یوتھ افیئر ز اینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے 8 ملازمین کی ریٹائرمنٹ پر تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی تقریب کے مہمان خصوصی تھے ڈی جی سپورٹس پنجاب نے ملازمین کی خدمات کو سراہا اور تعریفی سرٹیفکیٹس تقسیم کیئر ریٹائرمنٹ ہونیوالے تمام ملازمین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، پاک چائینہ فرینڈ شپ گیمز میں بہترین کارکردگی دکھانے والے ملازمین کو اعزازیہ دیں گے، سی ایم پنجاب یوتھ گیمز اور پھر ساؤتھ ایشین گیمز جیسے بڑے ایونٹس کا انعقاد بھی ہورہا ہے، سپورٹس ڈیپارٹمنٹ کھیلوں کی ترقی کیلئے بہترین ورکنگ کررہا ہے، محمد طارق قریشی نے کہاریٹائرمنٹ ہونیوالے ملازمین میں اسسٹنٹ عمران منیر، اسسٹنٹ نفیس احمد، اسسٹنٹ محمد اکبر رانا شامل بیلدار محمد اشرف، ہیلپر امجد علی، نائب قاصد عطاء محمد، سویپر محبوب روشن اور بیلدار عبدالوحید شامل تقریب میں چیئرمین اپیکا سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر ز فیاض احمد، صدر حنان خالد کی شرکت کی۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کا کاؤنٹ ڈاؤن شروع، میلہ 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک سجے گا۔

لاہور (سپورٹس رپورٹر) ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کا کاؤنٹ ڈاؤن شروع، میلہ 18 مارچ سے 2 مئی 2027 تک سجے گا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 مسلسل دوسری بار آٹھ ٹیموں کے ساتھ کھیلا جائے گا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل گورننگ کونسل اور فرنچائزز کی مشاورت کے بعد ونڈو فائنل کردی گئی۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل گورننگ کونسل کا اجلاس یکم ستمبر کو لندن میں ہوا تھا۔ اجلاس میں تمام آٹھ فرنچائزز کے مالکان اور نمائندوں نے شرکت کی۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 میں پہلی بار پلیئر ڈرافٹ کی جگہ پلیئر آکشن متعارف کرایا گیا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 فائنل میں قذافی سٹیڈیم میں 32 ہزار 461 تماشائیوں کی ریکارڈ شرکت کی۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 نے دنیا کو لیگ کی صلاحیت دکھائی، محسن نقوی، چیئرمین پی سی بی نے بتایا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 میں سنسنی خیز لمحات اور ریکارڈ کراوڈ دیکھنے کو ملا، ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 نے براڈ کاسٹ کے نئے ریکارڈ قائم کیے، ایک اور شاندار ایچ بی ایل پی ایس ایل سیزن کے انعقاد کے لیے پُرعزم ہیں، 2027 میں شائقین کی توقعات پر پورا اترنے کا عزم ہے، سی ای او ایچ بی ایل پی ایس ایل سلمان نصیر نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کی ونڈو کا اعلان صرف پہلا قدم ہے، آٹھ ٹیمیں ٹائٹل کے لیے پہلے سے زیادہ پرعزم ہوں گی، پاکستان سمیت دنیا بھر کے لاکھوں شائقین ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کے منتظر ہیں، نئے دور کا آغاز ہو چکا ہے، پشاور زلمی نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 11 کا ٹائٹل اپنے نام کیا تھا۔ پشاور زلمی نے فائنل میں حیدرآباد کنگزمن کو پانچ وکٹوں سے شکست دی تھی۔ پشاور زلمی نے نو سال بعد ایچ بی ایل پی ایس ایل ٹائٹل جیتا تھا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کی ڈائریکٹ سائننگز کا اعلان آئندہ کیا جائے گا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کے پلیئر آکشن کا اعلان بھی آئندہ کیا جائے گا۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 12 کے شیڈول، وینیوز اور ٹکٹنگ کی تفصیلات بعد میں جاری ہوں گی۔

پاکستان انڈر 17 مینز کرکٹ ٹیم کی ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں ٹریننگ جاری

تربیتی کیمپ میں کھلاڑیوں کی تکنیک اور مجموعی کرکٹ صلاحیتوں میں بہتری پر توجہ دی گئی، اعجاز احمد جونیئر

لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان انڈر 17 مینز کرکٹ ٹیم کی ملتان کرکٹ سٹیڈیم میں ٹریننگ جاری ہے۔ پاکستان اور سری لنکا انڈر 17 ٹیموں کے درمیان سیریز کا آغاز 19 اکتوبر سے ہوگا۔ سیریز میں ایک تین روزہ اور پانچ ون ڈے میچز کھیلے جائیں گے۔ پاکستان انڈر 17 کے ہیڈ کوچ اعجاز احمد جونیئر کی ٹیم کی تیاریوں پر پی سی بی ڈیجیٹل سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کیمپ 15 ستمبر سے جاری ہے، اعجاز احمد جونیئر نے کہا تربیتی کیمپ میں کھلاڑیوں کی تکنیک اور مجموعی کرکٹ صلاحیتوں میں بہتری پر توجہ دی گئی، کھلاڑیوں کو میچ کی صورتحال سمجھنے اور اس کے مطابق کھیلنے پر کام کرایا، ذہنی مضبوطی اور دباؤ سے نمٹنے کے لیے مختلف میچ صورتحال میں پریکٹس کرائی، کیمپ کے دوران کھلاڑیوں کو انفرادی اہداف بھی دیے گئے، کھلاڑیوں کی فٹنس اور ذہنی مضبوطی بہتر بنانے پر خصوصی توجہ دی گئی، ہمارا بنیادی مقصد کھلاڑیوں کے اعتماد میں اضافہ اور ان میں ذمہ داری کا احساس پیدا کرنا ہے، چاہتے ہیں کہ کھلاڑی ذہنی طور پر مضبوط ہوں اور دباؤ میں بھی اچھی کارکردگی دکھائیں، امید ہے کھلاڑیوں کی محنت اور تیاری کے اچھے نتائج سامنے آئیں۔

کرکٹ وکٹوریا کی ورک فرام اسٹیڈیم کی پیشکش پر کاروباری حلقوں کا اعتراض

16 ڈالر کے اس پیکج میں فنکشن روم تک رسائی، وائی فائی اور مفت چائے یا کافی بھی شامل ہے

سڈنی (سپورٹس ڈیسک) آسٹریلیا میں کرکٹ کے شائقین کو دفتر کے بجائے اسٹیڈیم میں بیٹھ کر کام کرنے کی 16 ڈالر کی پیشکش نے نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کاروباری رہنماؤں نے خدشہ ظاہر کیا کہ اس طرح کی سہولت سے ملازمین گھر سے کام کرنے کی آزادی کا ناجائز فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کرکٹ وکٹوریہ نے میلبرن کے جنکشن اوول میں شائقین کے لیے 'ورک فرام دی شیلڈ' پیکج متعارف کرایا ہے جس کے تحت وہ شیفیلڈ شیلڈ کے میچ کے دوران لیپ ٹاپ کے ساتھ اسٹیڈیم میں بیٹھ کر دفتری امور انجام دے سکتے ہیں۔ 16 ڈالر کے اس پیکج میں فنکشن روم تک رسائی، وائی فائی اور مفت چائے یا کافی بھی شامل ہے۔ یہ ٹکٹ کی معمول کی قیمت سے صرف 6 ڈالر مہنگا ہے تاہم آسٹریلوی صنعتی اور کاروباری تنظیموں نے اس اقدام پر تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ آسٹریلین انڈسٹری گروپ وکٹوریہ کے سربراہ ٹم پائپر کا کہنا ہے کہ گھر سے کام کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ ملازمین کھیلوں کے مقابلے دیکھنے چلے جائیں۔ ان کے مطابق ملازمین کو اپنی ذمہ داریاں پوری کرنی چاہئیں جبکہ کرکٹ دیکھنے کے لیے سالانہ چھٹی لینا بہتر ہے۔

PUNJAB 2026
Cleaner Air, Healthier Future
SMOG-LESS ZONE
ANTI SMOG GUN
ENFORCEMENT FORCE SQUAD
SMOG SUPPRESSION DEPLOYMENT
INDUSTRIAL KILN REF
QUALITY STATION
CLEANER
CLIMATE RESILIENCE

لاہور: سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب انسدادی سموگ بارے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے

سہیل آفریدی کا مارچ شارٹ دہشتگرد تنظیموں کے حق میں ہے

عظمیٰ بخاری

خیبر پختونخوا میں ایک طرف دہشت گردی ہو رہی دوسری طرف سہیل آفریدی کنٹینر پر چڑھے ہیں، خیبر پختونخوا پورا صوبہ غیر محفوظ ہے لیکن سڑکوں پر دندناتا مارچ مکمل محفوظ ہے

سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا ہے، مارچ نہ بانی پی ٹی آئی کے حق میں ہے نہ پختون عوام کے حق میں ہے، ان کا شارٹ ٹرم مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا، یہ مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایک طرف دہشت گردی ہو رہی دوسری طرف سہیل آفریدی کنٹینر پر چڑھے ہیں، خیبر پختونخوا پورا صوبہ غیر محفوظ ہے لیکن سڑکوں پر دندناتا مارچ مکمل محفوظ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سہیل آفریدی کا لانگ مارچ شارٹ ٹرم مارچ میں تبدیل ہو چکا ہے، مارچ نہ بانی پی ٹی آئی کے حق میں ہے نہ پختون عوام کے حق میں ہے، ان کا شارٹ ٹرم مارچ دہشت گرد تنظیموں کے حق میں ہو رہا ہے۔ ان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

Dawlance
CHELOTA
BIG
ZXGO

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

سموگ کیخلاف پنجاب میں ڈیجیٹل نظام، 8 ہزار سے زائد بھٹوں کی نگرانی کی جا رہی ہے' مریم اورنگزیب

فضائی آلودگی، سموگ پر قابو پانے کے لیے جامع حکمت عملی کے تحت کام کیا جا رہا ہے' سینئر صوبائی وزیر

لاہور (سٹاف رپورٹر) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پنجاب میں فضائی آلودگی اور سموگ پر قابو پانے کے لیے پہلی بار ٹرانسپورٹ، زراعت، تعمیرات اور دیگر شعبوں کو شامل کر کے جامع حکمت عملی کے تحت کام کیا جا رہا ہے، صوبے بھر میں 8 ہزار سے زائد بھٹوں کی ڈیجیٹل نقشہ بندی کر کے ان کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے مریم اورنگزیب نے کہا کہ فضائی آلودگی میں ٹرانسپورٹ کے دھوئیں، فصلوں کی باقیات جلانے اور تعمیراتی مقامات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کی قیمت میں 400 روپے تک اضافہ، کراچی، اسلام آباد، پشاور میں قیمت 3400 روپے تک پہنچ گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کی قیمت میں 400 روپے تک اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں 20 کلو آٹے کی قیمت میں بڑا اضافہ ہوا، کراچی، اسلام آباد اور پشاور میں 20 کلو آٹا 3400 روپے تک پہنچ گیا جبکہ راولپنڈی میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 347 روپے مہنگا ہو کر 3333 روپے اور سیالکوٹ میں آٹے کا 20 کلو کا تھیلا 333 روپے مہنگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

وزیرِ اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے بیان پر علی امین گنڈاپور کا مبینہ آڈیو پیغام لیک

بانی تحریکِ انصاف کی ملاقاتیں سہیل آفریدی نے بند کروائیں، سہیل آفریدی کی گفتگو

سہیل آفریدی کو لانے والے شخص کو بھی پیغامات بھیجے گئے ہیں

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیرِ اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی کے بیان پر سابق وزیرِ اعلیٰ علی امین گنڈاپور کا آڈیو پیغام لیک ہو گیا، سابق وزیرِ اعلیٰ کے ترجمان فراز مغل نے آڈیو کے درست ہونے کی تصدیق کر دی۔ علی امین گنڈاپور نے آڈیو پیغام میں وزیرِ اعلیٰ سہیل آفریدی کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ میڈاِن چائنا ٹیپو سلطان صاحب ! اپنی زبان کو لگام دو، اس طرح کی فضول باتیں مت کیا کرو، بکواس بند کرو، ورنہ بے نقاب کردوں گا کہ تم کیسے آئے، کس شرط پر آئے اور تمہیں کون لایا ہے؟ علی امین گنڈاپور نے الزام لگایا کہ سہیل آفریدی نے 26 نومبر 2025 کو دھاوا بولنا تھا لیکن ایسا نہیں کیا کیونکہ وہ وہاں معاملات طے کر کے انتظامی طور پر قابو میں آ گئے تھے، سہیل آفریدی نے معاملات طے کر کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

گورنر راج لگانے کیلئے زیادہ پھرتیاں پیپلز پارٹی کی نظر آ رہی ہیں، شوکت یوسفزئی

صوبے میں غیر اعلانی گورنر راج کسی صورت قبول نہیں، رہنما پی ٹی آئی

وزرا اور ممبران اسمبلی کی اپنے صوبے میں گرفتاریوں پر تشویش ہے، میڈیا سے گفتگو

حکومت اور پی ٹی آئی میں ثالثی کا پوری طرح علم نہیں، سنا ہے مولانا فضل الرحمان سے ثالثی کے لیے رابطہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کبھی جمہوری پارٹی نہیں رہی، گورنر راج لگانے کے لیے زیادہ پھرتیاں پیپلز پارٹی کی نظر آ رہی ہیں۔ لانگ مارچ سے متعلق اپنے پیغام میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی تک رسائی اور دیگر مطالبات تسلیم ہونے تک مارچ جاری رہے گا، صوبے میں غیر اعلانی گورنر راج کسی صورت قبول نہیں، وزرا اور ممبران اسمبلی کی اپنے صوبے میں گرفتاریوں پر تشویش ہے۔ شوکت یوسفزئی نے کہا کہ رواں سال بجٹ میں پولیس کے لیے 191 ارب روپے رکھے گئے ہیں، کے پی بجٹ میں پولیس کا حصہ 7.8 فیصد ہے، پنجاب میں صرف 3.9 فیصد ہے، مالی مشکلات کے باوجود پولیس کی 3550 اسامیوں کی منظوری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

خیبر، نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار شہید، مقدمہ درج

خیبر (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختون خوا کے ضلع خیبر کے علاقے جمرود میں نامعلوم ملزمان نے فائرنگ کر کے پولیس اہلکار کو شہید کر دیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ جمرود کے علاقے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیر صدارت اجلاس، پی ایس ڈی پی میں شامل نئے ہسپتالوں کے قیام کے منصوبوں کو فاسٹ ٹریک پر ڈالنے کی ہدایت

پشاور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی کی زیر صدارت جمعہ کے روز محکمہ صحت کے ترجیحی منصوبوں کا جائزہ اجلاس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

پرانا سکھر میں گندا پانی گھروں میں داخل، شہریوں کا احتجاج

میرانی محلے میں چھ ماہ سے پمپنگ اسٹیشنوں کی بجلی منقطع ہونے کا دعویٰ، میئر اور انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

سکھر (مانیٹرنگ ڈیسک) پرانے سکھر کے جئے شاہ ٹاؤن کی یونین کمیٹی 6 کے میرانی محلے میں نکاسی آب کا نظام درہم برہم ہونے اور گندا پانی گھروں اور گلیوں میں جمع ہونے کے خلاف مکینوں نے احتجاج کیا۔ مظاہرین نے گندے پانی میں کھڑے ہو کر میونسپل کارپوریشن کے خلاف نعرے بازی کی اور فوری نکاسی آب کا مطالبہ کیا۔ احتجاج کی قیادت نیک محمد میرانی، عبدالستار میرانی، امیر بخش میرانی، عبدالغنی میرانی، غلام رسول میرانی اور رجب میرانی سمیت دیگر شہریوں نے کی۔ مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ گزشتہ چھ ماہ سے پمپنگ اسٹیشنوں کی بجلی منقطع ہے، جبکہ عارضی طور پر نصب کیا گیا بیکو بھی ناکارہ ہو چکا ہے، جس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

صغران چاچڑ قتل کیس سے دستبرداری کے لیے ہراساں کرنے کا الزام

سکھر (مانیٹرنگ ڈیسک) سائٹ ایریا تھانے کی حدود میں رہائش پذیر چاچڑ برادری کے مردوں اور خواتین نے صغران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

پاکستان میں 5,241 نئی کمپنیاں رجسٹرڈ، مجموعی تعداد 3 لاکھ 17 ہزار سے متجاوز

پنجاب میں سب سے زیادہ 2,740 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں، جو مجموعی تعداد کا 52.3 فیصد ہیں

اسلام آباد میں 1,009، سندھ میں 790، خیبر پختونخواہ میں 428، بلوچستان میں 105 نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن

کراچی / لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر 2026ء کے دوران ملک بھر میں 5,241 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں جس کے بعد پاکستان میں رجسٹرڈ کمپنیوں کی مجموعی تعداد بڑھ کر 317,002 ہو گئی۔ ایس ای سی پی کے اعلامیے کے مطابق نئی کمپنیوں میں سے 99.9 فیصد کی رجسٹریشن ای زی فائل پورٹل اور وفاقی و صوبائی نظاموں کے مربوط ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے آن لائن مکمل کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق نئی رجسٹریشن میں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیاں سرفہرست رہیں، جن کی تعداد 3,013، یعنی مجموعی رجسٹریشن کا 57.5 فیصد تھی۔ اس کے علاوہ 2,058 سنگل ممبر کمپنیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

فائنل ٹرم امتحانات نومبر میں ہوں گے، نئے نصاب کی کتابیں مارچ یا اپریل میں مارکیٹ میں آنے کا امکان

لاہور (سٹاف رپورٹر) فروری میں ماہ رمضان کے باعث بیشتر پرائیویٹ سکولز کا نیا تعلیمی سال ایک ماہ قبل دسمبر سے شروع کرنے کا فیصلہ ہو گیا۔ بیشتر پرائیویٹ سکولوں میں تعلیمی سیشن یکم دسمبر سے شروع کیا جائے گا، تعلیمی سیشن جلد شروع ہونے سے پبلشرز کو کروڑوں روپے کا فائدہ ہوگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

کم عمر لڑکی کے مبینہ جنسی استحصال اور انسانی اسمگلنگ کے سنگین خدشات پر 3 خواتین مسافر آف لوڈ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے کم عمر لڑکی کے مبینہ جنسی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

لاہور: طالبات این سی اے میں جارش نمائش دیکھ رہی ہیں

پی ٹی آئی سے مذاکرات میں بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید نہیں

رانا ثناء اللہ

پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات ختم ہونے کے بعد بھی رابطے رہے ہیں، محسن نقوی کے پی ٹی آئی رہنماؤں سے رابطے ہیں

پی ٹی آئی کا اپنا سیاسی مؤقف ہے اور حکومت کا اپنا موقف، تاہم کسی سمجھوتے یا مفاہمت کے بغیر مذاکرات دوبارہ شروع کرنا زیادہ مفید نہیں ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات میں فی الحال کسی بڑے بریک تھرو کی زیادہ امید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

انصاف
انصاف

لاہور: کاہنہ کے رہائشی میاں بیوی اپنے مطالبات کے حق میں احتجاج کرتے ہوئے

مریدکے میں زمین کے تنازع پر فائرنگ، دوہرے قتل کا گواہ نوجوان شدید زخمی

مریدکے (بیورو رپورٹ)) مریدکے کی آبادی ننگل ساہداں میں زمین کے تنازعہ پر بااثر ملزمان کی دن دیہاڑے اندھا دھند فائرنگ، گولیاں لگنے سے دوہرے قتل کا گواہ نوجوان شدید (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

سمیڈا کی طرف سے کاروباری خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق بریفنگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) نے خواتین کاروباری شخصیات کو بااختیار بنانے کے عزم کے تحت منعقدہ خدیجہ ویمن انٹرپرینیورشپ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

کسی کو سنے بغیر اس کا سیلز ٹیکس نمبر بند کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے' لاہور ہائیکورٹ

ٹیکسٹائل ملز کی بلیک لسٹنگ کا حکم کالعدم قرار، سیلز ٹیکس نمبر، رجسٹریشن فوری بحال کرنے کی ہدایت

لاہور (کورٹ رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے ٹیکسٹائل ملز کی بلیک لسٹنگ کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے سیلز ٹیکس نمبر اور رجسٹریشن فوری بحال کرنے کی ہدایت کردی، عدالت نے ایف بی آر کی اپیل خارج کرتے ہوئے اپیلٹ ٹریبونل کا فیصلہ برقرار رکھا۔ جسٹس حسن نواز مخدوم اور جسٹس محمد اجمل زاہد نے عدالتی نظیر پر مشتمل فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ کسی کو سنے بغیر اس کا سیلز ٹیکس نمبر بند کرنا آئین کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ محض شک یا الزام کی بنیاد پر کسی شہری یا ادارے کو بلیک لسٹ کر کے اس کا کاروبار بند نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت نے فیصلے میں واضح کیا کہ ٹیکس فراڈ کا الزام ثابت کرنے کے لیے ٹھوس شواہد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

ٹرمپ پھر محروم، امن کا نوبیل انعام جنوبی افریقا کی خاتون وکیل کے نام

جنوبی افریقا کی نسل پرست حکومت کے خاتمے کے بعد وہ روانڈا میں انٹرنیشنل کرمنل ٹریبونل کی جج بن گئیں

سویڈن (مانیٹرنگ ڈیسک) سویڈن کی رائل سویڈش اکیڈمی نے امن کے نوبیل انعام 2026 کا اعلان کر دیا ہے اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی خواہش اس بار بھی پوری نہیں ہو سکی۔ اس سال کا نوبیل امن انعام جنوبی افریقا سے تعلق رکھنے والی ہیومن رائٹس وکیل ناوانیتھم ناوی پلے کو دینے کا اعلان کیا گیا ہے۔ نوبیل کمیٹی کے مطابق ناوانیتھم ناوی پلے کو امن اور عالمی قانون کے فروغ پر نوبیل انعام دیا جا رہا ہے، 1941 میں جنوبی افریقی شہر ڈربن میں پیدا ہونے والی ناوانیتھم ناوی پلے بھارتی نژاد خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ وہ جنوبی افریقا میں نسلی امتیاز کا سامنا کرتے ہوئے بڑی ہوئیں اور جنوبی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

زیادہ تر افراد قانونی طور پر ایئر روٹس سے گئے اور سلپ ہو کر یورپ داخلے کی کوشش میں پکڑے گئے، حکام

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یونان میں غیر قانونی طور پر داخل ہونے والے 40 پاکستانیوں کو ڈی پورٹ کر کے خصوصی پرواز کے ذریعے اسلام آباد بھیج دیا۔ ڈیپورٹیز کا تعلق ضلع منڈی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

لاہور: صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب اوقاف بورڈ کا اجلاس منعقد

ہر مصیبت برداشت کرنے کو تیار، اصولوں پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، سلمان اکرم راجہ

بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، پی ٹی آئی کا جنرل سیکرٹری ہوں میرے اوپر بہت ذمہ داریاں ہیں

عوام کا خون ہمارے لیے مقدم ہے، ایسے لائحہ عمل کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے بیگناہوں کا لہو بہے: میڈیا سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ ہر مصیبت جھیلنے کو تیار ہیں مگر اصولوں سے دستبرداری اختیار نہیں کریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ آمد پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ بے گناہوں کو بے گھر نہیں ہونے دیں گے، کوئی ایسا معاہدہ نہیں کریں گے جو بے اصولی پر مبنی ہو، ہم نے بار بار کہا کہ عوام کا خون ہمارے لیے مقدم ہے، ایسے لائحہ عمل کا حصہ نہیں بنیں گے جس سے بیگناہوں کا لہو بہے۔ ان کا کہنا تھا پی ٹی آئی کا جنرل سیکرٹری ہوں میرے اوپر بہت ذمہ داریاں ہیں، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے کیسز کو بھی دیکھا رہا ہوں، پنجاب لانگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

حوثی باغیوں کے حملوں کا خدشہ، پی آئی اے نے ریاض کے لیے پروازیں معطل کر دیں

مشرقِ وسطیٰ کی صورتحال کے پیشِ نظر یہ فیصلہ کیا، مسافر روانگی سے قبل پی آئی اے سے رابطہ کریں، ترجمان پی آئی اے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال کے سبب ریاض کے لیے پروازیں معطل کر دیں اس فیصلے پر عمل کرتے ہوئے پی آئی اے کی اسلام آباد سے ریاض جانے والی پرواز PK-753 اور ریاض سے اسلام آباد آنے والی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

مریم نواز کو اقوام متحدہ کا ایوارڈ ملنے پر مبارکباد کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع

اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 18 ماہ میں 2 لاکھ 20 ہزار افراد کو چھت فراہم کی گئی' حنا پرویز بٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو اقوام متحدہ سے ایوارڈ ملنے پر مبارکباد کی قرارداد پنجاب اسمبلی میں جمع کروا دی گئی۔ قرارداد مسلم لیگ (ن) کی رکن اسمبلی حنا پرویز بٹ کی جانب سے جمع کروائی گئی جس کے متن میں کہا گیا ہے کہ پنجاب حکومت کے فلیگ شپ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں جمہوریہ کوریا کے وفد کی ملاقات

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی میں جمہوریہ کوریا کے وفد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وائس چانسلر کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر محمود ایاز، سی ای او میو ہسپتال پروفیسر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

ٹی او آرز پر عمل نہ کرنے والے ایمینس سکولوں کا لائسنس کینسل کر دیا جائے گا' وزیر تعلیم

سمارٹ سلیبس کی طرف بڑھ چکے ہیں، نئے سلیبس کو 35 فیصد ری پروڈیوس کیا گیا ہے' رانا سکندر حیات

پہلی سے پانچویں کلاس تک کی درسی کتب فروری تک سکولوں کو مہیا کر دی جائیں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات کی زیر صدارت نواز شریف سکول آف ایمینس فیز 2 کے لائسنسز کا اجلاس منعقد ہوا جس میں انہوں نے محکمہ تعلیم کی مانیٹرنگ ٹیم کی سکول وزٹ رپورٹس کے تناظر میں بعض لائسنس ہولڈرز کی سرزنش کی اور سکول آف ایمینس میں معیار پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کا واضح موقف اپنایا۔ وزیر تعلیم نے تمام لائسنسیز کو وضع کردہ قواعد و ضوابط کے مطابق انفراسٹرکچر سو فیصد یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ٹی او آرز پر عمل نہ کرنے والے سکولوں کا لائسنس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور چیمبر کی ٹولنٹن مارکیٹ تصادم پر تشویش کا اظہار، مشاورت سے اقدامات پر زور

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر، سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی اور نائب صدر خادم حسین چودھری نے لاہور چیمبر میں ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ٹولنٹن مارکیٹ میں تاجروں اور سرکاری عملہ کے درمیان تصادم پر گہری تشویش کا اظہار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

سات غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائیاں، 281 افراد گرفتار

لاہور میں غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی، عاطف امیر

لاہور (کرائم رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) لاہور زون نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران سات غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 281 افراد کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار افراد میں 21 غیر ملکی شہری اور 20 خواتین بھی شامل ہیں۔ این سی سی آئی اے لاہور زون کے ایڈیشنل ڈائریکٹر عاطف امیر نے جمعے کو پریس کانفرنس میں بتایا کہ ان کال سینٹرز کے خلاف کارروائیاں مالی فراڈ، آن لائن ہراسانی اور ہنی ٹریپنگ کی شکایات پر کی گئیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور میں غیر قانونی کال سینٹرز کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ عاطف امیر کے مطابق گرفتار افراد میں 260 پاکستانی اور 21 غیر ملکی شہری شامل ہیں۔ غیر ملکیوں میں 12 چینی، پانچ فلپائنی، دو ویتنامی، ایک ملائیشین اور ایک نیپالی شہری ہے۔ کارروائیوں کے دوران 362 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

حکومت عوامی خدمت کیلئے ملتی ہے، دھرنوں، سازشوں اور گلی گلی احتجاج کی سیاست کیلئے نہیں' بلال یاسین

عوامی خدمت ہی ہماری سیاست کا محور ہے، کھوکھلے نعروں کے بجائے عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں

وزیر ہاؤسنگ کی حلقہ انتخاب میں کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ پنجاب بلال یاسین نے اپنے حلقہ انتخاب میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جہاں انہوں نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لیے موقع پر متعلقہ حکام کو احکامات جاری کیے۔ کھلی کچہری میں علاقہ عمائدین اور مختلف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

لاہور کے سکولوں میں جعلی انرولمنٹ پر کارروائی کا فیصلہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ایجوکیشن اتھارٹی نے سکولوں میں جعلی انرولمنٹ کے خلاف بڑا اقدام کرتے ہوئے تمام سکول سربراہان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

برطانوی وفد کا ٹھوکر نیاز بیگ میں خانہ بدوشوں کی بستی کا دورہ، بروک پاکستان اور گود کے اشتراک سے قائم مفت آئی کیمپ کا معائنہ، رضاکاروں کی خدمات کو سراہا

لاہور (سٹاف رپورٹر) برطانوی وفد نے ٹھوکر نیاز بیگ کے جٹ چوک میں خانہ بدوشوں کی بستی کا دورہ کیا اور بروک پاکستان اور گود کے اشتراک سے قائم مفت آئی کیمپ کا معائنہ کیا۔ بروک پاکستان کے سی ای او ڈاکٹر جاوید اقبال گوندل نے وفد کی قیادت کی وفد میں ایما بکلے، ہاورڈ مینڈی، سٹیو، کلیئر، ڈینئیل، ڈاکٹر منوچہر اور ڈاکٹر عمران کبیر شامل تھے دورے کے دوران وفد کو بتایا گیا کہ مفت آئی کیمپ میں مقامی خانہ بدوش آبادی کے افراد کی آنکھوں کے امراض کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس پنجاب فضل الرحمن سی ایم پنجاب تائیکوانڈو اکیڈمی کی بیلٹ پروموشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

محکمہ اوقاف کو ہر قسم کی کرپشن اور بدعنوانی سے پاک کیا جائیگا

چوہدری شافع

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب اوقاف بورڈ کا اجلاس، 8 نکاتی ایجنڈا آئٹمز پر غور کیا گیا

کرپٹ اور بدعنوان عناصر کے خلاف جاری سخت کارروائیوں کی بدولت مزارات پر رکھے کیش باکسز کی آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا، صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پنجاب اوقاف بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا۔ پیسک ہاؤس ڈیوس روڈ پر منعقدہ اجلاس میں 8 نکاتی ایجنڈا آئٹمز پر غور کیا گیا۔ محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام مزارات پر رکھے گئے کیش باکسز کی آمدن میں 100 فیصد اضافہ پر سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ اور ان کی ٹیم کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ بورڈ نے داتا دربار ہسپتال میں پرنسپل میڈیکل آفیسر اور سینئر میڈیکل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

لا اینڈ آرڈر کا قیام، شہریوں کی جان و مال اور املاک کا تحفظ پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے، آئی جی پنجاب

آئی جی پنجاب نے ڈی پی اوز سمیت سینئر پولیس افسران کو فیلڈ میں موجود رہنے اور سکیورٹی انتظامات کا خود جائزہ لینے کی ہدایت کی

شہروں کے داخلی و خارجی راستوں پر مشکوک افراد، مشتبہ گاڑیوں اور سامان کی مکمل چیکنگ یقینی بنائی جائے

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے جمعۃ المبارک کے موقع پر لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی بڑھانے کے احکامات جاری کیے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے مساجد، امام بارگاہوں، مزارات، مارکیٹوں، چینی و غیر ملکی سفارت خانوں سمیت حساس مقامات کی سکیورٹی یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے مساجد، امام بارگاہوں، کاروباری مراکز کے اطراف اور شاہراہوں پر پٹرولنگ بڑھانے کا بھی حکم دیا۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے ہدایت کی کہ فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان سمیت ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھی جائے جبکہ غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کے انخلا کی مہم میں تیزی لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ لا اینڈ آرڈر کا قیام، شہریوں کی جان و مال اور املاک کا تحفظ پنجاب پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ آئی جی پنجاب نے ڈی پی اوز سمیت سینئر پولیس افسران کو فیلڈ میں موجود رہنے اور سکیورٹی انتظامات کا خود جائزہ لینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے دفعہ 144 کی پابندی پر عملدرآمد یقینی بنانے اور کسی کو قانون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

لاہور: صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین اپنے حلقہ انتخاب میں کھلی کچہری کے دوران لوگوں سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی دارالحکومت میں نقب زنی، موٹر سائیکل چوری و چھیننے، کار چوری و چھیننے سمیت دیگر جرائم کی وارداتیں جاری

رواں سال کے 9 ماہ میں 73657 وارداتین رپورٹ، پولیس اعداد و شمار

لاہور: شیخ عمر حفیظ سے) صوبائی دارالحکومت میں قتل، اقدام قتل، نقب زنی، موٹر سائیکل چوری و چھیننے، کار چوری و چھیننے سمیت دیگر جرائم کی وارداتیں جاری، رواں سال کے 9 ماہ میں 73657 وارداتین رپورٹ، پولیس اعداد و شمار لاہور: سال 2025 کے 9 ماہ میں 83799 وارداتیں رپورٹ ہوئیں، پولیس اعداد و شمار۔ رواں سال کے 9 ماہ میں ڈکیتی قتل کی 3، سال 2025 میں 8 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد و شمار۔ رواں سال کے 9 ماہ میں اغواء برائے تاوان کی 9، سال 2025 میں 13 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد و شمار۔ رواں سال کے 9 ماہ میں قتل کی 222، سال 2025 میں 257 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد و شمار۔ رواں سال کے 9 ماہ میں اقدام قتل کی 408 وارداتیں، سال 2025 میں 525 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد و شمار، رواں سال کے 9 ماہ میں ڈکیتی کی 22، سال 2025 میں 40 وارداتیں رپورٹ، پولیس اعداد و شمار، رواں سال کے 9 ماہ میں راہزنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

خیبر پختونخوا دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی

صوبے میں گورننس، دہشت گردی اور عوامی مسائل کو پسِ پشت ڈال کر صوبائی حکومت لکی ایرانی سرکس میں مصروف ہے

خیبر پختونخوا کے عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ان کے مارچ کو لکی ایرانی سرکس میں تبدیل کر دیا

(رپورٹ جہانگیر خان مست خیل پشاور بیورو) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ صوبے میں گورننس، دہشت گردی اور عوامی مسائل کو پسِ پشت ڈال کر صوبائی حکومت لکی ایرانی سرکس میں مصروف ہے۔ خیبر پختونخوا دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے، لیکن صوبائی حکومت کی کارکردگی نظر نہیں آ رہی۔ صوبائی حکومت سرکس کے بجائے امن و امان، دہشت گردی کے خاتمے اور عوامی مسائل کے حل پر توجہ دے۔ گورنر ہاؤس پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ان کے مارچ کو لکی ایرانی سرکس میں تبدیل کر دیا۔ ان کے رہنما گھروں کو واپس چلے جاتے ہیں، جبکہ کارکنوں کو سڑکوں پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ صوبہ جل رہا ہے اور وزیر اعلیٰ عیاشیوں میں مصروف ہیں۔ صوبائی حکومت عوام کو بتائے کہ نیشنل ایکشن پلان پر اب تک کتنا عمل درآمد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

ہونہار اسکالرشپس، لیپ ٹاپس کی تقسیم کا حتمی شیڈول جاری، تقسیم اکتوبر اور نومبر کے مہینوں کے دوران کی جائے گی' وزیر تعلیم رانا سکندر حیات

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب حکومت نے صوبے کی تمام 9 ڈویژنز کے طلبہ و طالبات میں ہونہار اسکالرشپس اور لیپ ٹاپس کی تقسیم کا حتمی شیڈول جاری کر دیا۔ پنجاب کے صوبائی وزیر تعلیم رانا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65)

سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی شرح 11.97 فیصد پر پہنچ گئی

20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 6 سستی، 25 کی قیمتیں مستحکم رہیں

دال مسور 9.79 فیصد سستی ہوئی، ایک سال میں گڑ 8.59، دال مونگ 8.37 فیصد سستی ہوئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک میں ہفتہ وار بنیادوں پر مہنگائی میں 0.57 فیصد کے اضافے سے سالانہ بنیادوں پر 11.97 فیصد پر پہنچ گئی۔ وفاقی ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں 20 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ، 6 اشیاء سستی اور 25 کی قیمتیں مستحکم رہیں، ایک ہفتے میں آٹا 5.69 فیصد، مرغی 4.93 فیصد مہنگی ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق دال چنا 3.99 اور ٹماٹر 2.40 فیصد مہنگا ہوا، پیٹرول 2.40 فیصد، دال مسور 1.29 فیصد مہنگی ہوئی، چائے 1.08، پکی ہو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66)

پی ڈی ایم اے نے 14 اکتوبر تک بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صوبہ بھر میں 14 اکتوبر تک بارشوں بارے الرٹ جاری کر دیا۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق مغربی ہواؤں کا سلسلہ ہفتہ سے ملک کے بالائی علاقوں میں داخل ہونے کا امکان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

عالمی مالیاتی ادارے کی رپورٹ مسترد کر دینا کافی نہیں' چودھری سرور

پاکستان میں مہنگائی، بیروزگاری اور غربت تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہے' سابق گورنر پنجاب

روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے صنعتی، زرعی اور کاروباری پہیہ جام ہو چکا ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق گورنر پنجاب چودھری محمد سرور نے کہا ہے کہ پاکستان میں مہنگائی، بیروزگاری اور غربت تشویشناک حد تک بڑھ چکی ہے اس سے انکار ممکن نہیں ہے، بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے اعداد و شمار کو مسترد کرنے سے زمینی حقائق بدلیں گے اور نہ ہی فاقوں سے دوچار غریب شہریوں کو تسلی ملے گی، پہلے روزانہ کی بنیاد پر پٹرولیم مصنوعات بڑھ رہی تھیں اب آٹا روٹی کی قیمتیں بھی روزانہ کی بنیاد پر بڑھ رہی ہیں، مہنگائی، غربت اور بیروزگاری میں اضافہ کی بڑی وجہ مہنگی توانائی، سیاسی عدم استحکام، کرپشن، دہشت گردی اور سرخ فیتہ کلچر ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ کورونا، سیلاب اور جنگیں بیڈ گورننس کی ڈھال نہیں بن سکتیں، جب تک فنانشل مینجمنٹ کو بہتر نہیں بنایا جاتا، بہترین دماغوں کو پالیسی سازی کے مرکز میں داخل نہیں کیا جاتا تب تک یہ مسائل نہ صرف موجود رہیں گے بلکہ ان میں اضافہ ہوتا رہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)



پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر
LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے
شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail
dailysehar1@gmail.com

ہم چوہدری محمد ارشد وڑائچ صاحب کو عابد علی بٹ چیئرمین امانہ مال سے
-/2,798,155 روپے کا چیک ملنے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں
منجانب: انتظامیہ امانہ مال

Bank AL Habib Limited
LINK ROAD MODEL TOWN BRANCH, LAHORE
10869745
08102026
Pay Arshad Warraich
Rupees Two million seven hundred ninety eight thousand one hundred fifty five only
PKR 2,798,155/-
PK59 BAHL 0254 0081 0218 7001
AMANAH ESTATE (PRIVATE) LIMITED
Amanah Estate (Pvt) Ltd.
A.A.Butt